www.dailybolan.com

MEMBER APNS باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب' کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون وفیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | اتوار 16 اگست 2026، بمطابق 2 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 226

ملک کو مضبوط بنانے میں سابق فوجیوں کا کردار قابل تحسین ہے، فیلڈ مارشل

جنرل سید عاصم منیر کی جانب سے سابق فوجیوں کے اعزاز میں استقبالیہ دیا گیا، ریٹائرڈ فوجی افسران اور جوانوں کی شرکت

سابق فوجیوں کا پاک فوج کی قیادت پر اپنے اعتماد کا اظہار، ابھرتے سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے میں فوج کے لیے اپنی مسلسل حمایت کا اعادہ

راولپنڈی (این این آئی) یوم آزادی کے موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی جانب سے سابق فوجیوں کے اعزاز میں استقبالیہ دیا گیا جس میں بڑی تعداد میں ریٹائرڈ فوجی افسران اور جوانوں نے شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے ملکی دفاع کے لیے سابق فوجیوں کی خدمات اور کردار کو خراج تحسین پیش کیا اور قومی استقامت مضبوط بنانے میں ان کے کردار کو سراہا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پیچیدہ سیکیورٹی ماحول سے نمٹنے کے لیے سابق فوجیوں کا تجربہ اور (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

نئے صوبے قومی مسئلہ، مصلحت یا سیاست کی بھینٹ نہیں چڑھنا چاہیے، علیم خان

کوئی شک نہیں موجودہ حالات ملک بھر میں نئے ورکنگ آرڈر کے متقاضی ہیں

سیاستدان ذمے داریاں نبھاتے ہوئے نئے صوبوں کی اونرشپ لیں، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اور صدر استحکام پاکستان پار (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

جنوبی لبنان، اسرائیلی حملے میں 7 افراد جاں بحق

بیروت (این این آئی) جنوبی لبنان میں اسرائیلی حملے کے نتیجے میں 7 (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7 پر)

پیپلز پارٹی آزاد کشمیر میں ہار گئی تو الزام لگا دیا، مریم نواز

جتنی سازشیں (ن) لیگ کے خلاف ہوتی آئی ہیں شاید ہی کسی اور جماعت کے خلاف ہوئی ہوں

ہم نے پہلے دن سے کام کرنا ہے، پروٹوکول اور دعوتوں سے لطف اندوز نہیں ہونا، وزیر اعلیٰ پنجاب

مری (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

شمالی ڈیرہ بگٹی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی قبائلی عمائدین اور حلقے کی عوام سے حال احوال کر رہے ہیں

حکومت متاثرین کو ریلیف کیلئے ہر ممکن امداد فراہم کرتے ہوئے دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی، این ڈی ایم اے کو ہدایت

سیلاب متاثرین کو ہر ممکن امداد فراہم کرینگے، شہباز شریف

وزیر اعظم سے چیئرمین این ڈی ایم اے کی ملاقات، بارشوں کے پیش نظر سیلاب کی صورتحال کے حوالے سے آگاہ کیا

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں عوام کو ہر ممکن امداد اور ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں عوام کو ہر ممکن امداد اور ریلیف فراہم کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ ہفتہ کو وزیر اعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے ملاقات کی جس میں وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں عوام کو ہر ممکن امداد اور ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

عوام مسائل کا حل چاہتے ہیں ہنگامہ آرائی سے سروکار نہیں، نواز شریف

(ن) لیگ نے ہمیشہ مخالفین سے اچھا سلوک کیا، امید نہیں تھی پیپلز پارٹی کی طرف سے شکایت کا موقع ملے گا، (ن) لیگ کے اچھے امیدواروں کی شکست کے عوامل کو بھی دیکھنا ہوگا

انتخابات کے 2 مرحلوں میں (ن) لیگ کو کامیابی ملی، عوام نے ایک بار پھر ن لیگ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، اگر (ن) لیگ نے ڈلیور نہیں کیا تو یہاں کے لوگ ناراض ہوں گے

مری (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے کہا ہے کہ سیاسی مخالفت کو دشمنی میں نہیں بدلنا چاہیے، (ن) لیگ نے ہمیشہ مخالفین سے اچھا سلوک کیا، امید نہیں تھی پیپلز پارٹی کی طرف سے شکایت کا موقع ملے گا، (ن) لیگ کے اچھے امیدواروں کی شکست کے عوامل کو بھی دیکھنا ہوگا، انتخابات کے 2 مرحلوں میں (ن) لیگ کو کامیابی ملی، عوام نے ایک بار پھر ن لیگ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، اگر (ن) لیگ نے ڈلیور نہیں کیا تو یہاں (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

نئے صوبوں کا کوئی پلان نہیں، رانا ثنا اللہ

صرف بات کرنے سے یا پوڈ کاسٹ کرنے سے صوبے نہیں بن سکتے

9 مئی کے الزام کی وجہ سے بطور سیاسی جماعت پی ٹی آئی کو دھرنے کا حق حاصل نہیں ہے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ کا کہنا ہے کہ نئے صوبوں کے حوالے سے اب تک کوئی پلان نہیں بنایا گیا ہے، کوئی کہہ رہا ہے 12 صوبے ہوں گے، کوئی 32 اور کوئی 20 کہہ رہا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مقتدرہ نے ابھی (بقیہ نمبر 7 صفحہ 7 پر)

سیکیورٹی فورسز کی خضدار میں کارروائی 10 دہشتگرد ہلاک متعدد زخمی

سیکیورٹی فورسز کا دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

فورسز نے بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

راولپنڈی (بولان بیورو) سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر بلوچستان کے ضلع خضدار میں پہاڑی علاقے شور پرود میں کارروائی کی جہاں فائرنگ کے تبادلے کے دوران 10 دہشت گرد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ خضدار میں شور پرود کے پہاڑی سلسلے میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر فتنہ الہندوستان کی موجودگی کے خلاف فورسز نے آپریشن کیا، اس دوران دہشت گردوں کے مختلف ٹھکانوں کو گھیرے (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف سے چیئرمین NDMA لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک ملاقات کر رہے ہیں

تعلیم معاشرے کی ترقی اور نوجوانوں کے مستقبل کی بنیاد ہے، سرفراز بگٹی

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے آبائی علاقے شمالی ڈیرہ بگٹی پہنچ گئے، جہاں انہوں نے قبائلی عمائدین اور اپنے حلقے کے عوام سے ملاقات کی، روایتی بلوچی انداز میں حال احوال کیا اور علاقائی صورتحال سمیت عوام کو درپیش مسائل دریافت کیے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی ڈیرہ بگٹی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے، معیار کو یقینی بنانے اور مقررہ مدت کے اندر تکمیل کی ہدایت کی

شمالی ڈیرہ بگٹی (نمائندہ بولان): وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی ڈیرہ بگٹی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے، معیار کو یقینی بنانے اور مقررہ مدت کے اندر تکمیل کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی اور دیگر ضلعی افسران نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے یتیم اور نادار بچوں کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ اعلیٰ معیار کی تعلیم کی فراہمی کے لیے تعمیر کیے جانے والے اپنی نوعیت کے منفرد تعلیمی (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر احد چیمہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کا امن خراب کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دینگے، شاہد رند

بلوچستان، امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ بلوچستان میں امن کے دشمنوں کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے میڈیا و سیاسی امور شاہد رند نے خضدار اور قلات کے سرحدی علاقے شور پرود میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کارروائی میں 10 دہشت گردوں کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی بڑی کامیابی (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

38 سال گزرنے کے باوجود عوام قاتل کے متلاشی ہیں، محمد اعجاز الحق

جنرل ضیا نے پاکستان کی بقاء، اسلامی تشخص کیلئے ناقابل فراموش خدمات انجام دیں

افغانستان کیساتھ بہتر تعلقات کی ضرورت، مجاہدین، طالبان کے درمیان فرق کو سمجھنا ہوگا

موجودہ بحرانوں سے نکلنے کیلئے پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی قوتوں سے ڈائیلاگ، میثاق معیشت ناگزیر ہے

شہدائے بہاولپور کی 38 ویں برسی بارے پریس کانفرنس سے خطاب

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ضیا) کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی محمد اعجاز الحق نے کہا ہے کہ شہید صدر جنرل محمد ضیا الحق نے ملک میں اسلامی قوانین کے نفاذ، افغان جہاد اور پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے جیسی عظیم خدمات انجام دیں جنہیں تاریخ ہمیشہ یاد رکھے گی۔ 38 سال (بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر)

ن لیگ اجلاس، آزاد کشمیر میں نئی حکومت کی تشکیل پر غور

مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر وزارت عظمیٰ کے مضبوط ترین امیدوار، طارق فاروق، کرنل (ر) وقار اور راجہ فاروق حیدر بھی دوڑ میں شامل

آزاد کشمیر پارلیمانی پارٹی نے وزیر اعظم کے لیے فیصلے کا اختیار نواز شریف کو دیا ہے

مری (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں نواز شریف کی زیر صدارت ہونے والا اجلاس میں آزاد کشمیر حکومت سازی پر غور کیا گیا۔ صدر مسلم لیگ (ن) میاں نواز شریف نے اس اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف شریک (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

آسمان کی طرف دیکھ رہا ہوں، بے گناہ لوگ جیلوں میں قید ہیں، شیخ رشید

ملک میں مہنگائی، بے روزگاری اور غربت سمیت ملکی حالات سب کے سامنے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ بے گناہ لوگ جیلوں میں قید ہیں، بس اب آسمان کے ایک خدا کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید احمد نے کہا کہ ان کا بھتیجا بے گناہ ہے جسے 60 سال قید کی سزا سنائی گئی، وہ خود بیرون ملک تھے اور اسی دوران یہ سارا معاملہ پیش آیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی، بے روزگاری اور غربت سمیت (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ کی آئندہ ہفتے کی کازلسٹ جاری، 6 سنگل اور 2 ڈویژن بینچز تشکیل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ رجسٹرار آفس نے آئندہ ہفتے کی کازلسٹ جاری کر دی۔ کازلسٹ کے مطابق آئندہ ہفتے چھ سنگل بینچ دو ڈویژن بینچز دستیاب ہوں گے۔ کازلسٹ کے مطابق جسٹس خادم حسین سومرو اور جسٹس عمیر مجید ملک کا ڈویژن بینچ تشکیل دیا گیا ہے، اسی طرح (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

صدر زرداری کی جنوبی کوریا کی قیادت کو قومی دن پر مبارکباد

دونوں ممالک باہمی دلچسپی کے شعبوں بشمول سیاسی روابط، تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی سطح پر روابط میں تعاون کو وسعت دیتے رہیں گے، زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمہوریہ کوریا (جنوبی کوریا) کے صدر، لی جے میونگ، جنوبی کوریا کی حکومت اور عوام کو ان کے قومی دن اور یوم آزادی پر مبارکباد کا پیغام دیا۔ صدر مملکت نے اپنے خط میں اس بات کو اجاگر کیا کہ پاکستان جنوبی کوریا کے ساتھ اپنے دوستانہ تعلقات کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے باہمی اعتماد، قریبی تعاون ا (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

ایران امریکا کی دھمکیوں یا طاقت سے مرعوب نہیں ہوگا، کاظم غریب آبادی

تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز کو امریکی علاقہ قرار دینے سے متعلق ٹرمپ کے بیان کے جواب میں ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا کہ ایران امریکا کی دھمکیوں یا طاقت سے مرعوب نہیں ہوگا۔ غیر ملکی (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

پاکستان بنانے کیلئے جانیں، عصمتیں، جائیدادیں، گھر بار قربان کرنیوالوں کا کسی تقریب میں ذکر نہیں ہوا، سعد رفیق

محض جھنڈے لہرانا، ناچنا، گانا، ہلڑ بازی، ایکدوسرے کی تعریفوں میں قلابے ملانا ہی ہے تو یہ بے فکری و بے نیازی ملک و قوم کو بہت مہنگی پڑے گی

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ یوم آزادی کی شب سڑکوں پر بے ہنگم شور، نازیبا حرکات، لچر پن اور ہلڑ بازی کا ایسا طوفان بدتمیزی برپا رہا کہ اللہ کی پناہ، جو کوئی کسی کام سے گھر سے نکلا توبہ توبہ کرتا واپس آیا۔ پڑھے لکھوں، ان پڑھ، امیر، غریب، چھوٹے بڑے کی کوئی تمیز نہیں تھی۔ اپنے بیان میں اسلام آباد میں 13 اور 14 اگست کی درمیانی شب ایک سرکاری تقریب (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

سعودی عرب کی قیادت میں 13 ملکی بحری دفاعی اتحاد قائم

مقصد آبنائے باب المندب، بحیرہ احمر اور خلیج عدن میں آزادانہ اور محفوظ جہاز رانی کو یقینی بنانا ہے، عرب میڈیا

اتحاد میں بحرین، بنگلہ دیش، کوموروس، جبوتی، مصر، اردن، کویت، پاکستان، قطر، سعودی عرب، صومالیہ، سوڈان، ترکی اور یمن شامل ہیں

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی قیادت میں 13 ممالک نے (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

بیوروکریسی ہی اصل اور مستقل حکمران، کسی نے احتساب نہیں کیا، وزیر دفاع

ملک کی 78 سالہ تاریخ میں سیاست دانوں سمیت دیگر حکمران طبقات کا احتساب تو ہوا، بیوروکریسی کو کبھی اس طرح جوابدہ نہیں بنایا گیا، وزیر دفاع

1970 کی دہائی میں قومیانے کی پالیسی اختیار کی گئی اور بیوروکریسی نے ملک کے تمام کاروباری اداروں کا کنٹرول سنبھال لیا، اس کے بعد قومی تحویل میں لیے گئے اثاثے تباہ ہوگئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے بیوروکریسی کو پاکستان کے اصل اور مستقل حکمران قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی 78 سالہ تاریخ میں سیاست دانوں سمیت (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

پاکستان ریلوے کا ایم ایل ون سے کے آغاز کے لئے پیشرفت کرنے کا فیصلہ

مارکیٹ سے مشاورت کے دوسرے مرحلہ کا 8 ستمبر سے آغاز، ریویو فیز 30 اکتوبر 2026 تک مکمل کرنے کی ہدایت

ایم ایل ون پاکستان ریلوے کی ترقی اور جدید نظام کی بنیاد ہے، وزیر اعظم خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں' وزیر ریلوے حنیف عباسی

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلویز نے ایم ایل ون سے متعلق منصوبے (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

پاکستان کی اہمیت میں اضافہ، بھارت کا تنہا کرنے کا منصوبہ ناکام ہوگیا، ڈینیئل مارکی

بھارت کی جانب سے پاکستان کو علاقائی طور پر تنہا کرنے کی کوششیں ناکام ہوتی دکھائی دے رہی ہیں، امریکی ماہر خارجہ پالیسی

واشنگٹن (این این آئی) معروف امریکی خارجہ پالیسی ماہر ڈینیئل مارکی نے کہا ہے کہ پاکستان کی علاقائی عسکری اور سفارتی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے جبکہ بھارت کی جانب سے (بقیہ 20 صفحہ 7 پر)

افغان طالبان رجیم کا سیاہ دور، اختلاف رائے اور آزاد صحافت پر مکمل بند

صحافیوں کو گرفتاریوں، دھمکیوں، ہراسانی اور سینسر شپ جیسے سنگین مسائل کا سامنا رہا

کابل (این این آئی) طالبان رجیم کے پانچ سالہ دور میں صحافیوں کو گرفتاریوں، دھمکیوں، ہراسانی اور سینسر شپ جیسے سنگین مسائل کا سامنا رہا۔ ہیومن رائٹس واچ کے مطابق طالبان دو (بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر)

تعمیراتی شعبے کی ترقی کیلئے ڈویلپمنٹ بورڈ بنانے کی تجویز

سرکاری و نجی شعبوں کے نمائندوں پر مشتمل یہ بورڈ قومی معیار کو بلند کرنے کیلئے ایک متفقہ پلیٹ فارم کے طور پر کام کریگا، احد چیمہ

حکومت جلد ہی سرکاری ترقیاتی منصوبوں کے لیے معیاری ڈیفیکٹ لائبیلٹی پیریڈ ایک سال سے بڑھا کر تین سال کر دے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے تعمیراتی شعبے کی مزید ترقی کیلئے جامع ڈویلپمنٹ پیکیج پر غور شروع کر دیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ کی زیر صدارت قومی تعمیراتی شعبے میں اہم ریگولیٹری، آپریشنل اور مالیاتی اصلاحات کا جائزہ لینے کے اجلاس ہوا۔ اجلاس میں وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی، وفاقی سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کیپٹن (ر) محمود، مینجنگ ڈائریکٹر پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (پیپرا)، کنسٹرکشن ایسوسی ایشن آف پاکستان (کیپ) کی قیادت اور نمائندگان سمیت دیگر سینئر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ صنعت کی مکمل بحالی کے وسیع (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام دہشتگردی کیخلاف متحد ہیں، دنیش کمار

سینیٹر دنیش کمار کی صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

میر ضیا اللہ لانگو نے دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کیا، سینیٹر دنیش کمار

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم) سینیٹر دنیش کمار نے کھڈ کوچہ میں صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو پر ہونے والے بزدلانہ اور جان لیوا دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ میر ضیا اللہ لانگو نے اپنے آبا و اجداد کی بہادری، جرأت اور دلیری کی درخشاں روایت کو زندہ رکھتے ہوئے جس بے خوفی کے ساتھ دہشت گردوں کا مقابلہ کیا اور انہیں بھرپور جواب دیا، وہ قابلِ فخر اور قابلِ ستائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ میر ضیا اللہ لانگو نے ثابت کر دیا ہے کہ بلوچستان کے بہادر سپوت دہشت گردی کے سامنے نہ کبھی جھکے ہیں اور نہ آئندہ جھکیں گے۔ سینیٹر دنیش کمار نے حملے میں زخمی ہونے وا (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

سیدال خان کی ماہِ ربیع الاول کی آمد پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو مبارکباد پیش

موجودہ دور میں معاشرے کو درپیش مختلف مسائل کا مقابلہ باہمی احترام، اتحاد اور رواداری کے جذبے کو فروغ دے کر کیا جا سکتا ہے، ڈپٹی چیئرمین

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے ماہِ ربیع الاول کی آمد پر پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بابرکت مہینہ ہمارے لیے عقیدت، محبت اور روحانی وابستگی کا پیغام لے کر آتا ہے، ماہِ ربیع الاول ہمیں حضور اکرم کی مبارک سیرت اور آپ ؐ کی تعلیمات کو اپنی زندگیوں میں اختیار کرنے کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ اپنے بیان میں ڈپٹی چیئرمین (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

حوثی ملیشیا بحری گزرگاہوں کو یرغمال بنانے سے باز رہے، یمنی وزیر خارجہ

صنعا (این این آئی) یمنی وزیر خارجہ افراح الزوبہ نے المخا بندرگاہ پر حوثیوں کے حملے کی مذمت کی ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں خبردار (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

ثالث ممالک کیساتھ پیغامات کا مذاکرات نہیں، عباس عراقچی

مذاکرات دوبارہ شروع کرنے سے متعلق ابھی کوئی فیصلہ نہیں ہوا، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (این این آئی) عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ثالث ممالک پاکستان اور قطر ایران کے ساتھ پیغامات کا تبادلہ کر رہے ہیں، تاہم پیغامات کا تبادلہ جاری ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات ہو رہے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا تھا کہ امریکا کے ساتھ مذاکرات دوبارہ شروع کرنے سے متعلق ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

بہت جلد میں آبنائے ہرمز کو امریکا کا علاقہ قرار دینے کا اعلان کروں گا، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ بہت جلد میں آبنائے ہرمز کو امریکا کا علاقہ قرار دینے کا اعلان کروں گا۔ امریکی ٹی وی سے گفتگو میں انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکا ایران کو اقتصادی طور پر سخت نقصان پہنچائے (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

امریکا کی نئی جوہری پالیسی دنیا میں عسکری بالادستی قائم رکھنے کیلئے ہے، شمالی کوریا

امریکا کی نئی جوہری پالیسی سے دنیا میں ایٹمی ہتھیاروں کی نئی جنگ چھڑ جائے گی، بیان

پیانگ یانگ (این این آئی) بیلسٹک میزائل تجربہ اس وقت کیا گیا جب جاپانی وزیر خارجہ جنوبی کوریا کے دورے پر ہیں، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شمالی کوریا نے امریکا کی زیر غور نئی جوہری حکمت عملی کو عالمی سلامتی کے لیے خطرناک قرار دیتے ہوئے خبردار کیا کہ یہ پالیسی جوہری ہتھیاروں کی نئی دوڑ کو ہوا دے گی اور دنیا کو ایٹمی تصادم کے مزید قریب لے جا سکتی ہے۔ شمالی کوریا کی وزارت خارجہ کے (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

اسلام آباد، سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد بیرسٹر گوہر کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ٹرمپ نے یو ایس ایس ابراہم لنکن کی طویل تعیناتی پر خدشات مسترد کر دیئے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے یو ایس ایس ابراہم لنکن سے متعلق خدشات کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ طیارہ بردار بحری جہاز کی 260 سے زائد دنوں کی تعیناتی طویل نہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ نے کہا کہ طیارہ بردار جہاز اس وقت یا بہت جلد روانہ ہو رہا ہے، اس کی جگہ اسی نوعیت کا ایک اور جہا (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

بزدلانہ حملوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں ہو سکتے، حاجی علی مددجتک

حکومت، پولیس اور سیکیورٹی ادارے ملک و صوبے کے امن کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے رہیں گے

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا لانگو کے قافلے پر ہونے والے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔

کوئٹہ (بولان بیورو) صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا لانگو کے قافلے پر ہونے والے بزدلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ حملے میں میر ضیا لانگو محفوظ رہے ہیں جبکہ سیکیورٹی پر مامور اہلکار زخمی ہوئے۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ دہشت (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

امریکہ، اسرائیل اور بھارت مسلم ممالک کے خلاف سازشیں بند کریں

ثروت اعجاز قادری

عالمی طاقتوں کی جانب سے دوہرے معیار اپنانا نہ صرف عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے بین الاقوامی نظام پر بھی سوالیہ نشان کھڑا ہو رہا ہے

امت مسلمہ کے درمیان اختلافات اور تقسیم اسلام دشمن قوتوں کو فائدہ پہنچا رہی ہے، جبکہ اتحاد ان قوتوں کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے

کراچی (این این آئی) چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے اپنے جاری بیان میں امریکہ، اسرائیل اور بھارت کی جانب سے مسلم ممالک کے خلاف جاری سازشوں اور جارحانہ پالیسیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ قوتیں خطے اور دنیا کے امن کو تہہ و بالا کرنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ عالمی طاقتوں کی جانب سے دوہرے معیار اپنانا نہ صرف عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس سے بین الاقوامی نظام پر بھی سوالیہ نشان کھڑا ہو رہا ہے۔ ثروت اعجاز قادری کا مزید کہنا تھا کہ امریکہ کا بڑھتا ہوا جنگی جنون اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ طاقت کے بل بوتے پر دنیا کو کنٹرول کرنا چاہتا ہے، مگر تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ طاقت کا بے جا استعمال ہمیشہ تباہی کا باعث بنتا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر امریکہ نے اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی نہ کی تو یہ روش خود اس کے لیے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ دنیا اب بدل چکی ہے اور عالمی برادری یکطرفہ فیصلوں اور جارحانہ اقدامات کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔ اسرائیل کی جانب سے فلسطینی عوام پر مظالم اور بھارت کی طرف سے خطے میں بڑھتی ہوئی جارحیت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ یہ قوتیں انسانی حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی کر رہی ہیں۔ عالمی اداروں سے مطالبہ ہے کہ وہ ان مظالم کا نوٹس لیں اور مظلوم اقوام کو انصاف فراہم کریں۔ مرکزی صدر پاکستان سنی تحریک صاحبزادہ علامہ بلال عباس قادری نے اپنے جاری بیان میں کہا کہ امریکہ کی جانب سے کیے جانے والے دعوے، جن میں امن، جمہوریت اور انسانی حقوق کا ذکر کیا جاتا ہے، اب محض نعرے بن کر رہ گئے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ امریکی پالیسیاں دنیا میں بدامنی، انتشار اور عدم استحکام کو فروغ دے رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر اب ان دعووں کی حقیقت کھل کر سامنے آ چکی ہے اور دنیا کے باشعور حلقے ان پالیسیوں کو مسترد کر رہے ہیں۔ بلال عباس قادری نے مزید کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ دنیا میں انصاف اور مساوات کی بنیاد پر فیصلے کیے جائیں تاکہ پائیدار امن قائم ہو سکے۔ اگر عالمی طاقتیں اپنی پالیسیوں میں توازن پیدا نہ کر سکیں تو دنیا مزید بحرانوں کا شکار ہو سکتی ہے۔ مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان سنی تحریک صاحبزادہ بلال سلیم قادری شامی نے اپنے بیان میں زور دیا کہ مسلم ممالک کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا ناگزیر ہو چکا ہے۔ امت مسلمہ کے درمیان اختلافات اور تقسیم اسلام دشمن قوتوں کو فائدہ پہنچا رہی ہے، جبکہ اتحاد ان قوتوں کے لیے سب سے بڑا خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی مسلم دنیا اتحاد کی طرف قدم بڑھاتی ہے تو مخالف قوتیں خوفزدہ ہو جاتی ہیں کیونکہ انہیں معلوم ہے کہ متحدہ امت کو شکست دینا ممکن نہیں۔ مسلم ممالک کو چاہیے کہ وہ سیاسی، معاشی اور دفاعی میدان میں باہمی تعاون کو فروغ دیں اور مشترکہ حکمت عملی کے تحت عالمی چیلنجز کا مقابلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ او آئی سی اور دیگر عالمی فورمز کو فعال کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ مسلم دنیا کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کیا جا سکے۔ پاکستان سنی تحریک کے مرکزی رہنماں کا کہنا تھا کہ مسلم حکمرانوں کو ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر امت کے وسیع تر مفاد میں فیصلے کرنے ہوں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوان نسل کو بھی اتحاد، شعور اور بیداری کے پیغام کو عام کرنا ہوگا

مولانا شاہ محمد صدیقی نے مختلف سیاسی و سماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیتیں کی

مولانا شاہ محمد صدیقی نے دارو ہوٹل کے مقام پر جمعیت علمائے اسلام کے دیرینہ ساتھی گلاب خان مری کی وفات پر تعزیت کی

حب (پ ر) جمعیت علمائے اسلام ضلع حب کے سیکریٹری جنرل و کونسلر حب مولانا شاہ محمد صدیقی نے مختلف سیاسی و سماجی شخصیات سے ان کے پیاروں کے انتقال پر تعزیتیں کی اور مرحومین کے ایصال ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی مولانا شاہ محمد صدیقی نے دارو ہوٹل کے مقام پر جمعیت علمائے اسلام کے دیرینہ ساتھی گلاب خان مری کی وفات پر تعزیت کی، جامعہ عثمانیہ حب کے بانی مولانا محمد صادق کے بھائی محمد خان کی وفات پر ان کے بھانجے مولانا امان اللہ اور جامعہ کے اساتذہ سے تعزیت کی جھاؤ پاڑا حب میں جامعۃ العلوم الشرعیہ حب کے استاد قاری عبدالناصر کی والدہ کی وفات پر تعزیت کی اکرم کالونی حب میں بھوتانی گروپ کے رہنما لاڈلا نوید کے چچا کی وفات پر تعزیت کی مولانا شاہ محمد صدیقی نے مرحومین کے ایصال ثواب کے دعائے مغفرت کی اس موقع پر جمعیت علمائے اسلام ضلع حب کے ضلعی نائب امیر حافظ ہدایت اللہ اور مولانا عبدالمجید زہری بھی ان کے ہمراہ تھے

راولپنڈی، رخصتی کے دن گھر سے بھاگ کر شادی کرنے پر لڑکی قتل، ملزم بھائی گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے شہر گوجر خان میں 2 روز قبل اپنی بہن کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم پر الزام ہے کہ اس نے پسند کی شادی کرنے پر اپنی بہن کو قتل کیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ کا مقدمہ لڑکی کے والد کی مدعیت میں تھانہ گوجر خان میں درج کیا گیا ہے۔

بی اے ایف پبلک اسکول بیلہ کی ایکٹنگ پرنسپل عابدہ اسماعیل سکول کی معطل ٹیچرز محترمہ آمنہ محترمہ عالیہ اور انم کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

میونسپل کمیٹی ٹھٹھہ کی جانب سے ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد

شہریوں، معززین شہر اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھرپور شرکت کی

ٹھٹھ (رپورٹ واحد شورو) جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں میونسپل کمیٹی ٹھٹھہ کی جانب سے ایک پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں، معززین شہر اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں پاکستان کے یومِ آزادی کی مناسبت سے قومی پرچم کشائی، ملی جذبات اور وطن سے محبت کے اظہار کے ساتھ مختلف پروگرام پیش کیے گئے۔ اس موقع پر ٹھٹھہ کے ایک معزز گھرانے سے وابستہ معصوم بچیوں آئرا ایاز اور شاہ نور ایاز شاہ نے جشنِ آزادی کے حوالے سے پرجوش اور خوبصورت تقاریر کیں۔ ننھی مقررین نے اپنی تقاریر میں پاکستان کی آزادی کی جدوجہد، قائداعظم محمد علی جناح اور تحریکِ پاکستان کے رہنماں کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ نئی نسل اپنے وطن کی ترقی، خوشحالی اور سلامتی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی

صوابی، باپ بیٹوں سمیت 5 افراد دریائے سندھ میں نہاتے ہوئے ڈوب گئے

صوابی (این این آئی) صوابی میں دریائے سندھ میں نہاتے ہوئے 5 افراد ڈوب گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق صوابی میں دریائے سندھ میں نہاتے ہوئے 5 افراد ڈوب گئے جن میں باپ اور اس کے 2 بیٹے بھی شامل ہیں۔ ریسکیو ذرائع نے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں فوری موقع پر پہنچیں اور ڈوبنے والوں کی تلاش کے لیے آپریشن شروع کر دیا گیا اسی حوالے سے ریسکیو 1122 کے ترجمان لقمان خان نے بتایا

حب۔ وکلا برادری کا مبینہ طور پر حب پولیس کی جانب سے غیر مناسب رویے کے خلاف احتجاج کا سلسلہ جاری ہے

یوم آزادی کے سلسلے میں سرکٹ ہاس سبی میں ایک پروقار پرچم کشائی تقریب کا انعقاد کیا گیا

سبی میں بھی یوم آزادی پاکستان قومی جوش و جذبے، عقیدت اور حب الوطنی کے شاندار اظہار کے ساتھ منایا گیا

سبی (رپورٹ۔ اللہ یار ڈومکی) ملک بھر کی طرح سبی میں بھی یوم آزادی پاکستان قومی جوش و جذبے، عقیدت اور حب الوطنی کے شاندار اظہار کے ساتھ منایا گیا۔ یوم آزادی کے سلسلے میں سرکٹ ہاس سبی میں ایک پروقار پرچم کشائی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں قومی پرچم سربلند کیا گیا اور وطن عزیز کی سلامتی، استحکام، ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں تقریب میں کمشنر سبی ڈویژن اسداللہ فیض، ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سبی رینج پرویز خان عمرانی، کمانڈنٹ سبی اسکاٹس منیر احمد، ڈپٹی کمشنر سبی میجر) ر (الیاس کبزی، ایس ایس پی سبی عبدالحمید اعوان اور زونل کمانڈر بلوچستان کانسٹیبلری سبی زون شیر الزمان خلجی نے مشترکہ طور پر سبز ہلالی پرچم بلند کیا۔ پرچم کشائی کے موقع پر پولیس اور اسکول بینڈ کے دستوں نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی، جبکہ فضا پاکستان زندہ باد اور قومی یکجہتی کے نعروں سے گونج اٹھی تقریب میں قبائلی و سیاسی رہنما سردار زادہ میر حیر بیار خان ڈومکی، سابق نگراں وزیر اعلی بلوچستان میر علی مردان خان ڈومکی کے فرزند میر روحیل خان ڈومکی، چیئرمین میونسپل کمیٹی سردار محمد خان مجک، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو، ڈویژنل فارسٹ آفیسر سید طارق شاہ، اسسٹنٹ کمشنر لہڑی ملک بہادر بنگلزئی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر قادر ہارون، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لہڑی لیاقت علی لغاری، مختلف اسکولوں کے ہیڈ ماسٹرز و ہیڈ مسٹریسز، اساتذہ، طلبہ و طالبات، علاقائی معتبرین، معززین، سیاسی و سماجی شخصیات، علما کرام اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، جس کے بعد قومی پرچم کشائی ہوئی اور یوم آزادی کی خوشی میں کیک کاٹا گیا۔ طلبہ و طالبات نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی، جبکہ مختلف اسکولوں کے طلبہ و طالبات نے ملی نغمے، ٹیبلو اور تقاریر پیش کر کے پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار کیا۔ طلبہ نے چاروں صوبوں کی ثقافت کو اجاگر کرتے ہوئے خوبصورت ثقافتی پروگرام بھی پیش کیا جسے شرکا نے بھرپور سراہا اس موقع پر کمشنر سبی ڈویژن اسداللہ فیض اور قبائلی معتبر شخصیت سردار زادہ میر حیر بیار خان ڈومکی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم آزادی محض جشن منانے کا دن نہیں بلکہ تجدید عہد، وطن سے وفاداری اور پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے اپنے عزم کو تازہ کرنے کا دن ہے۔ آزادی ایک عظیم نعمت ہے جس کی قدر و حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے مقررین نے کہا کہ پاکستان بے شمار قربانیوں کے نتیجے میں معرض وجود میں آیا، اس لیے ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو یاد رکھتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ نوجوان نسل خصوصا طلبہ و طالبات پاکستان کا روشن مستقبل ہیں

پراپرٹی ڈیلنگ کی آڑ میں سٹے بازی کا نیٹ ورک بے نقاب، 5 ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) لوئر مال پولیس نے پراپرٹی ڈیلنگ کی آڑ میں قمار بازی کا اڈہ چلانے والے گروہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزمان باہمی ملی بھگت سے سٹے بازی کا نیٹ ورک چلا رہے تھے۔ گرفتار ملزمان میں ریکارڈ یافتہ ملزم الیاس، احمد حسن، ندیم، قیوم اور نعیم شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق الیاس سٹے بازی کے ساتھ ساتھ سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری ملزمان کو پناہ بھی فراہم کرتا تھا

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 2 لاکھ 72 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 71 ہزار 600 کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 30 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 30 ہزار 500 کیوسک، خیر آباد پل آمد رہی

جشن آزادی کے سلسلے میں معروف تعلیمی ادارے دی رینائسنس اسکول اینڈ کالج بدین میں منعقدہ تقریب میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے بچے

جشن آزادی کی تقریبات کا سلسلہ جاری

معروف تعلیمی ادارے دی رینائسنس اسکول اینڈ کالج بدین میں شاندار تقریب کا انعقاد۔

بدین (نامہ نگار) بدین کے معروف تعلیمی ادارے دی رینائسنس اسکول اینڈ کالج بدین میں پاکستان کے 79 ویں یومِ آزادی کے موقع پر ایک شاندار، باوقار اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلبہ و طالبات نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کرتے ہوئے تقریب کو یادگار بنا دیا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک اور نعتِ رسولِ مقبول ﷺ سے ہوا، جس کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا۔ سبز ہلالی پرچم کی سربلندی، ملی نغموں کی گونج اور بچوں کے پرجوش نعروں نے پورے ماحول کو حب الوطنی کے رنگ میں رنگ دیا۔ تقریب کی خاص بات طلبہ کی جانب سے پیش کیے جانے والے خوبصورت ٹیبلو، شاندار جمناسٹک، ملی نغمے، تقاریر اور دیگر رنگا رنگ پروگرام تھے۔ ننھے اور بڑے طلبہ نے نہایت اعتماد، نظم و ضبط اور محنت کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ ٹیبلوز میں پاکستان کی تاریخ، آزادی کی جدوجہد، قومی یکجہتی اور وطن سے محبت کے خوبصورت مناظر پیش کیے گئے، جنہیں حاضرین نے بے حد سراہا۔ جمناسٹک کے مظاہرے نے تقریب میں جوش و جذبے کی ایک نئی لہر پیدا کر دی۔ طلبہ نے بہترین جسمانی توازن، پھرتی، نظم و ضبط اور ٹیم ورک کا مظاہرہ کرتے ہوئے ثابت کیا کہ تعلیم کے ساتھ جسمانی تربیت بھی ایک متوازن شخصیت کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔

راولپنڈی میں میانوالی کے سب انسپکٹر کی کمرے سے لاش برآمد، واقعہ کی تحقیقات شروع

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے علاقہ سوانس کے رہائشی پنجاب پولیس راولپنڈی کے سب انسپکٹر محمد اکرم خان کی لاش مبینہ طور پر رہائشی کمرے سے برآمد ہوئی ہے، محمد اکرم خان راولپنڈی کے علاقہ ڈھوک حسو میں وی وی آئی پی سکیورٹی اسپیشل برانچ میں تعینات تھے۔ ذرائع کے مطابق اطلاع ملنے پر تھانہ رتہ امرال راولپنڈی پولیس موقع پر پہنچی تو کمرہ اندر سے خون سے آلودہ تھا، جبکہ لاش تقریباً ایک روز پرانی معلوم ہوئی۔ پولیس نے لاش قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کر دی

اے این ایف کا منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 2 خواتین سمیت 11 ملزمان گرفتار

کارروائیوں کے دوران 1 کروڑ 27 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 84.975 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس کی جانب سے ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، 8 کارروائیوں کے دوران 2 خواتین سمیت 11 ملزمان گرفتار کر کے 1 کروڑ 27 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 84.975 کلوگرام منشیات برآمد کر لی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق کراچی کوریئر آفس میں نیوزی لینڈ جانے والے پارسل سے کپڑوں میں جذب 2.900 کلوگرام آئس برآمد ہوئی، اسلام آباد ایئرپورٹ پر جدہ جانے والے ملزم اور ملزمہ کے پیٹ سے 200 گرام وزنی کوکین بھرے 10 کیپسول برآمد، سنگجانی ٹول پلازہ کے قریب گاڑی سے 60 کلوگرام افیون برآمد کر کے 2 ملزمان گرفتار، اسلام آباد ٹول پلازہ کے قریب گاڑی سے 10.8 کلوگرام چرس برآمد کر کے ملزم گرفتار، جی ٹی روڈ پشاور پرانسٹیٹوٹ کے قریب موٹر سائیکل سوار ملزم سے 4.8 کلوگرام چرس برآمد، سنگجانی ٹول پلازہ کے قریب ایک اور کارروائی کے دوران گاڑی سے 3.6 کلوگرام چرس برآمد کر کے 2 ملزمان گرفتار، راوی ٹول پلازہ لاہور کے قریب موٹر سائیکل سوار 2 ملزم اور ملزمہ کے قبضے سے 1.140 کلو گرام وزنی 120 آئس اور 635 گرام وزنی 127 ہیروئن بھرے کیپسول برآمد اور اسپینی روڈ کوئٹہ پر واقع کوریئر آفس میں پارسل سے پلاسٹک کار میں چھپائی گئی 900 گرام آئس برآمد کی گئی۔

زیارت، گورنمنٹ ماڈل اسکول میں جشن آزادی کی تقریب سے ہیڈ ماسٹر خطاب کر رہے ہیں

بی اے ایف پبلک اسکول بیلہ ایک نجی تعلیمی ادارہ ہے، عابدہ اسماعیل

اس ادارے نے ہزاروں طلبہ و طالبات کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کیا اور علاقے میں علم کی شمع روشن رکھی

بیلا (نمائندہ بولان) بی اے ایف پبلک اسکول بیلہ ایک نجی تعلیمی ادارہ ہے، جو کئی دہائیوں سے اپنی شاندار تعلیمی کارکردگی، بہترین نتائج اور معیاری تعلیم کے باعث بیلہ کی ایک مثالی درسگاہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس ادارے نے ہزاروں طلبہ و طالبات کو زیورِ تعلیم سے آراستہ کیا اور علاقے میں علم کی شمع روشن رکھی۔ ان خیالات کا اظہار بلوچستان پبلک فاونڈیشن ہائی سکول بیلا کی ایکٹنگ پرنسپل عابدہ اسماعیل نے ہفتہ کے روز سکول کی معطل ٹیچرز محترمہ آمنہ محترمہ عالیہ اور انم کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ تقریبا ایک سال سے انتظامی تنازعات اور غیر ضروری مداخلت کے باعث اس عظیم تعلیمی ادارے کو شدید بحران سے دوچار کیا گیا۔ معاملہ معزز عدالتِ عالیہ بلوچستان کے روبرو پہنچا اور بالآخر 15 جولائی 2026 کو معزز عدالت نے ایک واضح فیصلہ صادر فرمایا عدالتِ عالیہ کے فیصلے کے مطابق اسکول کے انتظامی معاملات گورننگ باڈی کے سپرد کیے گئے اور مجھے بطور ایکٹنگ پرنسپل اپنے فرائض سرانجام دینے کا حق برقرار رکھا گیا۔ اس فیصلے کے بعد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اسکول کے معاملات میں مداخلت کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ عدالتی فیصلے کی روح کے مطابق عمل درآمد کرنے کے بجائے اسکول کو تالے لگا کر بند کر دیا گیا مزید افسوس ناک امر یہ ہے کہ عدالتی فیصلے کے بعد 25 جولائی 2026 کو اسکول کے تالے توڑ کر نئے تالے لگائے گئے۔ جس پر ہم نے پولیس کو کارروائی کے لیے درخواست دی اور کارروائی نہ کرنے پر اس معاملے پر ہم نے معزز سیشن کورٹ سے رجوع کرتے ہوئے مقدمہ کے اندراج کے لیے درخواست دائر کر رکھی ہے، جبکہ اسکول کے بینک اکاؤنٹ میں مبینہ ردوبدل اور رقم نکالنے کے معاملے پر بھی متعلقہ فورم سے رجوع کیا گیا ہے، جو زیر سماعت ہے 13 اگست کا واقعہ مورخہ 13 اگست 2026 کو ایک خود ساختہ انتظامیہ کی جانب سے اسکول کھولنے کا پیغام جاری کیا گیا۔ اسکول کچھ دیر کے لیے کھولا گیا، لیکن بعد ازاں دوبارہ بند کر دیا گیا اس دوران اسکول کے مرکزی دروازے پر لیڈیز کانسٹیبلان تعینات کی گئیں۔ ہماری معلومات کے مطابق انہیں یہ ہدایات دی گئی تھیں کہ ہمیں اسکول کے اندر داخل نہ ہونے دیا جائے ہم نے پولیس سے صرف اتنا مطالبہ کیا کہ ہمیں بتایا جائے کہ کس تحریری حکم یا قانونی اختیار کے تحت ہمیں اسکول میں داخل ہونے اور اپنے فرائض سرانجام دینے سے روکا جا رہا ہے ہم نے اس حکم کی تحریری نقل طلب کی، لیکن تاحال ہمیں وہ تحریری حکم فراہم نہیں کیا گیا آج بھی جب ہم اپنے قانونی اور انتظامی فرائض کی ادائیگی کے لیے اسکول پہنچے تو پولیس کے ذریعے ہمارے راستے میں رکاوٹ پیدا کی گئی، حالانکہ ہمارے پاس معزز عدالت عالیہ بلوچستان کا واضح فیصلہ موجود ہے یہ صورتحال انتہائی تشویش ناک ہے پولیس کا بنیادی کام امن و امان برقرار رکھنا اور قانون کی عملداری یقینی بنانا ہے۔ اگر کوئی عدالتی حکم موجود ہے تو پولیس کا فرض ہے کہ اس پر عمل درآمد کے لیے تحفظ فراہم کرے

سوراب میں خشک سالی، پانی کا بحران سنگین، نماز استسقا کی اپیل

بارش نہ ہونے کی صورت میں آنے والے دنوں میں پانی کا بحران مزید شدت اختیار کرنے کا خدشہ ہے

سوراب (نامہ نگار) شہر اور گردونواح میں بارشیں نہ ہونے کے باعث خشک سالی کی صورتحال سنگین ہو گئی ہے، جبکہ زیر زمین پانی کی سطح تیزی سے گرنے کے باعث متعدد ٹیوب ویلز خشک ہونے لگے ہیں۔ پانی کی قلت کے باعث شہریوں اور دیہی علاقوں کے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مقامی سطح پر پانی کی سطح میں مسلسل کمی پر تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے، جبکہ بارش نہ ہونے کی صورت میں آنے والے دنوں میں پانی کا بحران مزید شدت اختیار کرنے کا خدشہ ہے۔ اس صورتحال کے پیشِ نظر سوراب کے تمام جید علما کرام، ائمہ مساجد اور دینی شخصیات سے مدبانہ اپیل کی گئی ہے کہ شہر میں نمازِ استسقا کا اہتمام کیا جائے۔

پہلا آل حب لسبیلہ بھوتانی کاروان T20 کرکٹ کلب کلر کرکٹ ٹورنامنٹ 2026

سنسنی خیز مقابلہ جام میر غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم حب میں کھیلا گیا

حب (نمائندہ بولان) پہلا آل حب لسبیلہ بھوتانی کاروان T20 کرکٹ کلب کلر کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کے سلسلے میں ایک سنسنی خیز مقابلہ جام میر غلام قادر کرکٹ اسٹیڈیم حب میں کھیلا گیا، جہاں نیشنل کمبائنڈ کرکٹ کلب نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے سردار MBM کو 9 رنز سے شکست دے دی۔ اسکور کارڈ کے مطابق نیشنل کمبائنڈ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 19,5 اوورز میں 189 رنز بنائے، جبکہ سردار MBM کی ٹیم 180 رنز پر آل آؤٹ ہو گئی۔ نیشنل کمبائنڈ کی جانب سے محمد دین نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 69 رنز بنائے، جبکہ والی خان نے 62 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، بولنگ میں مشتاق شاہ نے تباہ کن اسپیل کرتے ہوئے 4 اوورز میں 34 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں اور اپنی ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا دوسری جانب سردار MBM کی طرف سے والی خان نے 62 اور دیدگ شاہ نے 37 رنز بنائے، تاہم ٹیم ہدف حاصل کرنے میں ناکام رہی

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر وریندر لعل و کرنل رضوان طیب تعمیر ہونیوالے فلٹریشن پلانٹس کا جائزہ لے رہے ہیں

شہدا کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں، میر سلیم خان کھوسہ

بلوچستان کے عوام نے ملک اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے کھوسہ ہاس صحبت پور میں یوم آزادی کے حوالے سے منعقدہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام نے ملک اور صوبے میں امن کے قیام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں ایف سی، پولیس اور دیگر سیکیورٹی فورسز کے جوانوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے بہادری اور حب الوطنی کی عظیم مثال قائم کی ہے۔ ان شہدا کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں اور قوم اپنے شہدا کو کبھی فراموش نہیں کرے گی انہوں نے کہا کہ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ دہشت گردی خوف اور بدامنی کے ذریعے پاکستان یا بلوچستان کو کمزور کیا جا سکتا ہے وہ احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں ایسے عناصر کے مذموم عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہوں گے بلوچستان کے عوام بہادر ہیں انہیں گھبرانے کی ضرورت نہیں، پوری قوم اور عوام اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑے ہیں صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سابق وزرائے اعلی نے بھی صوبے کی ترقی کے لیے اہم خدمات انجام دی ہیں تاہم موجودہ وزیر اعلی میر سرفراز بگٹی جس عزم حوصلے اور جرات کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں آگے بڑھ کر کردار ادا کر رہے ہیں وہ قابلِ تحسین ہے۔

تنظیم اساتذہ اور اسلامی جمعیت طلبہ کی جانب کھوسکی شہر میں جشن آزادی کی تقریب کا انعقاد

ضلعی امیر انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی، پروفیسر عبدالحفیظ احمدانی اور دیگر کی شرکت

بدین (نامہ نگار) امیر جماعت اسلامی ضلع بدین انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی نے کہا ہے کہ 14 اگست تجدید عہد کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے کہ جو ہمارے آبا اجداد نے قیام پاکستان کی تحریک کے دوران دی تھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز یوم آزادی کے حوالے سے تنظیم اساتذہ اور اسلامی جمعیت طلبہ کی جانب کھوسکی شہر میں منعقد ہونے والی تقریب کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر تنظیم اساتذہ سندھ کے سکریٹری پروفیسر عبدالحفیظ احمدانی تنظیم اساتذہ ضلع بدین کے صدر پروفیسر راو اعظم جماعت اسلامی ضلع بدین کے جنرل سکریٹری عبدالکریم بلیدی الخدمت فانڈیشن ضلع بدین کے صدر غلام رسول احمدانی جنرل سکریٹری سلیم جونیجو۔ کسان بورڈ سندھ کے نائب صدر علی اکبر بھوت بھی موجود تھے۔ جماعت اسلامی ضلع بدین کے امیر انجینئر سید علی مردان شاہ گیلانی نے کہا کہ کس قدر افسوس کی بات ہے کہ وطن عزیز پاکستان کو اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال کے خوابوں کا پاکستان نہ بنا سکے۔ قائدین کے واضح فرمودات کو بھلا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا

گدر گندان واقعہ آزاد و غیر جانبدار کمیشن تشکیل دیا جائے، نوابزادہ میر نعمت اللہ زہری

واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کے لیے ایک آزاد اور غیر جانبدار کمیشن تشکیل دیا جائے

سوراب (نامہ نگار) سابق صوبائی وزیر نوابزادہ میر نعمت اللہ خان زہری نے گدر گندان کے المناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے بے گناہ خواتین، معصوم بچوں اور بزرگوں کی شہادت کو ظلم کی انتہا اور انتہائی افسوسناک قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں نوابزادہ میر نعمت اللہ خان زہری نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کے لیے ایک آزاد اور غیر جانبدار کمیشن تشکیل دیا جائے تاکہ واقعے کے اصل حقائق اور معاملات کو تحقیقات کے ذریعے عوام کے سامنے لایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ اور غمزدہ خاندانوں کے ساتھ برابر کے شریک ہیں اور متاثرین کے دکھ میں ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔

ٹرمپ سن لے ہمارے وزیراعظم شہباز شریف ہیں

سہیل آفریدی

تین سال سے جاری سیاسی انتقام کے باوجود قومی مفاد میں اجلاس میں شرکت کا فیصلہ کیا، بند کمروں میں فیصلوں کا کسی کو علم نہیں، اثر ایک جماعت نہیں پورے ملک پر پڑے گا، سہیل آفریدی

بانی پی ٹی آئی کو غیر ضروری صرف عوام کر سکتی ہے، اپنے زور باو پر ملک کو حقیقی آزادی دلائینگے، جنید اکبر اور مزمل اسلم کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے امریکی صدر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے وزیر اعظم شہباز شریف ہیں، اسرائیل اور امریکہ کبھی نہیں چاہئیں گے کہ پاکستان ترقی کرے، کونسا یہودی یہ چاہے گا کہ اسلامی ایٹمی قوت ترقی کرے۔ وہ پی ٹی آئی کے صوبائی صدر جنید اکبر اور خیبر پختونخوا کے مشیر خزانہ مزمل اسلم کے ہمراہ سہیل آفریدی نے مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے تھے۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ میں ڈونلڈ ٹرمپ کو کہنا چاہونگا کہ ہمارے وزیر اعظم شہباز شریف ہیں، اسرائیل اور امریکہ کبھی نہیں چاہئیں گے کہ پاکستان ترقی کرے، کونسا یہودی یہ چاہے گا کہ اسلامی ایٹمی قوت ترقی کرے۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو غیر ضروری صرف عوام کر سکتی ہے اور ہم اپنے زور بازو پر ملک میں حقیقی آزادی لے کر آئیں گے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ صوبے کے عوام کے ساتھ وفاق سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا ہے، ہم نے ایف سی کا مقدمہ رکھنا تھا مگر میٹنگ نہیں کی گئی۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے مشیر خزانہ مزمل اسلم اور پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے صدر جنید اکبر کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس میں کہا کہ پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت، بانی پی ٹی آئی، بشریٰ بی بی اور ان کی بہنوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے ایسا ماضی میں کبھی نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کو دیوار کے ساتھ لگایا جا رہا اور بانی پی ٹی آئی کے ساتھ مسلسل ظلم ہو رہا ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ آج وفاقی حکومت نے این ایف سی کے حوالے سے میٹنگ بلائی مگر اسکو بغیر وجہ بتائے منسوخ کر دیا گیا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ بند کمروں میں فیصلے ہو رہے ہیں اور ان کا علم کسی کو نہیں ہے، جو فیصلہ ہو رہا ہے اس کا اثر ایک خاندان یا ادارے پر نہیں بلکہ پورے پاکستان پر پڑے گا، پوری پاکستانی قوم نے ووٹ بانی پی ٹی آئی کو دیا ہے اور عوام چاہتے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی ملک کے فیصلے کریں۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی یا ان کی پارٹی کو اعتماد میں نہیں لیا گیا اور نہ کوئی خبر ہے، توانائی بحران کے نام پر جو اقدامات آپ آج کیے جا رہے ہیں وہ ہم کورونا کے دور میں کر چکے ہیں اس حوالے سے پی ٹی آئی سے بھی مشاورت کر لی جاتی تو بہتر تھا۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ حکومت سات ماہ بعد پانچ ارب ڈالر قرضہ لے کر جہاز خرید لیتی ہے اور پھر غیر ملکی پائلٹ رکھے جاتے ہیں جن کو کروڑوں کی تنخواہ دی جاتی ہے، ان کی شاہ خرچیاں ختم نہیں ہو رہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بند کمروں میں فیصلہ کرنے والوں کو سوچنا چاہیے، ہمارا تجارتی خسارہ بیس ارب ڈالر سے تجاوز کر چکا ہے، نوجوان ملک سے بھاگنے کا طریقہ ڈھونڈ رہا ہے، زرعی گروتھ بھی منفی میں جا رہا ہے، مزید پاکستانیوں کو تباہ کرنا ہے

کلی ہرو کے مقامی مدرسہ میں ایک روزہ بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد

کیمپ کا افتتاح دعائے خیر سے کی گئی، اور مقام عالم دین حافظ مجیب الرحمان نے خون دینے کی اہمیت پر گفتگو کی

خاران (رپورٹ محمد عیسی محمد حسنی) اقرا بلڈ بینک اینڈ فاونڈیشن خاران کے زیر اہتمام کلی ہرو کے مقامی مدرسہ میں ایک روزہ بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا کیمپ کا افتتاح دعائے خیر سے کی گئی، اور مقام عالم دین حافظ مجیب الرحمان نے خون دینے کی اہمیت پر گفتگو کی، جبکہ علاقائی نوجوانوں و دیگر نے تھلیسمیہ و دیگر مریضوں کے لیئے خون عطیہ کی، اور بڑھ چڑھ کر کیمپ میں حصہ لیا، ادارے کے بانی و سماجی کارکن طارق رفیق بلوچ نے کہا کہ اقرا بلڈ بینک اینڈ فاونڈیشن خاران اپنی مدد آپ کے تحت چلنے والا ادارہ ہے جو کہ ہر سال ڈونر ڈے کو خاران شہر میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کرتی ہے جبکہ شہر سے باہر پہلی مرتبہ کلی ہرو میں کیمپ کا انعقاد کیا گیا جسمیں تھلیسمیہ و دیگر مریضوں کے لیئے خون کے عطیات جمع کی گئی، کیونکہ ادارے کا مقصد کسی بھی انسان کی جان خون نہ ملنے سے ضائع نہ ہو، جبکہ ادارے کو تھلیسمیہ و دیگر مریضوں کے لیئے خون کی اشد ضرورت ہوتی ہے اور کلی ہرو اور میں کیمپ کا انعقاد خون کی ضرورت کو پورا کرنے کی کڑی ہے، خاران کے نوجوانوں نے روز اول سے ان معصوم بچوں اور بچیوں کے لیئے خون عطیہ کی ہے، ادارہ خون کی کمی کو پورا کرنے کے لیئے ہر یونین کونسلز اور مختلف کلیوں میں بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کرے گی

آئی جی پنجاب کی یوم آزادی پر بہترین سکیورٹی انتظامات پر فورس کو شاباش

لاہور (این این آئی) آئی جی پنجاب عبدالکریم نے یوم آزادی پر بہترین سکیورٹی انتظامات پر فورس کو شاباش دی ہے۔ انہوں نے یوم آزادی تقاریب کے پر امن انعقاد پر سی سی پی او لاہور سمیت آر پی اوز، ڈی پی اوز کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ آر پی اوز، سی پی اوز، ڈی پی اوز سمیت سینئر افسران نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق جشن آزادی پر ون ویلنگ، ہوائی فائرنگ سمیت مختلف قانون شکنی پر پنجاب پولیس کا سخت کریک ڈاؤن کیا گیا،

خاران، اقرا بلڈ بینک اینڈ فاؤنڈیشن خاران کے زیر اہتمام بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا جا رہا ہے

بدین پولیس کی مختلف مقامات پر کارروائی بھاری مقدار میں منشیات برآمد

ایس ایچ او تھانہ ماتلی انسپکٹر محمود احمد خان نے اسٹاف کے ہمراہ کارروائی کر کے آئیس فروش ملزم سکندر علی قاضی کو گرفتار کر لیا ہے

بدین (نامہ نگار) بدین پولیس کی مختلف مقامات پر کارروائی 1 کلوگرام سے زائد چرس، 140 لٹرز دیسی شراب، 10 گرام آئیس، 2123 گٹکے برآمد کر کے 9 منشیات فروش گرفتار کر لئے۔ بدین ڈسٹرکٹ پولیس کے ترجمان کے جاری اعلامیہ کے مطابق ڈی آئی جی حیدرآباد رینج طارق رزاق دھاریجو اور ایس ایس پی بدین قمر رضا جسکانی کی ہدایات پر منشیات فروشوں کے خلاف جاری کارروائیوں کے سلسلہ میں ایس ایچ او تھانہ گلاب لغاری انسپکٹر فیاض علی برڑو نے اسٹاف کے ہمراہ کارروائی کر کے چرس فروش ملزم فراز عرف گوگو چانڈیو کو گرفتار کر لیا ہے ملزم کے قبضے سے 1110 گرام چرس برآمد کر لی گئی ہے۔ ایس ایچ او تھانہ راجو خانانی انسپکٹر عاشق علی لنڈ نے اسٹاف کے ہمراہ دیسی شراب کی بھٹی پر چھاپا مار کر 110 لٹرز دیسی شراب برآمد کر لی ہے کارروائی کے دوران بھٹی مالک ملزم تھیم خاصخیلی موقع پر فرار ہو گیا۔ ایس ایچ او تھانہ ماتلی انسپکٹر محمود احمد خان نے اسٹاف کے ہمراہ کارروائی کر کے آئیس فروش ملزم سکندر علی قاضی کو گرفتار کر لیا ہے ملزم کے قبضے سے 10 گرام آئیس برآمد کر لی گئی ہے۔

لاہور، 30 سالہ نوجوان شہری کے قتل کا معمہ حل، ملزمان گرفتار

لاہور (این این آئی) چوہنگ میں جائیداد کے تنازع پر 30 سالہ شہری عمران کے قتل کا معمہ حل ہو گیا، پولیس نے واردات میں ملوث مقتول کے دو سگے کزن بھائیوں کو گرفتار کر کے آلہ قتل بھی برآمد کر لیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن ذیشان رضا نے قتل کی واردات کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کا ٹاسک ایس پی انویسٹی گیشن صدر عبداللہ عمران چیمہ کو دیا تھا۔ ان کی سربراہی میں انچارج انویسٹی گیشن تھانہ چوہنگ انسپکٹر رانا شرافت علی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کی۔



حب۔ بھوتانی کارواں کے سینئر و سرگرم رہنما لاڈلا نوید رند کے چچا، پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما رئیس معشوق رند کے ماموں اور معروف کاروباری شخصیت رئیس وزیر خان رند کے والد، معروف زمیندار رئیس عبدالحکیم رند کے انتقال پر رند ہاؤس اکرم کالونی میں مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

محکمہ اسپورٹس اور ضلعی انتظامیہ کے باہمی تعاون سے جاری جشن آزادی اسپورٹس فیسٹیول آخری مراحل میں داخل

بیڈمنٹن اور کرکٹ ٹورنامنٹس کے فائنل مقابلے منعقد ہوئے، جن میں کھلاڑیوں نے بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا

سبی (رپورٹ۔ اللہ یار ڈومکی) محکمہ اسپورٹس اور ضلعی انتظامیہ کے باہمی تعاون سے جاری جشن آزادی اسپورٹس فیسٹیول آخری مراحل میں داخل ہو گیا، اس سلسلے میں بیڈمنٹن اور کرکٹ ٹورنامنٹس کے فائنل مقابلے منعقد ہوئے، جن میں کھلاڑیوں نے بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی اور صوبائی وزیر کھیل محترمہ مینا مجید کی خصوصی ہدایات پر منعقدہ اسپورٹس فیسٹیول کے تحت مختلف کھیلوں کے مقابلے جاری ہیں سپورٹس کمپلیکس سبی میں بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے منعقد ہوئے، جن کے مہمانِ خصوصی کمشنر سبی ڈویژن اسداللہ فیض تھے۔ ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر 16 ٹیموں نے حصہ لیا، جبکہ مقابلوں کی نگرانی ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس سبی ڈویژن رحیم بخش جویئہ اور ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر بابر علی سیلاچی نے کی۔ ٹورنامنٹ کا انعقاد جنرل سیکریٹری بیڈمنٹن ایسوسی ایشن و آرگنائزر جی رام داس ڈومکی کی زیر نگرانی کیا گیا سینئر کیٹیگری کے فائنل میں مبشر اور عثمان کی جوڑی نے بابو رفیق اور منیر کو دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد شکست دے کر فاتح ٹرافی اپنے نام کر لی، جبکہ بابو رفیق اور منیر رنر اپ رہے۔ جونیئر کیٹیگری کے فائنل میں شہہ کمار اور اویس نے غازی اور قاضی کو شکست دے کر کامیابی حاصل کی اور ٹرافی اپنے نام کی۔ دوسری جانب پی سی بی گراؤنڈ سبی میں جشن آزادی اسپورٹس فیسٹیول کرکٹ ٹورنامنٹ کا شاندار فائنل کھیلا گیا فائنل کے مہمان خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ اسپورٹس رخشان ڈویژن محمد ایاز داجلی تھے، جبکہ میچ ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس سبی رحیم بخش جویئہ اور ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر بابر خان مجک کی نگرانی میں کھیلا گیا فائنل میں سبی گرین اور سبی بلیو کے درمیان کانٹے دار مقابلہ ہوا۔ سبی گرین نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 8 اوورز میں 51 رنز بنائے اور سبی بلیو کو 52 رنز کا ہدف دیا، جسے سبی بلیو نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے صرف 7 اوورز میں حاصل کر کے فائنل اپنے نام کر لیا۔ یوں سبی بلیو جشن آزادی اسپورٹس فیسٹیول کرکٹ ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم قرار پائی کرکٹ میچ میں کمنٹری کے فرائض خداداد چانڈیو نے سرانجام دیے جبکہ محمد بخش راجہ نے امپائر کے فرائض انجام دیے۔ میچ دیکھنے کے لیے محکمہ اسپورٹس کے سینئر کلارک محمد قیوم جمالی، خدا بخش سیلاچی، اللہ داد کھوسو، اعجاز رند، طارق سیلاچی، شاہد اقبال سمیت شائقینِ کرکٹ کی بڑی تعداد موجود تھی بیڈمنٹن مقابلوں کے اختتام پر کمشنر سبی ڈویژن اسداللہ فیض جبکہ کرکٹ فائنل کے اختتام پر مہمانِ خصوصی محمد ایاز داجلی نے فاتح اور رنر اپ کھلاڑیوں اور ٹیموں میں ٹرافیاں، انعامات اور دیگر اعزازات تقسیم کیے۔ اس موقع پر معروف اسپورٹس دوست خدا بخش سیلاچی نے دونوں کرکٹ ٹیموں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اپنی جانب سے دونوں ٹیموں کو ٹی پارٹی کے لیے دو، دو ہزار روپے نقد بھی دیے

لاہور، گھر کے باہر ہوائی فائرنگ کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) مغلپورہ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مجاہد آباد میں گھر کے باہر سرعام ہوائی فائرنگ کرنے والے ملزم کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم عابد جشن کی آڑ میں اندھا دھند ہوائی فائرنگ کر رہا تھا۔ اطلاع ملتے ہی مغلپورہ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق ملزم کے قبضے سے فائرنگ میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کر لیا گیا ہے۔ پولیس نے ملزم عابد کے خلاف مقدمہ درج کر کے اسے مزید تفتیش کے لیے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا ہے۔

ماڈل ٹاؤن کچہری کے قریب منشیات فروش گرفتار، ایک کلو 700 گرام منشیات برآمد

لاہور (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے ماڈل ٹاؤن کچہری کے عقب سے منشیات فروشی میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او نصیر آباد شیخ کاشف کے مطابق ملزم کچہری کے عقب میں چل پھر کر منشیات فروخت کر رہا تھا۔ پولیس کو ملزم کی موجودگی کی خفیہ اطلاع ملی، جس پر پولیس پارٹی نے فوری کارروائی کرتے ہوئے

حب۔ پہلا آل حب لسبیلہ بھوتانی کاروان T20 کرکٹ ٹورنامنٹ کا میچ نیشنل کمبائنڈ کرکٹ کلب کی ٹیم کا جیتنے کے بعد کھلاڑیوں لیا گیا گروپ فوٹو

رئیس عبدالحکیم رند کے انتقال پر رند ہاؤس اکرم کالونی میں تعزیت و فاتحہ خوانی

تعزیت کرنیوالوں میں صحافی لعل محمد برفت، پیپلز پارٹی کے رہنما کونسلر سرور مگسی سمیت دیگر افراد شامل تھے

حب (نمائندہ بولان) بھوتانی کارواں کے سینئر و سرگرم رہنما لاڈلا نوید رند کے چچا، پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما رئیس معشوق رند کے ماموں اور معروف کاروباری شخصیت رئیس وزیر خان رند کے والد، معروف زمیندار رئیس عبدالحکیم رند کے انتقال پر رند ہاؤس اکرم کالونی میں مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں نے تعزیت و فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کے ایصال ثواب کے لیئے دعائے مغفرت کی تعزیت کرنیوالوں میں وائس چیئرمین ضلع کونسل حب کمال خان محمد حسنی، بھوتانی کارواں کے سینئر رہنما حاجی اللہ بخش دلارری، لالا سید مینگل، فرید دلارری، سمیع اللہ مینگل، صدیق چھٹہ، رزاق گجر، اکبر شیخ، کونسلر ڈاکٹر شیر جان بلوچ، بی این پی کے رہنما میر بشیر مینگل، نیشنل پارٹی کے رہنما ملک نصیر، راؤ اختر، صحافی غلام مرتضی، سید زاہد شاہ بخاری، طفیل موندرہ، بھوتانی کارواں کے رہنما شاہ ولی خلجی اور عبدالولی خلجی، پیپلز پارٹی کے رہنما میر فرمان بلیدی پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و کونسلر محمد جان مری اسپورٹس آفیسر خدا بخش بلوچ، صحافی دانیال عزیز صحافی نواز بلوچ ڈاکٹر ذوالفقار مگسی، شانواز محمد حسنی، عبدالرشید مگسی، جام گروپ کے سینئر رہنما رئیس حسین نقمتی کاروباری شخصیت حاجی خدا دوست، جمعیت علماء اسلام حب کے جنرل سیکریٹری مولانا شاہ محمد صدیقی بھوتانی کارواں کے رہنما عامر مگسی سیاسی و سماجی شخصیت سراج رئیسانی، کونسلر ارباب مگسی، جام گروپ کے رہنما عبدالمالک موندرہ، ساگر، یونس شیخ، بھوتانی گروپ کے سینئر رہنما خالد موندرہ، پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما ابراہیم پلال جانی پلال عبدالغفار جتوئی، نیشنل پارٹی کے رہنما کامریڈ GR بلوچ حب موبائل ایسوسی ایشن کے صدر سلیم سونگی ایڈووکیٹ الہی بخش مینگل ایڈووکیٹ ارشاد پارس مگسی ایڈووکیٹ امیر بخش مینگل ایڈووکیٹ علی حسن میر جت ایڈووکیٹ سکندر گرگناڑی بھوتانی گروپ کے سینئر رہنما عبدالحق مری عبدالفتح چھٹہ صحافی اسامہ رزاق موندرہ، ساحل لاسی، قادر ملازئی، میر ملوک مگسی، مصطفیٰ مگسی، صحافی لعل محمد برفت، پیپلز پارٹی کے رہنما کونسلر سرور مگسی سمیت دیگر افراد شامل تھے

سی سی پی او لاہور کی زیر صدارت سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کا اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں قیام امن، کرائم کنٹرول اور پبلک سروس ڈیلیوری سے متعلق اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سود خوروں کے خلاف پولیس کارروائیوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ افسران نے بتایا کہ سود خوری میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 21 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے

روزنامہ بولان حب بلوچستان
Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون و فیکس 0853-310203
Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے
اتوار 16 اگست 2026، بمطابق 2 ربیع الاول 1448ھ

پاکستان معاشی بحران سے باہر آچکا شرح نمو 2.8 فیصد رہے گی: عالمی بینک

پاکستان کا پاورسیکٹر اقتصادی ترقی میں رکاوٹ بنا اور پاور جنریشن میں جدید ٹیکنالوجی کا فقدان رہا، مہنگائی کی شرح کم ہوئی ہے تاہم پاورسیکٹر کا گردشی قرض مسئلہ ہے۔ پاکستان میں ایکسچینج ریٹ میں استحکام آیا ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر بہتر ہوئے ہیں

رواں مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ کا تخمینہ 2.8 فیصد، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کا تخمینہ 0.6 فیصد ہے، مالی خسارے کا تخمینہ جی ڈی پی کا 7.6 فیصد ہے۔ پاکستان میں لیبرفورس میں خواتین کا تناسب جنوبی ایشیا میں سب سے کم ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ورلڈ بینک نے کہا ہے کہ پاکستان کا پاورسیکٹر اقتصادی ترقی میں رکاوٹ بنا، تاہم پاکستان معاشی بحران سے باہر آ گیا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر بھی بہتر ہوئے ہیں۔ عالمی بینک نے پاکستان ڈویلپمنٹ اپ ڈیٹ پاورسیکٹر ڈسٹری بیوشن اصلاحات رپورٹ 2026 جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ کا تخمینہ 2.8 فیصد ہے جبکہ رواں مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کا تخمینہ 0.6 فیصد ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ مالی خسارے کا تخمینہ جی ڈی پی کا 7.6 فیصد ہے۔ پاکستان میں لیبرفورس میں خواتین کا تناسب جنوبی ایشیا میں سب سے کم ہے۔ ورلڈ بینک نے کہا کہ پاکستان کا پاورسیکٹر اقتصادی ترقی میں رکاوٹ بنا اور پاور جنریشن میں جدید ٹیکنالوجی کا فقدان رہا۔ رپورٹ کے مطابق بجلی ترسیل اور تقسیم بھی ناقص منصوبہ بندی کا شکار رہی۔ مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے عالمی تجارت اور سرمایہ کاری پر اثرات کے حوالے سے ورلڈ بینک حکام نے کہا کہ بجلی پیداوار، ترسیل اور تقسیم کے نقائص نے بجلی کی قیمت بڑھا دی۔ رپورٹ کے مطابق جنوبی ایشیائی ریجن میں آپس میں کم تجارت ہو رہی ہے جبکہ زیادہ تجارت ریجن سے باہر ہو رہی ہے، نہیں سمجھتے کہ خام تیل کی قیمتیں زیادہ عرصے تک اوپر جائیں گی۔ ورلڈ بینک حکام نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی بحران سے باہر آیا ہے اور معاشی ترقی 2.5 فیصد رہی جبکہ زرعی شعبے نے بھی ترقی کی ہے۔ مہنگائی کی شرح کم ہوئی ہے تاہم پاورسیکٹر کا گردشی قرض مسئلہ ہے۔ حکام نے کہا کہ پاکستان میں ایکسچینج ریٹ میں استحکام آیا ہے اور زرمبادلہ کے ذخائر بہتر ہوئے ہیں۔

پاکستان کی بقا اسلام ونظریہ پاکستان میں مضمر ہے، محمد حسین محنتی

76 سال سے قابض حکمرانوں نے عوام کو مہنگائی، بیروزگاری اور دہشتگردی کے تحفوں کے سوا کچھ بھی نہیں دیا

کراچی (این این آئی) جماعت اسلامی سندھ کے امیر وسابق ایم این اے محمد حسین محنتی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی غلبہ دین کی ایک تحریک ہے جو کہ پاکستان میں اسلامی نظام کی جدوجہد کے ساتھ ساتھ عوام کے مسائل کے حل اور عدل وانصاف کیلئے جدوجہد کر رہی ہے، پاکستان کی بقا بھی اسلام ونظریہ پاکستان میں مضمر ہے، پاکستان اسی مقصد کیلئے بنا تھا کہ یہاں عدل وانصاف اور اسلام کا بول بالا ہوگا

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اپنے آفس میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

میٹر ریڈرز کا کردار ختم، اپنا میٹر اپنی ریڈنگ ایپ کی منظوری دیدی گئی

نئی ڈیجیٹل ایپ اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ کے ذریعے صارفین خود اپنی بجلی کی ریڈنگ اپ لوڈ کر سکیں گے، نظام کے الیکٹرک کے دائرہ اختیار کے علاوہ پورے ملک میں نافذ کیا جائے گا، ذرائع

موجودہ نظام میں میٹر ریڈرز صارفین کے بجلی میٹروں کی تصاویر لے کر ڈسکوز کو بھیجتے ہیں جس کی بنیاد پر بل تیار ہوتا ہے، مگر اس نظام میں اوور بلنگ اور شکایات کی بھرمار ہے، متعدد صارفین اضافی بلوں سے نالاں ہیں

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیراعظم شہباز شریف نے ملک بھر میں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں سے میٹر ریڈرز کا کردار ختم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق اس مقصد کے لیے نئی ڈیجیٹل ایپ اپنا میٹر، اپنی ریڈنگ جلد متعارف کرائی جائے گی، جس کے ذریعے صارفین خود اپنی بجلی کی ریڈنگ اپ لوڈ کر سکیں گے، یہ نظام کے الیکٹرک کے دائرہ اختیار کے علاوہ پورے ملک میں نافذ کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ موجودہ نظام میں میٹر ریڈرز صارفین کے بجلی میٹروں کی تصاویر لے کر ڈسکوز کو بھیجتے ہیں جس کی بنیاد پر بل تیار ہوتا ہے، مگر اس نظام میں اوور بلنگ اور شکایات کی بھرمار ہے، متعدد صارفین اضافی بلوں سے نالاں ہیں اور ریڈنگ کی درستی پر سوال اٹھاتے رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس میں اس مسئلے پر غور کیا گیا، جس میں میٹر ریڈرز کے کردار کو ختم کرنے اور بلنگ کے عمل کو خودکار بنانے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے پاور ڈویژن کو ہدایت دی کہ پاور ڈویژن کو ایک ماہ کی مہلت دی ہے کہ وہ میٹر ریڈرز کے مرحلہ وار خاتمے کا جامع منصوبہ تیار کرے۔ اس اقدام کی کامیابی کے لیے پاور ڈویژن اور وزارت اطلاعات ونشریات کے اشتراک سے ایک وسیع میڈیا مہم تیار کی جا رہی ہے، جس کا مقصد صارفین کو خود ریڈنگ کے فوائد سے آگاہ کرنا ہے، اس قومی مہم کے لیے حکومت نے 31 کروڑ 60 لاکھ روپے مختص کیے ہیں۔ پاور انفارمیشن ٹیکنالوجی کمپنی (پی آئی ٹی سی) نے تمام ڈسکوز کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنی سطح پر بھی آگاہی مہم تیار کریں، اس کے علاوہ ایک جامع ٹی او آر بھی تیار کیا گیا ہے، جس میں مہم کے دائرہ کار، مقاصد، طریقہ کار اور پی آئی ٹی سی اور میپکو کی ذمہ داریاں واضح کی گئی ہیں، جن میں میڈیا پلاننگ، وینڈر سے رابطے، فیلڈ ایکٹیویشن، مانیٹرنگ اور رپورٹنگ شامل ہیں۔ ڈسکوز نے پی آئی ٹی سی کے چیف ایگزیکٹو سے رہنمائی طلب کی ہے کہ میڈیا مہم کے اخراجات کس طرح برداشت کیے جائیں، آیا یہ رقم ان کے بلوں سے منہا کی جائے یا پی آئی ٹی سی پروموشنل مواد) بینرز، اسٹینڈیز، بورڈز (فراہم کرے گا، یہ تجویز بھی دی گئی ہے کہ الیکٹرانک میڈیا میں عوامی اعلانات کے لیے مفت وقت حاصل کرنے کی کوشش کی جائے۔ ڈسکوز نے اس بات پر زور دیا ہے کہ پی آئی ٹی سی ایپلیکیشنز جیسے پاور سمارٹ ایپ، اپنا میٹر اپنی ریڈنگ+CCMS اور لائن مین موبائل سلوشن کو لانچ سے قبل مکمل ٹیسٹ اور ویلیڈیٹ کرے تاکہ تکنیکی مسائل سے بچا جا سکے اور صارفین کو بہتر اور قابل اعتماد تجربہ فراہم کیا جا سکے۔ سمارٹ موبائل ایپ جلد از جلد متعارف کرائی جائے، جس میں قومی زبان اردو کے ساتھ چار علاقائی زبانوں پنجابی، سندھی، پشتو اور بلوچی میں رہنمائی موجود ہو تاکہ عام عوام بھی آسانی سے استعمال کر سکیں۔ پاور ڈویژن کو کہا گیا ہے کہ وہ ایپ کا سافٹ لانچ فوری طور پر کرے تاکہ کسی بھی ابتدائی تکنیکی مسائل کو حل کیا جا سکے اور مکمل قومی سطح پر آغاز سے پہلے ایپ کو مکمل فعال اور مستحکم بنایا جا سکے۔ وزیراعظم نے پاور ڈویژن کو ایک ماہ کی مہلت دی ہے کہ وہ میٹر ریڈرز

سرمایہ کاری کیلئے سعودی حکومت اور بزنس کمیونٹی کی معاونت کرینگے، عبدالعلیم

پاکستان اور سعودی عرب کے مابین بزنس ٹو بزنس سرگرمیوں کے فروغ پر اتفاق، اہم ملاقاتیں

سعودی وزیر اور وفد کے ہمراہ وفاقی وزیر کا اجلاس، حکومتی سطح پر مختلف اقدامات ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب کے وزیر سرمایہ کاری شیخ خالد بن عبدالعزیز الفالح کی قیادت میں 130 سرمایہ کاروں کے ہمراہ آئے، اعلیٰ سطحی وفد نے پاک سعودی بزنس فورم میں شرکت کی جبکہ ڈپٹی وزیراعظم، وفاقی وزراء، بزنس کمیونٹی اور مالیاتی اداروں کے سینئر نمائندے بھی اس موقع پر موجود تھے۔ بزنس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ، نجکاری اور مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کے باہمی تعلقات لازوال اور یادگار ہیں اور سعودی حکومت کے تاریخی تعاون کے پاکستان کی معیشت پر دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے دونوں ممالک کے مابین ان رابطوں میں اضافے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے بزنس فورم کو بزنس ٹو بزنس سرگرمیوں میں اضافے کے لئے اہم پلیٹ فارم قرار دیا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ سرمایہ کاری کی وزارت سعودی بزنس کمیونٹی کو ہر ممکن مدد فراہم کرے گی اور ایک دوسرے کے اعتماد میں اضافہ کرتے ہوئے ہم تیزی کے ساتھ آگے بڑھیں گے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے مابین گہرے دوستانہ اور مضبوط معاشی تعلقات موجود ہیں جن میں آنے والے دنوں میں نمایاں اضافہ ہوگا اور ہم معاشی ترقی کے نئے دور میں داخل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جغرافیائی اعتبار سے پاکستان سعودی عرب کے لئے جنوبی و وسطی ایشیا سے "گیٹ وے" ثابت ہو سکتا ہے، ہمارے پاس گہرے پانیوں والی بندرگاہیں ہیں اور پاکستان کے راستے ایشیا سے یورپ تک زمینی رابطہ ممکن ہے جبکہ یہ تمام عوامل خطے میں کاروباری حجم کو بڑھانے میں معاونت کر سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ سی پیک سے بھی پاکستان کو معاشی برتری حاصل ہوئی ہے اور انفراسٹرکچر میں مزید بہتر لا کر تجارتی سرگرمیوں کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے اس کانفرنس کے انعقاد کو دونوں ممالک کی بزنس کمیونٹی کے لئے سودمند قرار دیا جس میں مفاہمت کی کئی ایک یادداشتوں پر دستخط ہوں گے اور نئے معاہدوں سے دو طرفہ ترقی ممکن ہو سکے گی۔ عبدالعلیم خان نے سعودی وزیر شیخ خالد بن عبدالعزیز الفالح کی آمد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے انہیں اپنے ہر ممکن تعاون کی پیشکش کی جس سے بالخصوص پاکستان میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ مزید برآں وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے بورڈ آف انویسٹمنٹ کے اعلیٰ حکام کے ہمراہ سعودی وفد سے اجلاس منعقد کیا جس میں حکومتی سطح پر دوطرفہ سرگرمیوں کو بڑھانے اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پر اتفاق کیا گیا۔ سعودی حکام، مالیاتی اداروں اور عالمی مالیاتی تعاون کے ڈائریکٹرز نے بھی اس اجلاس میں شرکت کی۔

وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر کی بین الاقوامی طلبا کے ساتھ ملاقات

یو ای ٹی میں مقیم انٹرنیشنل طلبا کے ہاسٹلز کی تزئین وآرائش کا آغاز، ہاسٹلز کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنایا جائیگا

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) لاہور کے وائس چانسلر، ڈاکٹر شاہد منیر نے بین الاقوامی طلبا کے ساتھ ملاقات کی جس کا مقصد ان طلبا کو درپیش مسائل کا جائزہ لینا اور ان کے حل کے لیے مناسب اقدامات کرنا تھا۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر، مختلف شعبہ جات کے ڈینز، انٹرنیشنل اسٹوڈنٹس کی کوآرڈینیٹر، ڈائریکٹر اسٹوڈنٹ افیئرز، سینئر وارڈن، ریزیڈنٹ ٹیوٹرز اور ڈپٹی رجسٹرار بھی موجود تھے۔ ملاقات میں سری لنکا، افغانستان، فلسطین اور کینیا سمیت مختلف ممالک کے طلبا نے انتظامیہ کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر شاہد منیر نے اپنے خطاب میں بین الاقوامی طلبا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ یونیورسٹی کا ایک قیمتی اثاثہ ہیں اور ان کی موجودگی یو ای ٹی کی بین الاقوامی حیثیت کو تقویت دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی مختلف قومیتوں اور ثقافتوں کے درمیان باہمی افہام وتفہیم کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے اور طلبا کو درپیش مسائل کا فوری حل یقینی بنایا جائے گا۔ طلبا نے اپنی تعلیمی، رہائشی اور دیگر بنیادی ضروریات سے متعلق مسائل وائس چانسلر کے سامنے پیش کیے۔ وائس چانسلر نے تمام مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور یقین دہانی کرائی کہ یونیورسٹی انتظامیہ ان کے حل کے لیے فوری اقدامات کرے گی۔

ری الیکشن کی ضرورت نہیں، فارم 45 کی بنیاد پر سیٹوں کا فیصلہ ہونا چاہیے: نعیم الرحمن

ملک میں فارم 47 نہیں 45 کی حکومت ہونی چاہیے، ڈکٹیٹرز کی گود میں پلنے والے سیاستدان ناکام ہو چکے

ترقی کے علمبردار حکومتی ادارے دیہاتی نہیں، بیوروکریٹس، اشرافیہ نے تباہ کئے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (انٹرنیوز) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک میں فارم 47 نہیں 45 کی حکومت ہونی چاہیے، ڈکٹیٹرز کی گود میں پلنے والے سیاستدان ناکام ہو چکے، ترقی کے علمبردار حکومتی ادارے دیہاتی نہیں، بیوروکریٹس، اشرافیہ نے تباہ کئے، ملک میں ری الیکشن کی ضرورت نہیں، فارم 45 کی بنیاد پر سیٹوں کا فیصلہ ہونا چاہیے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد بار ایسوسی ایشن کے وکلاء سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ عوام کو اپنی رائے دینے کا حق حاصل ہونا چاہیے، جمہوریت میں رائے کی اہمیت ہوتی ہے، جو عوامی رائے سے نہیں آرہا اس کو حکومت میں نہیں آنا چاہیے، ملک میں فارم 45 کی حکومت ہونی چاہیے، فارم 47 کی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ری الیکشن کی ضرورت نہیں، سپریم کورٹ جوڈیشل کمیشن بنا دے، فارم 45 کی بنیاد پر تمام سیٹوں کا فیصلہ ہونا چاہیے، جو ہارا ہے وہ ہار جائے گا اور جو جیتا ہے وہ جیت جائیگا، اب یہ ذمہ داری سپریم کورٹ کی ہے کہ وہ جمہوریت کو فروغ دینے کیلئے کام کرتی ہے یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں اگر جمہوریت کو آگے بڑھانا ہے تو پھر فیصلہ کرنا پڑے گا، حق عوام کا ہے وہی ووٹ کی طاقت سے کسی کو منتخب کرتے ہیں، ریاست کا مطلب عوام ہیں، آئین کی بحالی، بالادستی اور جمہوریت کیلئے سب کو یکجان ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ غیر جمہوری رویوں کی وجہ سے پاکستان اس حال تک پہنچا ہے، پی آئی اے، ریلوے، سٹیل مل پاکستانی ترقی کے علمبردار ہوتے تھے، یہ تمام ادارے کسی دیہاتی نے تو تباہ نہیں کئے، یہ ادارے بیوروکریٹس اور اشرافیہ نے تباہ کئے ہیں، ڈکٹیٹرز کی گود میں پلنے والے سیاستدان ناکام ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو حق دے کر حالات کو بے قابو ہونے سے بچایا جائے۔

سیاسی جماعتوں کیساتھ بات چیت 25 تاریخ کے بعد بھی جاری رہ سکتی ہے، شیری رحمان

میثاق جمہوریت کے حوالے سے میاں نوازشریف کے ساتھ ہمارے پرانے تعلقات ہیں، رہنما پیپلز پارٹی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیئر رہنما شیری رحمان نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ ہمیشہ ہماری ملاقات بہت اچھی رہتی ہے، کوشش ہے کہ اتفاق رائے پیدا کریں۔ تفصیلات کے مطابق پیپلز پارٹی کے وفد کی مولانا فضل الرحمٰن کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کے بعد شیری رحمان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے ساتھ ہمیشہ ہماری ملاقات بہت اچھی رہتی ہے، ہماری کوشش ہے کہ اتفاق رائے قائم کریں، اتفاق رائے پیدا کرنے کیلئے لوگوں کو ساتھ لے کر چلنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئینی عدالت اور جوڈیشل ریفارمز پر بات ہو رہی ہے، ملاقات سے آگے بھی بات چلے گی، سیاست میں یہی ہوتا ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ کوشش ہے کہ خصوصی کمیٹی میں تمام معاملات رکھیں، ہم ہر سیاسی جماعت کے ساتھ ملاقاتیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میاں نوازشریف سے سیر حاصل گفتگو ہوئی، میثاق جمہوریت کے حوالے سے میاں نوازشریف کے ساتھ ہمارے پرانے تعلقات ہیں۔ شیری رحمان نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کے ساتھ ہماری بات چیت جاری ہے اور یہ بات چیت 25 تاریخ کے بعد بھی جاری رہ سکتی ہے۔

مسابقتی کمیشن نے اوچ پاور کے دونوں پلانٹ خریدنے کی منظوری دے دی

کراچی (این این آئی) کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے سیفائر اور مانٹ برج کو اوچ پاور کے دونوں پلانٹ خریدنے کی منظوری دے دی۔ تفصیلات کے مطابق کمپیٹیشن کمیشن نے سیفائر فائبر لمیٹڈ اور مانٹ برج (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو اوچ پاور (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دونوں پاور پلانٹ کے سو فیصد حصص مشترکہ طور خریدنے کی منظوری دے دی ہے۔ دونوں کمپنیاں، دونوں پاور پلانٹ میں پچاس پچاس فیصد کی حصہ دار ہوں گی، یہ ٹرانزیکشن خرید وفروخت کے معاہدے کے تحت طے پائی جس کے تحت تینوں کمپنیاں، اوچ پاور ون پرائیوٹ لمیٹڈ، اوچ پاور ٹو پرائیویٹ لمیٹڈ اور انٹرنیشنل اوچ ہولڈنگ پرائیٹ لمیٹڈ کے سو فیصد حصص، سیفائر فائبر اور مانٹ برج پرائیوٹ لمیٹڈ کو منتقل ہو جائیں گے۔

نصیر آباد، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حاجی محمد خان لہڑی سے وفد ملاقات کر رہا ہے

دو روز میں فی من روئی کی قیمت 2 ہزار روپے گھٹ گئی

قیمتوں میں نمایاں کمی سے کاشتکار اور کاٹن جنرز کے دیوالیہ ہونے کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں، احسان الحق

کوئٹہ (این این آئی) مقامی کاٹن مارکیٹوں میں روئی اور پھٹی کی قیمتوں میں غیر معمولی مندی کا رجحان غالب ہوگیا۔ دو روز میں فی من روئی کی قیمت 2 ہزار روپے جبکہ فی 40 کلوگرام پھٹی کی قیمت میں ایک ہزار روپے گھٹ گئی۔ قیمتوں میں نمایاں کمی سے کاشتکار اور کاٹن جنرز کے دیوالیہ ہونے کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔ ملک میں گندم، چاول، مکئی اور سرسوں کے بعد اب کپاس کی قیمتوں میں بھی ریکارڈ مندی سامنے آنے سے ملکی زرعی معیشت تاریخ کے بدترین معاشی بحران کا شکار ہے۔ چیئرمین کاٹن جنرز فورم احسان الحق نے بتایا کہ پچھلے کچھ عرصے سے جاری معاشی بحران، بجلی وگیس کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافے اور ٹیکسز میں حالیہ اضافے کے باعث ملک بھر میں مزید ٹیکسٹائل ملز کے غیر فعال ہونے سے روئی کی خریداری کم ہونے کے ساتھ بین الاقوامی منڈیوں میں بھی روئی کی قیمتوں میں مسلسل مندی کے باعث پاکستان میں روئی اور پھٹی کی قیمتوں میں غیر معمولی مندی کا رجحان سامنے آیا ہے۔ صرف دو روز کے دوران پاکستان میں روئی کی قیمتیں دو ہزار روپے فی من مندی کے بعد پنجاب میں سترہ ہزار روپے جبکہ سندھ میں سولہ ہزار 500 روپے فی من تک گر گئی ہیں جبکہ پھٹی کی قیمتیں ایک ہزار روپے فی چالیس کلوگرام مندی کے بعد پنجاب میں سات ہزار 500 روپے جبکہ سندھ میں سات ہزار روپے تک گر گئی ہیں جبکہ ان کی قیمتوں میں مزید مندی کا رجحان بھی متوقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان کی تمام بڑی فصلوں گندم، چاول، مکئی اور سرسوں کے بعد اب کپاس کی قیمتوں میں بھی غیر معمولی کمی کے باعث کاشت کاروں میں زبردست تشویش دیکھی جا رہی ہے جس سے ایسے علاقے جہاں کپاس کی فصل ابھی بڑھوتری کے مرحلے میں ہے وہاں اب کاشتکاروں نے کپاس کی فصل میں بہترین زرعی مداخل کا استعمال نہ ہونے کے برابر کر دیا ہے

کراچی، ذاتی دشمنی کا شاخسانہ، گاڑیوں کی باڈی بنانے کا کام کرنے والا شخص قتل

کراچی (این این آئی) سچل کے علاقے سہراب گوٹھ علی ٹاؤن میں گاڑیوں کی باڈی بنانے کا کام کرنے والے (باڈی میکر) کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا، پولیس نے مقتول کے قتل کو ذاتی دشمنی کا شاخسانہ قرار دیتے ہوئے مزید تفتیش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سچل تھانے کے علاقے سہراب گوٹھ علی ٹاؤن مکینک مارکیٹ میں فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا جس کی لاش قانونی کارروائی کے لیے چھیپا ایمبولنس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی، مقتول کی شناخت 42 سالہ جعفر ولد سرور کے نام سے کی گئی۔

عمران خان و دیگر رہنماؤں کیخلاف درج مقدمات کی تفتیش کیلئے سپیشل انویسٹی گیشن ٹیمیں تشکیل

سپیشل انویسٹی گیشن ٹیم اپنے اپنے مقدمے کی تفتیش میں پیش رفت سے ہر ہفتے سی پی او راولپنڈی کو رپورٹ کرنے کی پابند ہوگی

راولپنڈی (جی این ایم) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور راولپنڈی میں ہونے والے پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کے بعد بانی پی ٹی آئی عمران خان و دیگر رہنماؤں کیخلاف درج مقدمات کی تفتیش کیلئے سپیشل انویسٹی گیشن ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں ہیں، سپیشل انویسٹی گیشن ٹیم اپنے اپنے مقدمے کی تفتیش میں پیش رفت سے ہر ہفتے سی پی او راولپنڈی کو رپورٹ کرنے کی پابند ہوگی۔ سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی نے سپیشل انویسٹی گیشن ٹیموں کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ خصوصی ٹیمیں ایس ایس پی انویسٹی گیشن صبا ستار کی سربراہی میں تشکیل دی گئیں جن میں چھ دیگر ممبران بھی شامل ہونگے۔ ہر ٹیم میں ایس ایس پی انویسٹی گیشن صبا ستار، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ او، مقدمے کا تفتیشی آفیسر اور ایک آئی ٹی ماہر شامل ہے۔ انویسٹی گیشن ٹیمیں بانی پی ٹی آئی کو بھی شامل تفتیش کریں گی۔ بتایا گیا ہے کہ 5 اکتوبر کو پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے کئے گئے احتجاج کے بعد پولیس نے بانی پی ٹی آئی عمران خان سمیت دیگر پاکستان تحریک انصاف کے دیگر رہنماں کیخلاف انسداد دہشتگری ایکٹ، اعانت جرم، پولیس مزاحمت سمیت دیگر دفعات کے تحت 7 مقدمات درج ہیں جبکہ چند مقدمات میں وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو بھی نامزد کیا گیا

قائمہ کمیٹی مواصلات کا اجلاس، مقامی افراد کو ٹول ٹیکس سے استثنیٰ دینے کی تجویز

سرکاری عمارتوں میں قائم ڈاک خانے بند نہیں کیے جاتے، پاکستان پوسٹ حکام کی بریفنگ

کمیٹی چیئرمین کا پاسپورٹس کی تاخیر سے ترسیل پر برہمی کا اظہار، متعلقہ حکام کو نظام میں موجود خامیاں دور کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات نے کراچی تا حیدرآباد ایم-9 موٹروے پر ٹول پلازوں کی غیر معمولی تعداد پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) پر بیوروکریسی طرز عمل اختیار کرنے کا الزام عائد کر دیا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کا اجلاس چیئرمین اعجاز حسین جکھرانی کی زیر صدارت ہوا، جس میں پاکستان پوسٹ آفس، نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور مختلف شاہراہ منصوبوں سے متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران پاکستان پوسٹ حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سرکاری عمارتوں میں قائم ڈاک خانے بند نہیں کیے جاتے، کیونکہ ان کی بندش کی صورت میں عمارتوں پر قبضے کا خدشہ رہتا ہے۔ کمیٹی چیئرمین نے پاسپورٹس کی تاخیر سے ترسیل پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو نظام میں موجود خامیاں دور کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں کراچی تا حیدرآباد موٹروے ایم-9 پر ٹول پلازوں کی غیر معمولی تعداد پر اراکان کمیٹی نے شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ رکن کمیٹی وسیم حسین نے این ایچ اے حکام پر بیوروکریسی کے انداز میں کام کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ عوامی نمائندوں کی بات کو سنجیدگی سے نہیں لیا جا رہا، انہوں نے معاملے کو استحقاق کمیٹی میں اٹھانے کا اعلان کیا۔ رکن کمیٹی ابرار علی شاہ نے کہا کہ وہ ٹول ٹیکس کے نظام کے حق میں نہیں کیونکہ ان کے مطابق ٹول پلازوں سے حاصل ہونے والی آمدنی سڑکوں کی مرمت پر خرچ نہیں کی جاتی۔ اس پر سیکرٹری مواصلات نے وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ این ایچ اے کو ریونیو صرف ٹول ٹیکس سے حاصل ہوتا ہے اور یہی رقم شاہراہوں کی بحالی پر خرچ کی جاتی ہے۔ کمیٹی نے تجویز دی کہ مقامی افراد کو ٹول ٹیکس سے استثنیٰ دیا جائے،

یمن کے ساحلی شہر الحدیدہ قریب سمندر میں ایک بحری جہاز پر حملے کی اطلاعات

جہاز کو نامعلوم میزائل نے نشانہ بنایا جس کی وجہ سے اسے نقصان پہنچا لیکن انسانی جانی نقصان کی اطلاعات نہیں ملیں۔ برٹش میری ٹائم ایجنسی

حدیدہ (جی این ایم) یمن کے ساحلی شہر الحدیدہ قریب سمندر میں ایک بحری جہاز پر حملے کی اطلاعات ہیں برٹش میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز اتھارٹی نے آج بتایا کہ اسے یمن کے شہر حدیدہ سے 70 ناٹیکل میل جنوب مغرب میں ایک واقعے کی رپورٹ موصول ہوئی ہے حکام اس کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ بیان میں کہا کہ ایک جہاز کے کپتان نے اطلاع دی کہ جہاز کو نامعلوم میزائل نے نشانہ بنایا جس کی وجہ سے اسے نقصان پہنچا لیکن انسانی جانی نقصان کی اطلاعات نہیں ملیں میری ٹائم ایجنسی نے واضح کیا کہ عملے کے ارکان میں سے کسی کو بھی نقصان نہیں پہنچا اور جہاز اگلی بندرگاہ کی طرف سفر جاری رکھے ہوئے ہے واضح رہے کہ گذشتہ سال نومبر سے غزہ کی پٹی میں اسرائیلی جنگ شروع ہونے کے تقریباً ایک ماہ بعد یمن کے حوثیوں نے بحیرہ احمر اور بحیرہ عرب میں تجارتی، بحری جہازوں پر میزائلوں اور ڈرونز سے تقریباً 200 حملے کیے ہیں

بانی پی ٹی آئی ملک پر حملہ آور، یہ اعتراف نہیں سزا دینے کا وقت ہے: مریم اورنگزیب

مسلط شدہ شخص ملک ڈیفالٹ کر کے چلا گیا پھر آئی ایم ایف کو مدد نہ کرنے کا خط لکھ دیا، ریاست پر حملہ کرنا کہاں کا انقلاب ہے؟

کسی سیاسی جماعت پر پابندی کے حق میں نہیں مگر جرم کرنے، ماننے والے کو سزا دی جانی چاہیے، شہباز، مریم عوام کو ریلیف فراہمی کیلئے کوشاں، جلد ملک میں استحکام آئے گا، پریس کانفرنس

لاہور (انٹرنیوز) سینئر وزیر پنجاب حکومت مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ یہ وقت ملک پر حملہ آور ہونے کے اعتراف کا نہیں سزا کا ہے، مسلط شدہ شخص ملک ڈیفالٹ کر کے چلا گیا پھر آئی ایم ایف کو مدد نہ کرنے کا خط لکھ دیا، ریاست پر حملہ کرنا کہاں کا انقلاب ہے؟، کسی سیاسی جماعت پر پابندی کے حق میں نہیں مگر جرم کرنے، ماننے والے کو سزا دی جانی چاہیے، وزیراعظم شہباز، وزیراعلی مریم عوام کو ریلیف فراہمی کیلئے کوشاں ہیں، جلد ملک میں استحکام آئے گا۔ تفصیلات کے مطابق پریس کانفرنس کرتے ہوئے سینئر وزیر پنجاب حکومت مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے اعتراف کیا ہے کہ 9 مئی کی کال میں نے دی تھی، ان کے اعتراف پر حیرانگی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اعتراف کا نہیں سزا کا وقت ہے، معاملہ سیاست کا نہیں ریاست کا ہے، 2014ء سے ایک شخص نے اپنے عمل کے ذریعے ریاست پر چڑھائی کی، جنگی حالات میں بھی کبھی سرکاری ٹی وی پر حملہ نہیں ہوا، 2014ء کے دھرنے میں حکومت کے خلاف ڈی چوک پر قبریں کھودی گئیں، عارف علوی نے چڑھائی کرنے کا کہا، سپریم کورٹ کے باہر گندے کپڑے دھوئے گئے، منتخب وزیراعظم کو گلے سے پکڑ کر باہر نکالنے کا کہا جاتا رہا، 2018ء میں آر ٹی ایس بٹھا کر اسی شخص کو مسلط کیا گیا، یہ شخص ملک کو ڈیفالٹ کر کے چلا گیا پھر آئی ایم ایف کو خط لکھا کہ مدد نہ کرو۔ انہوں نے کہا کہ یہ ڈیجیٹل دہشتگردی سے باہر بیٹھے نمائندوں کے ذریعے ملکی اداروں پر چڑھ دوڑے، ان کے دور میں عوام مہنگائی کا رونا روتے تھے، چینی کیلئے قطاریں لگتی تھیں، ان کے دور میں ملک کو 4 ٹکڑوں میں تقسیم اور جلانے کی باتیں کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ زمان پارک میں پولیس گرفتاری کیلئے وارنٹ لیکر جاتی تھی تو ہاتھ اوپر ہوتے تھے، زمان پارک دہشتگردی کا اڈا بنا ہوا تھا۔

حکومت ہر وہ غیر قانونی کام کر رہی جو ان کے راستے کی رکاوٹ ہے، علی محمد خان

پارلیمنٹ کی اس سے زیادہ بے توقیری نہیں ہو سکتی قانون سازی کو مسلط کیا جائے، رہنماء پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) رہنماء پی ٹی آئی علی محمد خان نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کی اس سے زیادہ بے توقیری نہیں ہو سکتی کہ قانون سازی کو مسلط کیا جائے، حکومت ہر وہ غیر قانونی کام کر رہی جو ان کے راستے کی رکاوٹ ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان نے کہا کہ میں اس بات سے متفق ہوں کہ آئین جتنا مرضی اہم دستاویزات ہو تبدیل ہو سکتی ہے، آئین میں تبدیلی ہو سکتی ہے مگر سوال یہ ہے کہ اس کا طریقہ کار کیا ہونا چاہیے؟۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کی اس سے زیادہ بے توقیری نہیں ہو سکتی

زرمبادلہ کے ذخائر میں 10 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بتایا ہے کہ گزشتہ ہفتے کے دوران زرمبادلہ ذخائر میں 10 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کا اضافہ ہوگیا ہے۔ مرکزی بینک کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق زرمبادلہ کے سرکاری ذخائر 10 کروڑ 60 لاکھ ڈالر اضافے کے بعد 10 ارب 80 کروڑ 80 لاکھ ڈالر کی سطح پر آ گئے ہیں۔

پیپلز پارٹی کو پنجاب میں نئی ترقیاتی اسکیموں میں کوٹہ مل گیا

صوبے میں 3212 نئی ترقیاتی سکیموں کیلئے 77 ارب منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے نئی ترقیاتی اسکیموں میں اتحادی پیپلز پارٹی کے اراکین کو کوٹہ دیدیا، مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے ممبران اسمبلی کی سفارشات پر 3212 نئی ترقیاتی سکیموں کیلئے فنڈز کی منظوری دیدی گئی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے ممبران اسمبلی کی سفارشات پر نئی ترقیاتی سکیموں کیلئے 77 ارب روپے کا فنڈز منظور کیا گیا ہے، ترقیاتی سکیموں میں سڑکوں کی تعمیر ومرمت، ڈرینج، سینیٹیشن، سٹریٹ لائٹس کی بحالی شامل ہوگی۔ اسی طرح اضافی کلاس رومز بنانے کی ترقیاتی سکیموں کو بھی منظور کیا گیا ہے، ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی کی جانب سے 450 ترقیاتی سکیموں کی سفارش کی گئی تھی، وزیراعلی آفس میں پیپلز پارٹی نے ملتان، راولپنڈی، بہاولپور ڈویژن میں ترقیاتی سکیموں کی سفارش کی تھی۔ وزیراعلی آفس بہاولپور ڈویژن میں 324 ترقیاتی سکیموں کے لئے 11 ارب 40 کروڑ روپے، ڈیرہ غازیخان ڈویژن میں 278 ترقیاتی سکیموں کیلئے 8 ارب 10 کروڑ روپے، فیصل آباد ڈویژن میں 306 ترقیاتی سکیموں کیلئے 5 ارب 93 کروڑ 60 لاکھ روپے کے فنڈز منظور کرلئے گئے ہیں۔

چینی وزیراعظم کے دورہ پاکستان پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 14 اکتوبر کو بلانے پر غور

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے چینی وزیراعظم کے دورہ پاکستان پر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلانے پر غور شروع کر دیا، مشترکہ اجلاس 14 اکتوبر شام کو بلائے جانے کا امکان ہے۔ تفصیلات کے مطابق مشترکہ اجلاس کے سبب سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا دورہ سوئٹزرلینڈ ملتوی کر دیا گیا ہے۔

چیئرمین پی اے سی ایم پی اے اصغر علی ترین سے صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی ملاقات کر رہے ہیں

پشتون بلٹ میں وومن لائبریری کا قائم ایک احسن اقدام ہے، ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ

ملک وقوم کی ترقی میں لائبریریوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے

لورالائی (این این آئی) لورالائی ڈپٹی کمشنر میران بلوچ کی کاوشوں سے لورالائی بلکہ بلوچستان کے پشتون بلٹ میں وومن لائبریری کا قائم ایک احسن اقدام ہے ملک وقوم کی ترقی میں لائبریریوں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے جب تک ہماری لائبریریاں آباد تھیں تو مسلمان دنیا پر حکمرانی کر رہے تھے۔ ان خیالات کا اظہار لورالائی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سشن کورٹ میں ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی کوششوں سے بنا گیا وومن لائبریری کے افتتاحی تقریب میں کہی

معاشی بہتری کیساتھ گاڑیوں کی فروخت میں 24 فیصد اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) ملکی معیشت میں بہتری کے باعث گاڑیوں کی فروخت میں بھی اضافہ ہونا شروع ہوگیا ہے۔ گذشتہ ماہ (ستمبر 2024) کے دوران پاکستان میں گاڑیوں کی فروخت 24 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

قادیانیوں کا اپنے آپ کو مسلمان یا احمدی کہلانا درست نہیں، چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

بحیثیت پاکستانی شہری قادیانیوں کیلئے لازم ہے وہ آئین میں طے شدہ اپنی آئینی حیثیت کو تسلیم کریں، محمد راغب حسین نعیمی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر محمد راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ قادیانیوں کا اپنے آپ کو مسلمان یا احمدی کہلانا درست نہیں، بحیثیت پاکستانی شہری قادیانیوں کیلئے لازم ہے وہ آئین میں طے شدہ اپنی آئینی حیثیت کو تسلیم کریں۔ ایک بیان میں چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل ڈاکٹر محمد راغب حسین نے کہا کہ عدالت نے اپنے گزشتہ 6 فروری اور 24 جولائی کے فیصلوں کو نہ صرف واپس لیا بلکہ رسول محتشم ختمی المرتبت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت بارے آیات قرآنیہ اور احادیث سے دلائل بھی پیش کیے

سعودی عرب کا ریکوڈک میں سرمایہ کاری کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب نے ریکوڈک منصوبے میں سرمایہ کاری کا فیصلہ کرلیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ماہرین نے بتایا کہ کینیڈین بیرک گولڈ کا ریکوڈک میں 50 فیصد حصہ ہے،

اللہ کا شکر ہے، آئی پی پیز کے حوالے سے ہماری کوششیں کامیاب رہیں، ایس ایم تنویر

وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد 5 آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے ختم ہو رہے ہیں، سربراہ یو بی جی

کراچی (این این آئی) وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد 5 آئی پی پیز کے ساتھ معاہدے ختم ہو رہے ہیں جس کے لیے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے پلیٹ فارم یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) نے اپنا کردار خوش اسلوبی کے ساتھ ادا کیا۔ یونائیٹڈ بزنس گروپ کے پیٹرن ان چیف ایس ایم تنویر نے کہا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں کہ اس نے ہماری عاجزانہ مہم کو کامیاب بنایا اور ہمیں ملک کی تاجر برادری کی خدمت کرنے کا موقع دیا۔ انھوں نے بتایا کہ 107 انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسر (آئی پی پی) کے ساتھ مسائل کو حل کرانے کی کوششیں بالآخر تکمیل کے قریب ہیں

کوئٹہ، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ سے رکن صوبائی اسمبلی شاہدہ روف عظمیٰ یعقوب شایان عمران و دیگر ملاقات کر رہی ہیں

الخدمت کوئٹہ ہسپتال میں معیاری وسستی علاج کی سہولیات فراہم کریں گے، پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمن

بیس کروڑ لاگت سے تیار الخدمت ہسپتال کوئٹہ بلوچستان کے عوام کے علاج کیلئے بہترین قیمتی تحفہ ہے

کوئٹہ (این این آئی) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے صدر پروفیسر ڈاکٹر حفیظ الرحمان نے کہا کہ بیس کروڑ لاگت سے تیار الخدمت ہسپتال کوئٹہ بلوچستان کے عوام کے علاج کیلئے بہترین قیمتی تحفہ ہے عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے تعلیم وصحت پر توجہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ملک میں دو کروڑ باسٹھ لاکھ بلوچستان میں 28 لاکھ بچے سکول سے باہر ہیں سینکڑوں میلوں دور علاج کی سہولیات دستیاب نہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن کا ملک بھر میں تیس ہزار یتیم بچوں کی کفالت کر رہی ہے۔ 56 ہسپتال 350 ایمبولینس اور 22 آغوش سینٹر (یتیم خانے) کچرہ چننے والے بچوں کی تعلیم کیلئے 80 سینٹرز قائم کیے گیے ہیں بلوچستان میں پڑھتا بلوچستان کے نام سے دو سو تعلیمی سینٹرز بلوچستان میں قائم کیے ہیں۔ الخدمت کوئٹہ ہسپتال میں معیاری وسستی علاج کی سہولیات فراہم کریں

قلعہ سیف اللہ، ڈپٹی کمشنر سعید احمد دمڑ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ بولان حب

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد الیاس کبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آرسی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

سیاسی استحکام

قارئین کرام ! ذرا غور تو فرمائیں، وائے بدنصیبی، اختتام دوسری جنگ عظیم کی کوکھ سے تحلیل ہوتے نوآبادیاتی نظام میں جمہوری جذبے اور علمی وسیاسی مزاج و انداز کی طویل جدوجہد سے قائم ہمارے پاکستان کی 76 سالہ تاریخ بہت ہی گنجلک اور تباہ کن ثابت ہوئی۔ 7 عشروں اور تادم 6 سال پر محیط قیام پاکستان کی پہلی صدی کے سفر میں سیاسی لیڈرشپ کے مجموعی رویے، عوام کی کیفیت اور پوزیشن اور طاقت و اختیارات کے مراکز کے حوالے سے اس) بعدازقیام کی تاریخ (کے یہ پہلو بہت منفی لیکن غالب رہے اب مکمل بے نقاب۔ الگ ہے کہ آج کی سیاست کے بڑے اسٹیک ہولڈر اسے پروپیگنڈے اور اس کی بڑی حکمت عملی تکرار (PERSUATION) کے زور پر مسخ تاریخ و واقعات کو آج بھی سچ و اصل بنا کر نئی نسل کو مزید گمراہ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جا رہی۔ قوم کے خلاف قومی ذرائع سے پروپیگنڈا بہت مہلک نتائج دیتا ہے۔ ستم یہ سب کچھ سرکاری خزانے و وسائل سے بجٹڈ ہے۔ تاہم قومی سفر میں برسوں سیاہ سیاہی فراموشی کرنے والوں میں سے عوام کی لی گئی یکسر بدلی پوزیشن قومی حوصلے و اعتماد کو بڑھائے گی۔ غربا کے بھی ہاتھ لگ گئی بیش بہا کمیونیکیشن ٹیکنالوجی نے انہیں اپنے زور پر ایمپاورڈ کرنے میں کمال کر دیا اگرچہ اس سے پیدا ہونے والے منطقی ڈیزاسٹر ابتدائی ارتقا میں حائل لازمہ ہے لیکن مافیہ راج میں پیدا ہوا خوف و گھبراہٹ بھی جہاں مطلوب و مقصود حصول ہدف کی صورت بن رہی ہے تو اس کا ردعمل بھی کل ریاست اور اسکے عوام کیلئے پریشان کن بھی ہوتا جا رہا ہے۔ اس صورت کو قومی مکالمے اور قانون سازی سے مینج کرنا بہت دیر آید بہت درست آید بھی تو ثابت ہو رہا ہے۔ بمشکل تمام ناکے توڑتے، بغیر شور و غوغا کرتے دبے پاؤں 8 فروری کو پولنگ اسٹیشنز پر پہنچ کر مافیہ راج پر جو بیلٹ بمباری کی گئی اس نے یقین جانیے کڑی مہنگائی سے دم نکلے ماحول میں آنے والے وقت میں آئین کا امین اور یوں عوام کو ہی استحکام کا ذریعہ بنا دیا۔ ووٹ ووٹر کو رسوا کر کے دستور کو روند کرائے بی سی صورتوں کی پلاننگ اور ان پر مکارانہ اور مرضی کے عدالتی فیصلوں سے ٹیلر میڈ حکومت سازی کے تمام سوراخ بند کرنے پر عوام مافیہ راج کے مقابل آن کھڑے ہوئے ہیں۔ اولیگارکی کے ہتھکنڈوں کو ناکام بنا کر عوام اور ان کی اپنی، ان کے منتخب نمائندوں اور ہر سطح کے سیاسی لیڈروں کی اسیری کے ایثار نے مستقبل قریب میں ایک تازہ دم سیاسی عمل سے مطلوب سیاسی استحکام کا ایک پائیدار ذریعہ تشکیل دیدیا ہے۔ بلاشبہ یہ سیاسی استحکام جو جتنا سردست ناقابل دید ہے اتنا ہی آشکار ہوا چاہتا ہے، مملکت کو دنیا میں شرمسار کرنے والے اور اقتصادی استحکام حائل مقدمات کی زنجیر میں جکڑی قیادت و عوامی بیداری و شعور کی اس بابرکت اور نتیجہ خیز پروڈکٹ) کاسٹڈ ووٹ(سے ماہ آزادی پاکستان میں نتائج دیتا نظر آ رہا ہے۔

بہت اطمینان بخش نوید سحر کی پھٹتی پو سے نیا زمانہ نکلنے کو ہے۔ عشروں سے آئی پی پیز سے ریاستی و عوامی معیشت کو تباہی سے دوچار کرنے والی اجارہ دار حکومتوں کی صفوں میں ابن الوقتی سے نہیں ضمیر کی حقیقی بیداری کی صورت محبان پاکستان کے کلمہ حق کا والیم بلند ہو رہا ہے۔ بوکھلائے سیاسی حکومتی اقدامات و ابلاغ 8 فروری کی حقیقت کو ٹیلر میڈ الیکشن کمیشن کی باطل فیصلوں اور خلاف حلف و آئین تشریحات کو یومیہ بنیاد پر بے نقاب کر نہیں رہے؟ کیا پولیس و انتظامیہ کے عوام دشمن رویے اور منقسم ہوگئی یا کی گئی عدلیہ کے پابند آئین و حلف و اتحاد ہونے کی ریت آشکار نہیں ہو رہی؟ گویا صورتحال اور بحران در بحران کی پیچیدگی اور جکڑ پکڑ اپنی جگہ لیکن عدالتی عمل میں

تحریر: ڈاکٹر مجاہد اختر منصوری

تشویشناک تعطل کے بعد مہنگائی سے بلبلاتے غریب عوام کے ہاتھوں جیبوں میں بذریعہ سیاسی استحکام موجود شکر الحمد للہ حکومتی صفوں کے معدودے چند ملک کے وفا شعاروں کو نظر آ گیا بلاشبہ ابھی مافیہ راج کا دم خم باقی ہے اور عوام اس کی بڑے فیصد میں پیدا کی گئی مصنوعی مہنگائی) جیسے آئی پی پیز معاہدے (اور فسطائی حربوں ہتھکنڈوں کے اسیر لیکن گھبرانا نہیں مددِ خدا ساتھ، عدلیہ نے کام کرنا شروع کر دیا بوکھلا کر مہینوں مافیہ راج نے دھمکا کر چیختے چنگھاڑتے سیاسی ابلاغ سے دبانے اور ہراسگی کی نامراد کوشش کی، نہ 8 فروری کی توہین عوام کا کوئی نتیجہ نکلے گا نہ سیاسی ابلاغ سے بدترین و قابل مذمت توہین نظام کا۔ ویسے نکلے گا کیا بلکہ شروع ڈوبتے جہازوں کیے رشہ پر رش مقابل روزانہ وزرا و مشیروں کی پریس کانفرنسز کی مزاحمت بے نتیجہ لیکن ان کا بھی نتیجہ تو نکل رہا ہے حکومتی ڈپریشن، بوکھلاہٹ، نااہلی، سطحیت سب ہی کچھ تو خود ہی بے نقاب نہیں کر رہے؟

قیام پاکستان کی پہلی صدی کا آخری ربع جاری اب تک سفر خرد کش میں سیاسی کھلواڑ سے پاکستان دولخت ہو گیا اور ایٹمی بھی، غضب خدا کا اب ایٹمی اور کنگال بھی، آنے والا ماہ آزادی کا ہے تعمیر پاکستان کا از سر نو آغاز سفر صفر سے شروع ہوا چاہتا ہے عزم باندھا جائے کہ عوام کے قانونی، سیاسی اور ملی جہاد کے نتائج پر استحکام سیاست لیڈنگ ٹو بحالی معیشت سیاسی انتقام سے مکمل پرہیز لیکن گندم مافیہ سے کسانوں کو ان کی پوری فصل کی بمطابق وعدہ و یقین دہانی سے مالی نقصان کا ازالہ اور اتنے گھمبیر اور ملکی بقا کا سوال گئے بحران میں آٹے کی جان لیوا تقسیم کی آڑ میں 20 ارب کی آٹا چوری ملکی فصل کے مقابل برآمدی فصل کی کرپشن، سب سے بڑھ کر آئی پی پیز کے تمام معاہدوں اور ان سے کمائے جائز و ناجائز منافع کے حقائق عوام کے سامنے لانے پر فرانزک آڈٹ کے لئے کمیشن کو اب سنجیدہ مطالبہ اور عوام سے عہدہ بنایا جائے، تمام ریاستی اداروں کے برباد امیج اور آئینی فریم ورک کی آسان ترین تشریح اور حدود و پابندی کو یقینی بنایئے۔ ٹیکس، بجلی چوری، ملکی کوئلے کے) ایٹ لارج (منجمد ذخائر کو کھولنا ہے، پانی کے ذخائر سے ممکنہ حد تک بجلی بنانے اس گورننس سے عوامی ڈیلنگ کے معاملات مسائل کو مکمل شفافیت سے نپٹانا ہے۔ عوام کو پارٹی سپیئری اپروچ سے مکمل ایمپاورڈ کرنیکیلئے عوام دوست لوکل باڈی سسٹم رائج کرنے کیلئے ٹائم فریم کا اعلان کرنا ہے موجودہ بوسیدہ اور دو طرز کے نظام تعلیم کو اکھاڑ کر مرحلہ وار منصوبہ بندی سے قوم کی مطلوب تعلیم و تربیت کو سیاسی جماعتوں نے اولین منشور کا نکات میں شامل کرنا خواتین اور بچوں کے حقوق اور تحفظ کو یقینی، نوجوانوں کو ملک گیر سطح پر انقلابی اہداف دے کر مسلسل سرگرم کرنا اور تمام غضب شدہ بنیادی حقوق فوری بحال کرانیہیں 8 فروری کی مینڈیٹڈ حکومت کیسے تشکیل پانی ہے اس کے فیصلے اب آئین و قانون کی تشریح

سے عدلیہ نے کرنے ہیں۔ اڑھائی سال سے جاری ملکی داخلی سیاسی انتشار اپنے تسلسل اور جملہ اشکال کے اضافے سے شدت اختیار کرتا، قومی زندگی کے ہر شعبے خصوصاً عوام کی گزر بسر کو منفی متاثر کرتا، باہمی داخلی تنازعے کی شکل تو اختیار کر گیا ہے۔ یہ) ISC ملکی داخلی تنازعات (ترقی پذیر دنیا کا عام رجحان ہے، اب تو یہ فلسفہ جمہوریت کی پریکٹس میں کھوٹ اور منافقت غالب ہونے سے، اس عوام دشمن رجحان ترقی پذیر جمہوریتوں کا بھی رخ کر گیا ہے) اس پر کبھی بات ہوگی (لیکن پاکستان کے قیام کے 77 سال بعد اس نے جتنی گھمبیر اور پیچیدہ شکل اختیار کی ہے، وہ ترقی پذیر دنیا کے آئی ایس سیز کی مجموعی شکل کے برعکس مکمل منفرد اور زیادہ تشویش کا حامل ہے۔ وجہ پاکستان میں ترقی پذیر دنیا کی مجموعی اولیگارکی) مافیہ راج (کے پیدا کردہ ماورائے آئین و جمہوریت حکومتی عوام دشمن ہتھکنڈوں کیخلاف، عوام الناس کی مزاحمتی صلاحیت ہے، جس میں حصولِ حق آزادی رائے کیلئے میڈیا کی مزاحمت سرفہرست ہے۔ اب اس میں سوشل میڈیا) اپنی قباحتوں کے باوجود (نے چند ہی سال میں بہت اضافہ کر دیا ہے۔ پھر پاکستانی موجود اور نئی نسل اپنے جمہوری مزاج بزرگوں کے سیاسی مزاج و رجحان کی وارث ہے، جنہوں نے نئی مملکت کا ناممکن سا قیام اپنی کمال علمی و فکری و اعلیٰ ابلاغی صلاحیتوں اور جمہوری جذبے سے کیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے پہلے ہی عشرے میں قائد کی رخصتی اور انکے دست راست کی شہادت سے مطلوب گڈ گورننس کا جو بڑا خلا ابتدا ہی میں پیدا ہوا اس نے پاکستان کی قومی سیاست میں دوطرفہ سیاسی و حکومتی مزاحمت کو جنم دیا۔ یوں آئین سازی میں تاخیر، اسکی تشکیل پر عدم اطلاق کی سازشیں، عوام سے متضاد جاگیردارانہ سیاست و بیوروکریسی کے گٹھ جوڑ نے 1956 کے جمہوری آئین کی تشکیل اور نفاذ کے باوجود اسے معطل و منسوخ کر کے پہلے دس سالہ مارشل لا سے مستحکم عشرہ قائم کرانے میں کامیابی حاصل کی۔ ہماری 77 سالہ تاریخ کا یہ پہلا عشرہ بہت پیچیدہ تھا، جو 3 سالہ خالص مارشل لا پھر 7 سالہ فرد واحد کے دستور (1962) پر مشتمل تھا۔ عوام قبولیت کے مقابلے میں اس کیخلاف جمہوری مزاج کے آئین کی اہمیت پر چوکس اہل سیاست کی مزاحمت، آنیوالے عشرہ میں نحیف جمہوری یا نیم جمہوری متنازع ادوار کے مقابل بہت کم تھی۔ پہلے مارشل لائی دور کی حقیقت یہ نہیں کہ اسکے نفاذ کیساتھ ہی مستحکم مرکز اقتدار قائم ہوتے ہی واحدانہ طرز حکومت میں مشرقی اور مغربی پاکستان ہر دو صوبوں میں غیر جمہوری حکومت کے قیام کو عوامی پذیرائی ملنے کا درجہ بھی بلند تھا اور ملکی سیاستدانوں کی بھی بڑی کھیپ نے اسے خوش آمدید کہا۔ جدید تعلیمیافتہ ذوالفقار علی بھٹو، چیف مارشل لا ایڈمنسٹریٹر ایوب خان کے بلیو آئیڈ بوائے کے طور کابینہ میں نئی نسل کے نمائندہ تھے جبکہ مادر ملت محترمہ فاطمہ جناح سمیت مشرقی و مغربی پاکستان سے تعلق رکھنے والے تحریک قیام پاکستان کے سیاست دانوں کی ایک بڑی کھیپ نے نفاذ کو خوش آمدید کہا، وہ 1962 کے آئین کو قبول کرتے ایوبی کابینہ میں بھی شامل رہے۔ بی ڈی سسٹم نے ہر دو صوبوں مشرقی و مغربی پاکستان میں بی ڈی نظام سیاست کی قبولیت کو بڑے فیصد میں قبولیت بخشی لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ محدود آزاد میڈیا، نیم انقلابی جمہوری پہلوؤں کیخلاف مزاحمت اور جوابی حکومتی فسطائیت جاری رہی۔ لیکن آئین 1962 کی بڑے فیصد میں سیاسی و عوامی قبولیت سے ملکی سیاست میں ٹھہراؤ تو آیا تھا،

امانت آخر لوٹانی ہے

[illegible]

[...] مختلف سرکاری پروجیکٹس کا صفایا کرنے میں ہم سے بڑا ہنرمند آپ کو کائنات میں کہیں نہیں ملے گا۔ عیش وعشرت کو اپنا حق سمجھتے ہیں۔ مگر عقیدے کے حوالہ سے کچھ چیزیں ایسی ہیں جو ہم ایک لمحہ کیلئے قبول نہیں کرتے۔ خطا کار کو ہم خود پکڑتے ہیں، خود عدالت بن کر قصوروار کو سزا سناتے ہیں اور سزا پر عمل درآمد کرنے کیلئے پھانسی گھاٹ کا لیور خود چلاتے ہیں۔ بدبخت مجرم کو سرعام کوڑے مارتے ہوئے حتمی انجام تک پہنچاتے ہیں۔ اس سے ہمارے عقیدے میں ہماری روحانی کیفیت کا آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں۔ ایسی بیہودہ باتیں ہم ایک لمحہ کیلئے برداشت نہیں کرسکتے۔ یاد کرنے کی کوشش کیجئے پچھلے دنوں ایک گستاخ فیکٹری منیجر کی وہ گت بنائی تھی کہ دنیا بھر کے لوگوں کو ہم نے ہلا کر رکھ دیا تھا۔ ناقابل برداشت چیزوں میں ایک بدبخت سور کا نام بھی آتا ہے۔ ہم ویتنام، کمبوڈیا، کوریا، چین میں کتے بلیوں اور چھچھوندر کا قورمہ تناول کر سکتے ہیں مگر سور کے گوشت کی ایک بوٹی ہم اپنی پلیٹ میں برداشت نہیں کرسکتے۔ ہم بھوکے مر جائیں، مگر سور کے گوشت کو آخری سانسوں تک ہاتھ نہیں لگا سکتے۔

ہم جانتے ہیں کہ سور باولے کتے کی طرح ہمیں کاٹ نہیں سکتا۔ شیر اور چیتوں کی طرح سور ہمیں چیر پھاڑ کر کھا نہیں سکتا۔ خونخوار جانوروں کی طرح سور گوشت خور جانور نہیں ہے۔ مگر ہم سور سے بے پناہ نفرت کرتے ہیں۔ ہم شیر اور چیتے سے نفرت نہیں کرتے ہم شیر اور چیتوں سے ڈرتے نہیں۔ ہم خونخوار جانور سے ڈرتے نہیں۔ بھیڑ، بکریوں، خرگوش، گائے، بیل اور گینڈے سے نہیں ڈرتے، ہاتھی سے نہیں ڈرتے۔ مگر جب عالموں اور دانشوروں نے ہمیں متنبہ کیا کہ سورج غروب ہونے کے

[...] ہانپتا کانپتا گیدڑ جب میرے قریب سے گزرا تو میں نے اس سے پوچھا۔ مجھے تو تمہارے تعاقب میں کوئی بھیڑیا، ریچھ، چیتا دکھائی نہیں دیتا۔ تم کس سے اپنی قیمتی جان بچانے کیلئے دوڑ رہے ہو؟۔

اس نے جواب نہیں دیا۔ دوڑتا رہا۔ میں نے نرم اور گرم لہجہ میں کہا گیدڑ بھائی، میں آپ سے پوچھ رہا ہوں۔ آپ کے تعاقب میں آتے ہوئے مجھے بھیڑیئے دکھائی نہیں دیتے۔ تم کس سے جان بچانے کیلئے دوڑ رہے ہو۔ اس نے ہانپتی کانپتی آواز میں کہا۔ جان بچانے کیلئے بھاگنے والے گیدڑ نہیں ہوتے، جیسے تم۔ مجھے سمجھنے میں دیر نہ لگی۔ میں نے ہمدردی جتاتے ہوئے کہا۔ ان سی آئی ڈی والوں نے ہم عام آدمیوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ گیدڑ نے کہا میں سی آئی ڈی والوں سے جان بچانے کیلئے نہیں بھاگ رہا۔ میں نے تعجب سے پوچھا تو کیا بھتہ خوروں سے بھاگ رہے ہو۔ میں ایک مرتبہ بہت بھوکا تھا۔ بھوتار سائیں نے ایک ووٹ کے عوض مجھے بریانی کھلائی تھی۔ گیدڑ نے کہا۔ جب تک بڑا بھوتار سائیں زندہ تھا، میں مفت بریانی کے عوض اسے ووٹ دیتا رہا۔ بڑے بھوتار سائیں جا بسے ہیں جنت میں، اب چھوٹا بھوتار سائیں پچاس برس پہلے کھائی ہوئی مفت کی ایک بریانی کی پلیٹ کے عوض مجھ سے ووٹ مانگ رہا ہے۔ اس نے اپنے غنڈے میرے پیچھے لگا دیئے ہیں۔ ان بدمعاشوں سے بچنے کیلئے میں بھاگتا رہتا ہوں۔ اس سے پہلے کہ میں کچھ کہتا، گیدڑ نے پوچھا تم کیوں بھاگ رہے ہو؟۔ میں نے کہا میرے پاس امانت ہے۔ وہ مجھے ہر حال میں لوٹانی ہے۔ مگر میں امانت لوٹانا نہیں چاہتا۔ اس لئے دوڑ رہا ہوں۔

قومی صراط مستقیم

علم سیاست کی رو سے ایک جمہوری معاشرے میں تمام شہریوں کو منجانب ریاست احتجاج کا آئینی حق، اللہ تعالیٰ کی اپنے بندوں پر ان گنت نعمتوں میں سے فقط ایک ہے لیکن حجم میں بڑی اور بیش بہا، اس) حق احتجاج (کے کثیر الجہت فوائد اپنی نوعیت اور بنی فشریز کے وسیع دائرے کے حوالے سے اتنے کہ یہ مختلف نظام ہائے حکومت میں کامیاب ترین نظام جمہوریت کی فلاسفی، تشخص اور ستونوں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ گویا یہ بنیادی انسانی حق صحت مند جمہوریت کے چند لازموں میں شامل ہوتا ہے۔ ایک جمہوری ریاست میں پولیٹکل سائنس کے علم کا اطلاق اپنی پریکٹس اور اس کے جملہ پہلوؤں پر تحقیق بار بار اس امر کی تصدیق کرتی ہے کہ جن ریاستوں میں آئین کی مکمل اور حقیقی پیروی کرتے حکومتیں اپنے شہریوں کو احتجاج کا حق بلا رکاوٹ فراہم کرتی ہیں ان میں ایک بڑے فیصد میں ریاست و حکومت کی جملہ ضرورتیں خود بخود پوری ہونے کا نظام بننے اور مسلسل مستحکم ہونے کا عمل شروع ہو جاتا ہے جو خود حکومتوں اور شہریوں دونوں کے مفادات کو محفوظ کرنے کا ضامن بن جاتا ہے جس سے حکومت، ریاستی اداروں پر عوام کا اعتماد قائم رہتا اور بڑھتا ہے اور حکومتیں اپنے اقدامات اور جمہوری اپروچ دونوں اعتبار سے عوام کے قریب اور ان کی معاون بن جاتی ہیں۔ اس رجحان سے عوام کی اقتدار میں شرکت عملاً ہو جاتی ہے اور اس کا تاثر عوام الناس کی سطح پر عام ہوتا ہے جس سے بہترین جمہوری فضا بنتی ہے جو اپنے بلا رکاوٹ استقلال سے آئیڈیل ہوتا ہے اور حکومتوں کے استحکام، عوام کے اطمینان، کاروباری زندگی کی روانی کیلئے آکسیجن اور سرمایہ کاری کی نتیجہ خیز ترغیب کا سبب بنتا ہے اس سے اندازہ لگالیں کہ شہریوں کو حق احتجاج ملکی سیاسی عمل کو تو صحت مند رکھتا ہی ہے اس کے اثرات ملکی معیشت اور عوامی خوشحالی تک پر مثبت ہوتے ہیں۔ علم سیاسیات کا ہی علم واضح کرتا ہے کہ ترقی پذیر جمہوریتوں کمزور ڈگمگاتی اور عدم تحفظ کے احساس میں مبتلا رہنے والی حکومتیں آئین میں شہریوں کو حق احتجاج کی واضح موجودگی اور اسے تسلیم کرنے کے جواز کے باوجود مخالف سیاسی جماعتوں کو احتجاج کا حق دینے پر آمادہ نہیں ہوتیں۔ انہیں یہ حق لینے میں جملہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے غیر ضروری طور پر

اور مقاصد کے قوانین ہتھیار کے طور اپوزیشن کو دبانے ان پر تشدد اور احتجاج سے باز رکھنے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ یوں حکومت اپوزیشن تعلق بگڑ کر بڑھتا ہے تو عدم استحکام کی صورت بنتی ہے۔ واضح رہے حق احتجاج کا براہ راست تعلق شہری آزادیوں سے ہے یہ حق ہر شہری، گروپ آف پیپلز اور صحافیوں، اقلیتوں، خواتین، مختلف پیشہ ورانہ تنظیموں، کسانوں اور مزدوروں کے بنیادی و عمومی مفادات یا غم روزگار کے معاملات و مسائل سے ہوتا ہے۔ ترقی پذیر جمہوریتوں کی نااہل غیر پختہ اور لو کپیسٹی حکومتیں مختلف النوع فیصلہ سازی میں دانستہ نادانستہ بڑے بڑے بلنڈرز کرتی ہیں اس سے مختلف طبقات کے بنیادی حقوق اور مفادات متاثر ہوتے ہیں تو ان کی نشاندہی اور حکومتی عوام مخالف فیصلہ سازی کی نشاندہی مفصل و مکمل شکل میں متاثرین کے احتجاج سے ہی ہوتی ہے۔ جب وہ اپنے حق کا استعمال کرتے ہیں تو فیصلہ سازوں کو نشاندہی ہوتی ہے کہ وہ کیا کچھ غلط کر گئے اگر وہ تصحیح سے انکاری ہو جائیں تو حق احتجاج تمام تر جبر و صبر کے باوجود لینے اور اسے دبانے کی کوشش ہر دو طرف سے ہو کر مزاحمتی ماحول سے سیاسی عمل، گورننس، حکومتی پوزیشن اور عوامی مفادات متاثر ہو کر گورننس کی ناکامی و کمزوری، اس کی قانونی حیثیت امیج کے حوالے سے کم تر درجے پر آنے سے رواں سیاسی عمل ڈسٹرب ہوتا اور عوام مایوس جبکہ احتجاج کی اجازت و حوصلہ افزائی عوام کے اطمینان حکومت کو عوام کے مفادات سے آگہی اور مفت میں سیاسی عمل کی ضرورت کے مطابق یہ مینج ہو جاتا ہے اسے بیچارے دور میں اپنی وضاحتیں، تردیدیں اور پروپیگنڈا جیسے جھنجٹ سے بچے رہنے کا اہتمام صرف سیاسی جماعتوں، گروپس آف پیپلز اور افراد کو حق احتجاج دینے سے ہو جاتا ہے اس کے برعکس حکومت کیخلاف یہ نا دینے پر اس کا عوام میں امیج سے لیکر اس کی قانونی حیثیت آئین کی تابعداری اور اطلاق کی غلطیوں کا ارتکاب مستقل بے معنی حکومتی رویے کی شکل اختیار کرلے تو نیچے سے اوپر تک اور ملکی سطح پر بہت کچھ بگڑتا ہے حکومت خود کو احتساب سے فری سمجھنے لگتی ہے اور عوام اپنی محرومی کا موازنہ عوامی کھلواڑ سے کرنے کیلئے اپنا حق لینے پر تل جائیں تو تحریکوں اور ایجی ٹیشن کا ماحول بھی بنتا جاتا ہے ترقی یافتہ اور ترقی پذیر

ممالک کی جمہوریتوں میں شہریوں کو حق احتجاج کے آسان حصول اور اس میں حکومتی رکاوٹ اور مزاحمت سے فوائد اور خساروں اور گڈ اور بیڈ گورننس کی کیس اسٹڈیز، تحقیق و علم سیاسیات کے لٹریچر میں بھری پڑی ہیں۔ گویا حق احتجاج کی فراہمی قوموں کی راہ مستقیم کا ذریعہ ہے۔ پاکستان کی 77 سالہ سیاسی تاریخ میں آئین سے محرومی، فرد کے آئین اور مرضی کی آئینی ترامیم سے پیدا ہونے والے بگاڑ نے جہاں نظام انصاف کی کوالٹی، لاقانونیت، دو قانونیت اور ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد کو کم تر کر کے ہر دور میں سیاسی و معاشی بحرانوں کی کھلی جگہ بنائے رکھی، وہاں آئین کے اطلاق کے باوجود حق احتجاج سے شہریوں کو محروم رکھنے یا انکی حصول کی جدوجہد میں حکومتی مزاحمت نے بہ حیثیت مجموعی مختلف ادوار کے حوالے سے داخلی استحکام، گورننس کے معیار اور عوام کے اعتماد اور مورال کو جتنا اور مسلسل نقصان پہنچایا اس کا آج کل، حاصل ملک کا موجود گھمبیر بحران ہے۔ بار بار اور مسلسل بلند درجے کی محرومی نے حکومتوں کو کرپٹ، عوام سے دور خود غرض اور سیاسی کھلواڑ میں مبتلا کئے رکھا جس سے ریاستی اداروں، سرکاری محکموں کی ساکھ، کارکردگی اور امیج کو بلند درجے پر خسارہ ہوا آج یہ سیاسی مرض اسلامی جمہوریہ پاکستان میں اپنی انتہا پر ہے، اس حق سے مسلسل محرومی نے ہمیں بطور قوم حق احتجاج کے استعمال کے صحیح طریق سے آشنا بھی نہیں کیا۔ اگرچہ ایٹ لارج عوامی احتجاج پرامن ہی ہوتے ہیں لیکن حکومتوں کی انکے خلاف اشتعال انگیز کارروائیوں سے غیر ذمے داری کے مظاہروں اور ایجی ٹیشن کی بھی کمی نہیں۔ وقت آ گیا ہے کہ حکومتیں حق احتجاج کی اس آئینی حق کی فراہمی میں اپنے مزاحمتی رویے میں تبدیلی لائیں اور سیاسی جماعتیں اور حکومتیں بھی ایسی باہمی قانون سازی کی طرف آئیں کہ سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو ڈھنگ اور موثر طور طریق سے آگاہی بھی دیں، لیکن اس میں غیر ذمے داری کے عنصر کی غالب حد تک ذمے دار حکومتیں ہی ہوتی ہیں۔ ملک میں سیاسی استحکام لانے میں اگر حکومت سنجیدہ ہو تو یہ نہیں چلے گا لاقانونیت اور دو قانونیت کی دیدہ دلیری سے جس طرح قوت اخوت عوام کا مینڈیٹ چوری کر نیپر احتجاج کے خلاف مزاحمت کا شاخسانہ اب بہت مہلک ہو گا۔ وماعلینا الاالبلاغ

☆☆☆☆☆☆☆

انٹیلی جنس اداروں کی کامیابی

انٹیلی جنس اداروں کی نشاندہی پر انسانی اسمگلنگ کا بین الاقوامی نیٹ ورک رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے۔ اس نیٹ ورک کو چلانے والے بھارتی ایجنٹ مختلف ممالک سے اس نیٹ ورک کو چلاتے تھے۔ ان مجرمانہ سرگرمیوں میں بعض افغان باشندے بھی ملوث تھے۔ پیسہ کمانے کے علاوہ ان سرگرمیوں کا مقصد بین الاقوامی طور پر پاکستان کو بدنام کرنا تھا۔ اس مقصد کیلئے یہ گروہ بھارتی اور افغان باشندوں کیلئے جعلی پاکستانی ویزے اور پاسپورٹ بنانے کی کوشش کر رہا تھا۔ خفیہ ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے بڑی مہارت اور محنت کے ساتھ بروقت اقدام کے ذریعے بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کا ثبوت دیا ہے اس کے ساتھ ساتھ ایک منظم طریقے سے پاکستان کی ساکھ کو محفوظ اور برقرار رکھا ہے۔ جس پر خفیہ ایجنسیوں اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے تحسین کے لائق ہیں۔ بلاشبہ یہ انٹیلی جنس اداروں کی بہت بڑی کامیابی ہے جنہوں نے انسانی اسمگلنگ میں ملوث ہونے اور پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر بدنام کرنے کا شرمناک منصوبہ بروقت ناکام بنا کر اس گروہ کو بے نقاب کیا اور اس مذموم دھندے میں ملوث افراد قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی گرفت میں آئے۔

انسانی اسمگلروں کا یہ بین الاقوامی نیٹ ورک سادہ لوح عوام کو بیرون ملک روزگار کے جھانسے دے کر لوٹنے میں ملوث تھا۔ اس گروہ نے 350 سے زائد افراد کو بیرون ملک کام دلانے کا جھانسا دے کر لوٹا ہے۔ ان وارداتوں میں یونانی سفارتخانے کا ایک ملازم بھی ملوث ہے جس کا نام طارق رفیق بتایا گیا ہے۔ اس کیعلاوہ غلام مرتضیٰ اور جاوید انجم نامی دو افراد کو بھی رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا ہے۔ جعلی ویزے بنانے کیلئے اس گروہ نے اپنا پرنٹنگ پریس بھی لگا رکھا تھا جہاں جعلی ویزا اسٹیکرز اور کئی ملکوں کے جعلی پاسپورٹ بھی تیار کرتے تھے۔ علاوہ ازیں جعلی ویزوں کیلئے ضروری دستاویزات بھی جعلی طور پر بنائی جاتی تھیں تاکہ سادہ لوح لوگوں کو دھوکہ دینے کیلئے اطمینان دلا سکیں۔ ان دستاویزات میں جعلی تعلیمی اسناد، ڈرائیونگ لائسنس اور متعلقہ ملک کا جعلی رہائشی پرمٹ وغیرہ شامل ہیں۔ جعل سازی کے یہ ماہر بینک اسٹیٹمنٹ اور وزارتی سفارشات بھی جعلی طریقہ سے اس پرنٹنگ پریس میں تیار کرتے تھے۔ اس گروہ نے مختلف اقسام کی مہریں بھی بنا رکھی تھیں جن کو یہ لوگ غیر قانونی دستاویزات بنانے میں استعمال کرتے تھے۔ آخری تفتیشی اطلاعات کے بارے میں ذرائع نے بتایا کہ یہ گروہ ان جعلی

دستاویزات کے ذریعے 78 ملین سے زائد لوٹ چکا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ یونانی سفارتخانے کے ملازم طارق رفیق نے یونان کیویزا اسٹیکر ان لوگوں کو فراہم کئے تھے۔

جعلسازوں کے اس گروہ کے بارے میں یہ بھی انکشاف ہوا ہے کہ یہ لوگ پاکستان کو بدنام کرنے کیلئے مذہبی بنیادوں پر ظلم وستم کی جعلی گواہیاں بھی کاغذات کی صورت میں اسی پرنٹنگ پریس میں تیار کرتے تھے اور مختلف ممالک میں سیاسی پناہ لینے والے بعض افراد بھی اس گروہ سے معاونت لیتے رہے ہیں۔ دوران تفتیش اس نیٹ ورک کے انٹرنیشنل ڈنکی گروہوں کیساتھ روابط کا بھی انکشاف ہوا ہے۔ انسانی اسمگلروں کا یہ نیٹ ورک کیش ہینڈلنگ کے علاوہ کرپٹو کرنسی میں بھی لین دین کرتا تھا۔ اس گروہ کے بارے میں تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا گیا ہے مزید گرفتاریوں کیلئے کوششیں جاری ہیں اور مزید سنسنی خیز انکشافات سامنے آنے کی توقع ہے۔

ان تمام تفصیلات کو قارئین کے سامنے پیش کرنے کا مقصد آگاہ کرنا ہے کہ بھارت کن طریقوں سے پاکستان کو بین الاقوامی طور پر بدنام کرنے کی کوششیں کرتا ہے جس میں اس کو بعض افغان باشندوں کی حمایت بھی حاصل ہے۔ یہ لوگ اس فراڈ کے ذریعے ایک طرف پاکستان کے سادہ لوح شہریوں کو لوٹتے ہیں اور دوسری طرف پاکستان کو بدنام بھی کرتے ہیں۔ خفیہ اداروں کی ٹھوس اور مکمل معلومات کی بنیاد پر قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی معاونت سے اس کارروائی کے نتیجے میں کئی پاکستانی اپنا سرمایہ اور عزت و وقار کھونے سے بچ گئے۔ یہ کارروائی انٹیلی جنس اداروں کی پیشہ ورانہ مہارت اور سخت محنت کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ انسانی اسمگلنگ کیخلاف جنگ میں یہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بڑی اہم کامیابی اور فتح ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ غیر قانونی طریقوں سے بیرون ملک منتقلی کے مضمرات اجاگر کرنے کیلئے عوامی بیداری و آگاہی پر مبنی باقاعدہ مہم چلائے۔ اس بین الاقوامی جعل ساز نیٹ ورک کے خلاف کریک ڈاون پاکستانی اداروں پر بین الاقوامی اعتماد کو تقویت دینے کا باعث بنے گا۔ بھارتی اور افغان باشندوں کیلئے پاکستانی پاسپورٹ بنانا پاکستان کے خلاف منظم سازش تھی جس کو خفیہ اداروں نے بروقت بے نقاب کر کے ناکام بنا دیا۔ بلاشبہ قابل فخر پاکستانی ادارے لائق تحسین ہیں۔

ڈیجیٹل دہشت گردی کے سدباب کی ضرورت

تاریخ وہ لوگ رقم کرتے ہیں جو زندگی کا گہرا شعور اور احساس رکھتے ہیں۔ شاعرِ مشرق اقبال کہتے ہیں تو اِسے پیمانہ امروزِ فردا سے نہ ناپ جاوداں، پیہم دواں، ہر دم جواں ہے زندگی۔ ان کے ہاں زندگی ایک مقصد سے عبارت ہے جس کا مختلف صورتوں میں اظہار ہوتا رہتا ہے۔

پاکستان جو ایک عظیم الشان مقصد کی قوت سے وجود میں آیا ہے، وہ اسی نصب العین کی طاقت سے ترقی اور خوشحالی کی شاہراہ پر آگے بڑھ سکتا ہے، مگر گزشتہ ایک عشرے سے اِس میں انہونے واقعات کا ایک تانتا بندھا ہوا ہے۔ سقوطِ ڈھاکہ تو سقوطِ غرناطہ کے بعد امتِ مسلمہ کیلئے بہت بڑا تاریخی سانحہ تھا جس کی ہماری قومی غلطیوں نے برسوں پرورش کی تھی۔ اس اندوہناک سانحے کے نتیجے میں مسٹر ذوالفقار علی بھٹو برسرِ اقتدار آئے اور انہوں نے بگڑے ہوئے معاملات بڑی حد تک سنبھال لیے تھے، اہلِ وطن کو ایک متفقہ دستور بھی دیا اور لاہور میں اسلامی سربراہ کانفرنس کا بڑی شان و شوکت سے انعقاد کیا۔ اِس کے علاوہ پاکستان کو ایٹمی طاقت بنانے کا عمل بھی حیرت انگیز سرعت سے تیز کر دیا تھا، مگر انہیں عقلِ کل ہونے کا خمار لے بیٹھا۔ وہ اپنے قریبی ساتھی جناب جے۔ اے رحیم سے بھی بہت بیرحمی سے پیش آئے تھے جنہوں نے ان کی سیاسی جماعت کو اپنا خونِ جگر دیا تھا۔ انہیں مختارِ کل بن جانے کا بھی بڑا شوق تھا، چنانچہ قومی اسمبلی میں دوتہائی اکثریت حاصل کرنے کیلئے انہوں نے 1977 کے انتخابات میں بڑے پیمانے پر دھاندلی کے انتظامات کیے۔ اپوزیشن جماعتوں نے انتخابات کے نتائج تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور فوج کے زیرِ اہتمام نئے انتخابات کرانے کا مطالبہ زور پکڑتا گیا۔ بھٹو صاحب نے عوامی مطالبہ تسلیم کرنے میں بہت وقت ضائع کر دیا جس کے نتیجے میں ملکی نظم و نسق مفلوج ہو گیا، چنانچہ پاکستان کو خانہ جنگی سے بچانے کیلئے فوج نے اقتدار سنبھال لیا۔ مسٹر بھٹو نوجوانوں میں بیحد مقبول تھے، اِس لیے انہیں

ٹھکانے لگائے بغیر عسکری قیادت کیلئے حکومت چلانا حد درجہ دشوار ہوتا جا رہا تھا۔ متوسط اور جمہوریت پسند طبقے بھٹو صاحب کی آمریت سے بہت زیادہ تنگ آئے ہوئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ جب مارشل لا نافذ ہوا، تو عوامی

تحریر: وسیم کھوڑو

حلقوں میں مٹھائیاں تقسیم کی گئیں۔ اِس فضا سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فوجی قیادت نے اعلیٰ عدلیہ سے ساز باز کی جس نے نواب محمد احمد خاں قصوری کے قتل کے جرم میں انہیں سزائے موت سنادی۔ حال ہی میں ہماری سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ مسٹر بھٹو کا ٹرائل منصفانہ نہیں تھا۔ بلاشبہ مسٹر بھٹو کا غلط طور پر خاتمہ سیاسی عمل کیلئے بیحد نقصان دہ ثابت ہوا اور عدلیہ کے وقار کو بھی ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا۔ سب سے بڑا ظلم یہ ہوا کہ فوج کے اندر اِقتدار کی خواہش اور عہدیداروں کو سیاست میں دخل دینے کا چسکا پڑ گیا۔

اِسی غلط روش کے نتیجے میں 2014 کے اوائل میں علامہ طاہر القادری کی روحانی طاقت کے بل بوتے اور خلائی مخلوق کے اشارے پر تحریکِ انصاف کے بانی جناب عمران خان نے اسلام آباد کا محاصرہ کر لیا۔ ان کا دھرنا کئی مہینے جاری رہا۔ اِس دوران پارلیمنٹ ہاؤس کی عمارت پر قبضہ کر لیا گیا اور ارکانِ پارلیمنٹ کئی ہفتے عمارت کے اندر مقید رہے۔ وہیں نہاتے، کپڑے دھوتے اور قیام کرتے۔ انہیں ہر وقت بلوائیوں کے اندر گھس آنے کا دھڑکا لگا رہتا تھا۔ اس وقت سپیکر جناب ایاز صادق تھے۔ انہوں نے دھرنا دینے والوں کے خلاف مقدمات درج کرائے، مگر کسی کو سزا نہ ہوئی۔ یہ ہماری تاریخ کا ایک انہونا واقعہ تھا۔ اس دھرنے میں سپریم کورٹ کے راستے بھی بند کر دیے گئے اور جج صاحبان متبادل راستوں سے عدالت تک پہنچتے رہے۔ اِسی دوران پی ٹی وی کے ہیڈ کوارٹر پر دھاوا بولا گیا جس کے باعث نشریات کا نظام درہم برہم ہو گیا۔ یہ راز اب سبھی کو معلوم ہے کہ

2018 کے انتخابات میں دھاندلی کے ذریعے جناب عمران خان مسندِ اقتدار پر بٹھائے گئے تھے۔ ساڑھے تین سال ان کے فوجی قیادت سے تعلقات خوشگوار رہے، لیکن بعدازاں ان کی ہرزہ سرائی اور انتہائی مایوس کن حکومتی کارکردگی سے ان کے درمیان سخت کشیدگی پیدا ہو گئی۔ صاف نظر آنے لگا تھا کہ پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچانے کیلئے تحریکِ انصاف کی حکومت کا خاتمہ ازبس ضروری ہے، چنانچہ ان کے خلاف تحریکِ عدم اعتماد آئی جو کثرتِ رائے سے کامیاب ہو گئی۔ اس وقت سے عمران خان پاکستان کے سب سے مضبوط اور منظم ادارے فوج کے خلاف نفرت بھری زبان استعمال کر رہے ہیں۔

ان کی جماعت نے اسلام آباد میں 8 ستمبر کو جلسہ عام کرنے کا اعلان کیا تھا۔ انتظامیہ نے اس پر ایسی پابندیاں عائد کیں جو تاریخ میں پہلی بار دیکھنے میں آئیں۔ مثال کے طور پر جلسے کا وقت شام چار بجے سے سات بجے تک مقرر کیا گیا جو بڑا ہی مضحکہ خیز تھا۔ راقم الحروف نے تقسیمِ ہند سے پہلے ایک جلسے میں شرکت کی تھی جس میں سید عطاء اللہ شاہ بخاری عشا کی نماز کے بعد تقریر کرنے کھڑے ہوئے اور صبح کی اذان پر وہ ختم ہوئی۔ جلسے میں وقت کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ بتایا جاتا ہے کہ جلسہ سات بجے کے بجائے کوئی رات کے دس بجے تک جاری رہا جس میں بڑی سخت اور اِشتعال انگیز تقریریں ہوئیں۔ وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے اعلان کیا کہ پندرہ روز میں پٹھانوں کا ایک لشکر پنجاب پر حملہ آور ہوگا۔ جلسے کے بعد پولیس نقاب پہن کر پارلیمنٹ ہاؤس میں داخل ہوئی اور تحریکِ انصاف کے دس اہم ایم این ایز گرفتار کر لیے۔ ایسا ہماری تاریخ میں پہلی بار ہوا ہے جس کے خلاف پارلیمنٹ کے اندر اور باہر شدید احتجاج ہوا۔ اسپیکر صاحب نے بھی شدید برہمی کا اظہار کیا ہے اور سیکورٹی کے پانچ افراد معطل کر دیے ہیں۔ حکمران جماعت اور ان کی حلیف جماعتوں کی طرف سے بھی شدید ردِعمل سامنے آیا ہے۔ اِس مسئلے پر گفتگو کرتے ہوئے پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے میثاقِ پارلیمنٹ کی تجویز پیش کی ہے جس کی نائب وزیرِ اعظم جناب اسحٰق ڈار نے تائید کی ہے اور سولہ رکنی کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ ہو گیا ہے۔ اِس وقت پارلیمنٹ کے تحفظ، نفرت اور اِشتعال پر مکمل کنٹرول اور ڈیجیٹل دہشت گردی کے سدِباب کی اشد ضرورت ہے۔

ہمیشہ دیر کر دیتا ہوں

کم وبیش پچھلے تین سال سے ہماری اسٹیبلشمنٹ کے کارِ جہاں گھمبیر، نبٹنے میں دیر کر دیتے ہیں۔ 27 اکتوبر 2022 جنرل ندیم انجم DG ISI کا میڈیا سے براہِ راست خطاب، ملکی تاریخ کا حیران کن واقعہ تھا۔ مرکزی خیال 2 ہی، عمران خان کا سائفر بیانیہ جھوٹا جبکہ ارشد شریف قتل کی واقعاتی شہادتیں سامنے لائے۔ عمران خان پہلی بار 2022 میں مقبول سیاست سے جب متعارف ہوئے، بنیاد ہی جھوٹ پر رکھی۔ دسمبر 2021 میں سیاست کیزیرو کو چند ماہ بعد سائفر جھوٹ نے ہیرو بنا ڈالا۔

12 اپریل 2022 کو میرے بیٹے حسان خان نے عمران خان کے سیاسی مستقبل بارے پوچھا، میرا جواب! چھ ماہ اندر عمران خان اور اسٹیبلشمنٹ میں سے ایک نے بچنا ہے۔ اگرچہ عمران خان پہلا راؤنڈ جیت چکا ہے، اسٹیبلشمنٹ سے ٹکرا کر سیاسی مستقبل مخدوش ہے۔ عمران دورِ حکومت کرپشن، نااہلی، بدانتظامی ہر شعبہ میں بدترین کارکردگی، دوسری طرف 2018 الیکشن میں وعدوں پر زمین اور آسمان کے قلابے ضرور ملائے، وفا نہ ہو سکے۔ عمران خان کی کامیابی کہ بھیانک دورِ حکومت سے صرف نظر ہے، زیرِ بحث سائفر جھوٹ ہے یا سائفر سچ ہے۔ ایسا ناممکن! اسٹیبلشمنٹ کی طاقت، عمران خان سے ہار جائے۔ عمران خان کو اقتدار چھننے کی بھنک پڑی تو براہِ راست اسٹیبلشمنٹ کو اپنی توپوں کے دہانے پر رکھ لیا۔ جنرل باجوہ کو جب میر جعفر کہا تو عمران مخالفین میں جنرل باجوہ کا دفاع کرنیوالوں کی تعداد صفر تھی۔ دوسری طرف، جنرل باجوہ گالیاں کھا کے بے مزہ نہ ہوا کہ مفاد کو نظرانداز کرنے میں تھا۔ 8/9 ماہ اسٹیبلشمنٹ کی گومگو کی کیفیت میں عمران خان بذریعہ سوشل میڈیا، جلسے جلوس، ریلیاں، مارچ سائفر بیانیہ پر بھرپور تائید حاصل کرتا رہا۔ تا آنکہ ملکی سیاست کا محور اکلوتا عمران خان بن گیا۔

27 اکتوبر 2022 جنرل ندیم انجم کی پریس کانفرنس میں سچ سامنے آیا تو تب تک عمران خان کا جھوٹ ملکی طول و عرض اور کرہ ارض کے درجنوں چکر لگا چکا تھا۔ ارشد شریف قتل کیس پر بھی جنرل ندیم نے جھوٹ کا خوب احاطہ کیا اور واقعاتی شہادتوں کی تفصیل دی مگر عمران خان اس سے فائدہ اٹھا چکا تھا۔ عمران خان نے ستمبر 2022 میں ادارے پر چڑھائی کی ٹھانی کہ لیفٹیننٹ جنرل عاصم منیر کی بطور آرمی چیف ممکنہ تعیناتی رکوانی تھی،

تحریر: حفیظ اللہ خان نیازی

ایک جہاں ششدر تھا۔ راولپنڈی GHQ پر لشکر کشی کی منصوبہ بندی، 9 مئی 2023 سے زیادہ بھیانک واقعہ سمجھتا ہوں۔ ستمبر اکتوبر میں رائے عامہ کو اکسایا بھڑکایا، مارچ پر آمادہ کیا۔ لائیو TV نشریات، جلسے، ریلیاں، انٹرویو، بیانات میں رٹ ایک ہی کہ جنرل عاصم منیر کو چیف نہیں بننے دینا، اسلام آباد مارچ جہاد اکبر ہے۔ عمران سوشل میڈیا ٹیم نے بیہودگی، بے شرمی، بازاری زبان کی بھرمار کر ڈالی۔ ارشد شریف کا قتل لانگ مارچ میں جان ڈالنے کا تڑکا تھا کیونکہ جہاد کمپین کو خاطر خواہ پذیرائی نہیں مل رہی تھی۔ عمران خان نے پلک جھپکتے ایسا تاثر پھیلایا جیسے قتل میں جنرل عاصم منیر یا اسکے زیر اثر کچھ افسران ڈرٹی ہیری، XYZ جیسے نام، ملوث تھے۔ جنرل ندیم DG ISI نے جب تک ارشد شریف قتل کی کچھ گتھیاں سلجھائیں، عمران خان سیاست اس سے فائدہ اٹھا چکی تھی۔ ہمیشہ کی طرح دیر کر دی۔ کاش اپریل میں سائفر پر اور اگلے دن ارشد شریف قتل پر تفصیلات آ جاتیں تو عمران خان کا مکو ٹھپنے میں کچھ آسانی ہوتی۔

پچھلے ہفتہ کے کالم اسٹیبلشمنٹ کینیت اور اہلیت میں جو رونا رویا تھا، دو دن پہلے دیکھنے کو ملی۔ اسلام آباد جلسہ کی تقاریر PTI کے گلے پڑنے کو تھیں کہ پارلیمنٹ پر حملہ، اسٹیبلشمنٹ کی نااہلی مستحکم کر گیا۔ کیا اسٹیبلشمنٹ کسی طور اپنی گوشمالی بھی کر پائیگی؟ آج اتحادی حکومت، سیاسی جماعتیں مدافعت پر، چند دن پہلے مولانا فضل الرحمان آئینی ترمیم پر آمادہ نظر آئے، آج انکاری ہیں۔ تحریک انصاف جلسہ کے جرائم سے بھی توجہ ہٹ چکی ہے۔

پنجاب یونیورسٹی کیوائس چانسلر کی تعیناتی پر نئی تکلیف دہ خبر، اسٹیبلشمنٹ پر خطرناک الزام چسپاں ہے۔ وائس چانسلرز زور زبردستی لگوائے ہیں اور وجہ مذہبی وابستگی بتائی گئی ہے۔ ایک تاثر اور بھی کہ پچھلے چند سال سے وطنی طول وعرض میں میرٹ سے زیادہ مذہبی وابستگی ترجیح بن چکی ہے۔ اگر صدر، وزیراعظم، وزرائے اعلیٰ، اداروں کے سربراہان اور دیگر ایسے ذمہ دار ان تعیناتیوں پر ایسی ترجیحات رکھیں گے تو پھر مملکت کیلئے "اناللہ "ہی پڑھ لیں۔

عمران خان سیاست کی PERCEPTION MANAGEMENT کو فل مارکس، اِدھر عمران خان بات گھڑتا ہے، سوشل میڈیا اسکو الہام بتاتا ہے۔ یہی وجہ، جب تک عمران خان کا جھوٹ پکڑا جاتا وہ دنیا کی سیر مکمل کر کے واپس، موصوف کا نیا جھوٹ رختِ سفر باندھ چکا ہوتا ہے۔ عمران بجائے حساب دینے کے حساب لیتا ہے۔

جنرل فیض حمید کی گرفتاری پر دلچسپی اتنی کہ کیا ماضی کی طرح اس بار بھی عمران خان حساب کتاب دینے کی بجائے اسٹیبلشمنٹ سے حساب کتاب لے گا؟ یقین کامل، اِدھر چند ہفتوں کی تاخیر، ادھر عمران خان کی Perception Management حقائق پر غالب آ جائیگی۔ جنرل فیض حمید کے بارے یکسو کہ 10 اپریل 2022 یا اس سے کچھ پہلے، عمران خان سیاست کو تسلسل سے طاقت فراہم کی۔ جلسے جلوس، ریلیاں، مارچ، ضمنی انتخابات، پرویز الٰہی وزارتِ اعلیٰ، عدالتی فیصلے، اسکے پیچھے یا اوپر سب فیض کا کرم تھا کہ عمران خان کی بات اب تک بنی ہوئی ہے۔ مت بھولیں کہ جنرل باجوہ کی اشیرباد کے بغیر فیض ایک بندہ ناچیز تھا۔ گمان اغلب، 29 نومبر 2022 کے بعد جنرل فیض نے جو کچھ کیا، اپنے گناہوں کا کفارہ ادا کرنے کیلئے کیا ہوگا۔ نپی تلی رائے، حرکات وسکنات بعد از ریٹائرمنٹ بمطابق اسکرپٹ تھیں، چنانچہ عمران خان اپنے انجام کو پہنچنے کو ہیں۔ شرط اتنی کہ ہمیشہ کی طرح دیر نہ ہو جائے، فیض حمید کارڈ بھی پہلے کی طرح کہیں EXPIRE ہو کر غیر موثر نہ ہو جائے۔ میں مان ہی نہیں سکتا کہ ریٹائرمنٹ کے بعد جنرل فیض اپنے طور پر ایسی بیہمانہ حرکت کا سوچتے۔ یقیناً یہ عمران خان کیلئے ہنی ٹریپ ہی ہوگا۔ مملکت کو بحران سے نکلنے کا آخری موقع ہے۔ امید ہے سچ آئیگا، حق جب آتا ہے تو جھوٹ بھاگ جاتا ہے۔

مقابلہ

وطن عزیز میں دوسری مرتبہ کسی خاتون کو سیکرٹری خارجہ لگایا گیا ہے، اس سے پہلے خاتون سیکرٹری خارجہ تہمینہ جنجوعہ کام کر چکی ہیں، اب 1966 میں پیدا ہونے والی آمنہ بلوچ کو سیکرٹری خارجہ تعینات کیا گیا ہے، آمنہ بلوچ نے قائداعظم یونیورسٹی سے تاریخ میں ماسٹرز کیا جبکہ سنگاپور سے ایم بی اے کی ڈگری حاصل کی 1991 سے سروس کا آغاز کرنے والی آمنہ بلوچ کے متعلق دفتر خارجہ کی ترجمان ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا ہے کہ آمنہ بلوچ پاکستان کی 33 ویں سیکرٹری خارجہ ہیں، ایک تجربہ کار سفارت کار، آمنہ بلوچ نے کئی اہم ذمہ داریاں انجام دی ہیں، وہ چین اور ملائیشیا کے علاوہ یورپی یونین، بلجیم اور لیکسمبرگ میں سفیر رہیں۔ کیا حسن اتفاق ہے کہ اس وقت ترجمان دفتر خارجہ اور سیکرٹری خارجہ دونوں بلوچ ہیں، ممتاز زہرا بلوچ سے پہلے بھی دو خواتین دفتر خارجہ کی ترجمان رہی ہیں، پہلی ترجمان تسنیم اسلم ایک ماہر سفارت کار کے علاوہ فنون لطیفہ پر بھی دسترس رکھتی تھیں، روحانیت پرست تسنیم اسلم اپنے مرشد کا نام بتانے سے ہمیشہ گریزاں رہیں۔ دفتر خارجہ کی دوسری ترجمان عائشہ فاروقی تھیں، عائشہ فاروقی نے اپنے چھوٹے چھوٹے مضامین پر مشتمل ایک کتاب شائع کی ہے۔ بھارت نے بھی اسی سال اگست میں یونین پبلک سروس کمیشن کی چیئرپرسن پریتی سودن کو مقرر کیا ہے، یہ کمیشن ایک جمہوری ادارہ ہے جو امتحان کے ذریعے پورے ملک اور مرکزی سول سروس کیلئے افسران کی تقرری کرتا ہے۔

تحریر: مظہر برلاس

پریتی 1983 کے ایڈمنسٹریٹیو سروس بیچ کی افسر ہیں ان کا تعلق کرناٹک سے ہے، آندھرا پردیش کیڈر کی پریتی سودن مرکزی سیکرٹری صحت رہیں، وہ بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ جیسے کلیدی مشنوں پر کام کر چکی ہیں۔ ہمارا انڈیا سے ہر شعبے میں مقابلہ ہوجاتا ہے، شاید مقابلے کی یہ دوڑ ایک ساتھ آزاد ہونے والے ملکوں میں پہلے دن ہی سے شروع ہو گئی تھی، بھارت میں پہلے پندرہ سال وزیراعظم رہنے والے جواہر لعل نہرو نے ہماری ابتدائی حکومتوں اور سیاستدانوں پر تبصرہ کرتے ہوئے ایک دن کہا تھا میں اتنے پاجامے تبدیل نہیں کرتا، پاکستان میں جتنی حکومتیں بدل جاتی ہیں۔ پاکستان میں خاتون وزیراعظم بینظیر بھٹو 1988 میں بنیں جبکہ بھارت میں اندرا گاندھی 60 کی دہائی میں وزیراعظم بن گئی تھیں۔ 1971 کی جنگ کے بعد ایک دن وزیراعظم اندرا گاندھی اپنے آفس میں کام کر رہی تھیں، انہوں نے شیشے میں سے جھانکا تو دیکھا کہ آرمی چیف مانک شاہ کوریڈور میں پھر رہے ہیں، اندرا گاندھی نے اپنے اسٹاف ممبر کو بلایا اور پوچھا کہ کوریڈور میں کون پھر رہا ہے؟ اسٹاف نے بتایا کہ آرمی چیف مانک شاہ! اس پر اندرا گاندھی کہنے لگیں، ان سے کہیں یہاں سے ابھی چلے جائیں، ان کا جو بھی کام ہے وہ سیکرٹری ڈیفنس کو بتائیں۔ ہمارا انڈیا سے کبھی کبڈی تو کبھی ہاکی میں مقابلہ رہا، کرکٹ میں تو اب تک مقابلہ جاری ہے، موسیقی کی بات سامنے آئے تو بھارت کی لتا منگیشکر جیسی گلوکارہ نے کہا کہ مہدی حسن کے گلے میں بھگوان بولتا ہے۔ ہمارے لڑنے والے فوجیوں کا حوصلہ بڑھانے والی ملکہ ترنم نور جہاں کو قدرت نے خوبصورت آواز عطا کر رکھی تھی۔ ہم صنعتی لحاظ سے بھی بھارت سے آگے تھے مگر بھٹو صاحب نے نیشنلائز کر کے معیشت کی کشتی ڈبودی۔ دنیا کے کئی ملکوں نے ہمارے پانچ سالہ منصوبوں کی نقل کی۔ ہم معاشی لحاظ سے بھی 1988 تک بھارت سے آگے تھے پھر ہماری نام نہاد جمہوریت کا سفر شروع ہوا

پی ٹی آئی کا مستقبل

نومئی سے پہلے سیاسی منظر خاصا مختلف تھا۔ بیرسٹر گوہر کا نام کوئی نہیں جانتا تھا۔ شیر افضل مروت سے اور تو کجا پی ٹی آئی بھی واقف نہیں تھی۔ بہت سارے نام ایسے ہیں کہ جو پی ٹی آئی میں موجود تھے مگر پچھلی صفوں میں کہیں کھڑے تھے۔ وزیر اعلیٰ پختونخوا علی امین گنڈا پور عمران خان کے ایک جانثار کے طور پر مشہور تھے۔ عمر ایوب عمران کی کابینہ کے ایک گمنام سے وزیر تھے۔ پنجاب کے اپوزیشن لیڈر احمد خان بھچر کی صرف اتنی اہمیت تھی کہ وہ پنجاب میں بلا مقابلہ جیتنے والے ایم پی اے تھے۔ پی ٹی آئی کی لیڈرشپ میں بڑے بڑے اہم ترین نام شامل تھے، جو عمران خان کی حکومت میں بڑے بڑے عہدوں پر فائز تھے۔ غور کیا جائے تو ستاروں کی ایک کہکشاں تھی۔ پھر یوں ہوا کہ نومئی ہو گیا۔ دنیا بدل گئی۔ کچھ ستارے ٹمٹمانے لگے بلکہ استحکام پاکستان پارٹی کے افق پر جھلملاتے دکھائی دیئے۔ جن ستاروں نے غیرت کا مظاہرہ کیا ان میں زیادہ تر ابھی تک جیلوں میں چمک رہے ہیں۔ کچھ ستارے مفرور ہو گئے۔ کچھ ابھی تک مفرور ہیں۔ کچھ پکڑے گئے۔ کچھ نے پریس کانفرنسیں کر دیں۔ کچھ نے سیاست چھوڑ دی۔ پچھلی صفوں میں بیٹھے کھلاڑی آگے آنا شروع ہوئے۔ خالی جگہیں پر ہونے لگیں۔ ورکرز لیڈر بننے لگے۔ عام کارکن لڑکیاں جیلوں میں گئیں تو پورے ملک کی آنکھوں کا تارہ بن گئیں۔ یوں محسوس ہونے لگا جیسے پی ٹی آئی پہلے سے کہیں زیادہ مضبوط ہو رہی ہے۔ الیکشن آ گئے۔ بانی پی ٹی آئی کو سزائیں سنا دی گئیں۔ پی ٹی آئی کو بطور جماعت الیکشن سے باہر کر دیا گیا۔ ان لوگوں کو ٹکٹ ملے جنہیں ان کے اپنے شہر میں کوئی نہیں جانتا تھا۔ مگر لوگوں نے انہیں عمران خان کے نام پر ووٹ دیئے۔ یعنی پی ٹی آئی نیکھمبے کھڑے کیے اور انہیں غیر متوقع طور پر ووٹ ملے۔ نتائج اتنے عجیب و غریب تھے کہ فارم سینتالیس کا سہارا لینا پڑا پھر بھی پی ٹی آئی اکثریتی جماعت تھی۔ رفتہ رفتہ معلوم ہوا کہ قوم تو اسی کے ساتھ ہے۔ پہلے وہ ہیرو تھا، پھر لیڈر بن گیا، جیل میں گیا تو دیوتا بنتا چلا گیا۔ مرشد کہلانے لگا۔ جیل میں بیٹھ کر دنیائے سیاست پر حکمرانی کرنے لگا۔ ساری سیاست اسی کی ذات کے ارد گرد گھومنے لگی اور ابھی تک اسی کے ارد گرد گھوم رہی

تحریر: ابوبکر قدوسی

ہے۔ جو پارٹیاں اس کے خلاف اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ملتی گئیں وہ عوام میں زیرو ہوتی گئیں۔ میاں محمد نواز شریف جاتی امرا تک محدود ہو گئے۔ آصف علی زرداری صدر ہوتے ہوئے بھی مقامی لیڈر لگتے ہیں۔ یہی دو سب سے بڑی سیاسی پارٹیاں تھیں۔ مولانا فضل الرحمٰن کو جب صورتحال کا اندازہ ہوا تو انہوں نے پی ٹی آئی کی طرف ہاتھ بڑھایا اور یک لخت پورے ملک میں ان کی عزت بحال ہوتی چلی گئی۔ محمود خان اچکزئی بڑے لیڈر کے طور پر سامنے آئے۔ یہ سارا منظر نامہ خواجہ آصف کا یہ بیان پڑھ کر میری آنکھوں کے سامنے گھوم گیا علی امین گنڈا پور خود بانی پی ٹی آئی کی جگہ لینا چاہتے ہیں، ان کے اسٹیبلشمنٹ سے رابطے ہیں، مگر بانی پی ٹی آئی سمجھتے ہیں کہ یہ رابطے انکے کام آئیں گے، یہ سب ایک دوسرے کو استعمال کر رہے ہیں۔ پی ٹی آئی کی قیادت خاص طور پر خیبر پختونخوا کے رہنما نہیں چاہتے ہیں کہ بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر آئیں۔ گنڈاپور چار دیواری میں الگ زبان استعمال کرتے ہیں اور اسٹیج پر آ کر مولا جٹ بن جاتے ہیں۔ خواجہ آصف کے بیان میں جو سب سے اہم بات ہے وہ بانی پی ٹی آئی کی جگہ خالی ہونے کی بات ہے۔ تب ہی کوئی شخص وہ جگہ لے سکتا ہے جب وہ جگہ خالی ہو۔ مجھے جو کچھ نظر آ رہا ہے وہ خواجہ آصف کے بیان کیا لکل برعکس ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ صرف دو تین ماہ میں بانی پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ کی آنکھوں کا تارہ ہونگے۔ ان کی جنبشِ ابرو پر گلشن کا کاروبار چلنے لگے گا۔ بادِ نو بہار گلوں میں رنگ بھرے گی۔ یقیناً آپ سوچ رہے ہونگے کہ میرے پاس اپنی اس پیشگوئی کے حق میں کیا دلیل ہو سکتی ہے۔ علامہ اقبال نے اپنی نظم طلوع اسلام میں ستاروں کی تنک تابی کو دلیل صبح روشن قرار دیا تھا۔ اگر کوئی غور کرے تو اس وقت ستاروں کی تنک تابی دکھائی دے رہی ہے اور بیشک ان میں غور کرنے والوں کیلئے بڑی نشانیاں موجود ہیں۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ خیبر پختونخوا کے رہنما نہیں چاہتے کہ بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر آئیں تو یہ بھی خواجہ آصف کی خواہش سے زیادہ کچھ نہیں، پی ٹی آئی کی کوئی لیڈرشپ بھی عمران خان کے بغیر کچھ نہیں۔ ابھی ورکرز نے عمر ایوب کے ساتھ کیا کیا۔ ہم سب نے دیکھا کہ انہیں پی ٹی آئی سیکرٹری شپ سے مستعفی ہونا پڑا۔ سلمان اکرم راجہ کو نیا سیکرٹری بنا دیا گیا۔ وہ پی ٹی آئی کے ایک نئے لیڈر کے طور پر ابھر کر سامنے آئے ہیں اس سے پہلے ہم انہیں پانامہ کیس میں نواز شریف کی فیملی کے وکیل کے طور پر جانتے تھے۔ جہاں تک پی ٹی آئی کی لیڈرشپ کا تعلق ہے تو اس وقت نون لیگ کیبڑے اہم نام پی ٹی آئی میں شامل ہونے کے خواہش مند ہیں مگر رکاوٹ یہ ہے کہ پی ٹی آئی میں صرف دو لوگ ہیں۔ ایک بانی پی ٹی آئی اور دوسرے پی ٹی آئی ورکرز۔ سو کسی آنے والے کو اپنی جگہ اسی طرح بنانی پڑے گی جیسے شیر افضل مروت یا گوہر علی خان نے بنائی ہے اور یہ آسان راستہ نہیں۔ اتنی قربانیوں اور اتنی محنت کے باوجود پی ٹی آئی کا ایک حلقہ شیر افضل مروت کے خلاف رہا ہے۔ اگر اسے عمران خان کی حمایت نہ حاصل ہوتی تو کبھی کا پی ٹی آئی سے فارغ ہو چکا ہوتا اور پی ٹی آئی ورکرز اتنے سخت ہیں کہ ایک ذرا سی غلطی کے سبب ابھی تک فواد چوہدری کو معاف کرنے پر تیار نہیں، حالانکہ اس کی قربانیاں کوئی کم نہیں۔ اس وقت اگر ورکرز کے نزدیک کسی کی عزت ہے تو وہ شاہ محمود قریشی ہیں، پرویز الٰہی ہیں، یاسمین راشد ہیں، عمر سرفراز چیمہ ہیں، محمود الرشید ہیں، اعجاز چوہدری ہیں یا ایسے کچھ اور لوگ جو ابھی جیلوں میں ہیں۔

☆☆☆☆☆☆

تہذیب اور شائستگی

14 اگست کے حوالے سے منعقدہ ایوان صدر میں سب سے بڑی تقریب جس میں ملک کی اہم شخصیات اور غیر ملکی بھی شریک تھیں اس یوم آزادی کی نسبت سے منعقدہ تقریب میں ایک ایسی روایت دیکھنے میں آ ئے جسے دیکھ کے آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ جب ملک کے لیے جان قربان کرنے والے شہید سولجر کی بیوہ کو ایوارڈ کے لیے بلایا گیا تو ایوارڈ لینے کے بعد اس کے احترام میں پارلیمنٹیرینز حنا ربانی کھر اور شیریں رحمان کھڑی ہوئیں ان کے احترام میں تالیاں بجائیں جس پر پورے ہال نے ان کی تقلید کی۔ اس کے بعد ایک زخمی سولجر جس کی ایک ٹانگ ضائع ہو گئی جب دو آیا تو اس کے احترام میں بھی پورا ہال عقیدت سے کھڑا ہوا۔ یاد رکھیئے یہ وہ شہدا اور زخمی ہیں جنہوں نے اس ملک و قوم کے لیے اپنے آپ کو قربان کیا۔ آج پوری قوم کو ان کو یہ احساس دلانے کی ضرورت ہے کہ آپ کے عزیزوں اور پیاروں کی قربانیاں اس ملک و قوم کے لیے ہیں اور آپ کبھی بھی خود کو تنہا نہیں ہیں پوری قوم آپ کے ساتھ کھڑی ہے اور ملک و قوم کے لیے شہادت کے عظیم مرتبے پر فائز ہونے والوں سے عقیدت و احترام رکھتی ہے۔ یہ وہ خاص لوگ ہیں جن کی یہ قوم قرضدار ہے۔ ان شہدا نے اپنے بچوں کو یتیم کروا کر اپنے والدین کو بے سہارا چھوڑ کر اپنی ماں کی آنکھوں میں آنسو دے کر بھی اس ملک و قوم کی عزت و غیرت اور بقا و تحفظ کے لیے اپنی جانیں جان آفرین کے سپرد کیں۔ عظیم ہیں وہ مائیں اور عظیم ہیں وہ والد جن کے ایسے بہادر اور جری بیٹے وطن کی

تحریر: وقاص گورایا

حرمت پر قربان ہوئے۔ یہ سرزمین شہدا کی سرزمین ہے اور اس معاملے میں یہ دھرتی کبھی بانجھ نہیں ہوئی۔ تقریب میں موجود افراد کی طرف سے انہیں خراج عقیدت پیش کرنا ایک بہترین تہذیب اور بہترین روایات کی عکاسی ہے کہ پوری قوم اپنے ملک کے تحفظ اور بقا کے لیے لڑنے والوں سے محبت کرتی ہے اور ان کے لیے بے پناہ عقیدت کے جذبات بھی رکھتی ہے۔ قوم اور افواج و سیکورٹی فورسز ایک پیج پر شانہ بشانہ ہیں۔ مٹھی بھر شرپسند عناصر اور انتشار و فساد پھیلانے والے اس قوم اور شہدا کے درمیان دراڑ نہیں ڈال سکتے۔ اپنی افواج پہ ہرزہ سرائی اور تنقید کر کے اپنے غیر ملکی آقاؤں کو خوش کرنے والے محب وطن نہیں ہو سکتے۔ اپنے قومی ہیروز کی قدر کریں۔ وہ قومیں کبھی کامیاب نہیں ہوتیں جو اپنے قومی ہیروز کی قدر نہیں کرتی ہیں۔ ہماری تہذیب کی یہ شائستگی ہمیشہ برقرار رہنی چاہیے کہ جنہوں نے اس قوم کے لیے خود کو قربان کیا ان کے ساتھ جڑے ہوئے لوگ اس ملک و قوم کے اثاثے ہیں جن کو یہ قوم کبھی بھی ان کے پیاروں کی جدائی کا احساس نہ ہونے دے۔ یہ ملک ہمارا ہے اور اس کے لیے شہادت کے مرتبے پہ فائز ہونے والے اور قربانیاں دینے والے بھی ہمارے اپنے ہی ہیں۔ ہم ایک قوم ہیں اور دنیا میں ہماری ایک قوم کی پہچان ہی اس ملک و قوم کی مضبوطی ہے۔ فضاء میں جب ہمارے شیر جوان اپنی فضائیہ کے ساتھ فلاء کرتے ہیں اور زمین پر جب یہ آہنی اور سیسہ پلائی دیوار بن کر دشمن کا مقابلہ کر کے اسے منہ توڑ جواب دیتے ہیں تو پوری قوم متحد ہو کر انہیں خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ ملک کو کمزور کرنے والی شرپسند اور دہشت گرد طاقتیں اپنے ناپاک منصوبوں میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتیں جب تک ملک سے محبت کرنے والے متحد ہیں۔ اپنے شہدا کی تکریم کریں اور قربانیاں دینے والوں کی قدر کریں۔ ملک کے لیے جانیں قربان کرنے والے شہدا اس ملک اور قوم کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ تہذیب اور شائستگی ہی زندگی کی روایات قوموں کے روشن مستقبل کی آئینہ دار ہیں۔ ملک سے محبت کیجئے کہ ملک سے محبت ہمارے ایمان کا بھی حصہ ہے۔ ریاستی عملداری کو چیلنج کرنے والے عناصر اور ملک کے امن کو تہ و بالا کرنے والے دشمن قوتوں کے گماشتے ہیں جو پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتے ہیں۔ بھارت جیسے دشمن ملک پاکستان میں دہشت گردی اور شرپسندی کو ہوا دے کر یہاں کے حالات کو خراب کرنے اور یہاں کے ترقی کے میگا پروجیکٹس کو روکنا چاہتے ہیں لیکن انہیں سوائے رسوائی اور ناکامی کے کچھ بھی ہاتھ نہیں آئے گا۔ قوم اپنی ذمہ داریوں کو سمجھے اور بہترین روایات کی عکاسی کرتے ہوئے اپنے ملک کے اداروں کو مضبوط کرنے کے لیے کردار ادا کرے۔ جب ادارے مضبوط ہونگے تو ملک بھی مضبوط ہوگا۔ اس سرزمین کا تعلق شہدا کی قبیل سے ہے

جلسی اور اس کا ردعمل

ہفتے کی رات گیارہ بجے، میرے اسسٹنٹ کا مظفر آباد سے فون آیا کہ میں اسلام آباد کے لئے روانہ ہو گیا ہوں۔ وجہ پوچھی تو اس نے کہا ہمارے علاقے کے تھانیدار نے بتایا ہے کہ رات بارہ بجے کے بعد، اسلام آباد جانے والی گاڑیاں بند کر دی جائیں گی۔ مری اور اٹک سے بھی ایسے ہی فون آئے تو میں نے سوچا آخر کل کیا ہے۔ کیلنڈر دیکھا تو 8 ستمبر تھی۔ اس دن کیا خاص بات تھی کہ نائن الیون تو امریکہ میں ہوا تھا۔ ٹی وی لگاؤ، خود کو برباد کرنے کے مترادف ہوتا کہ سوائے لغویات کے ہوتا کچھ نہیں، خبریں سننے کیلئے بی بی سی بھی کوئی خبر دیتا ہے۔ صبح ساڑھے چھ بجے، میرے گھر کام کرنے والے لڑکے کا فون آیا کہ سارے راستے بند ہیں۔ کنٹینر لگے ہوئے ہیں۔ پھر کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ اخبار آیا تو اس میں وہی اس ہفتے کون سے فیشن ڈیزائن اچھے رہیں گے۔ ٹیلی فون اٹھایا تو وہ چل رہا تھا۔ خبروں میں ازراہ تفنن بتایا گیا کہ آج 4 بجے سے 7 بجے تک پی۔ ٹی۔ آئی کو جلسہ کیلئے وقت دیا گیا ہے۔ اسی کے استقبال کیلئے اسلام آباد آنے والے سب راستے بند ہیں۔ میں نے ایک ہوٹل کو کال

کا آرڈر دینے کیلئے فون کیا۔ وہاں بڑی دیر بعد کسی نے فون اٹھایا۔ میری آواز سنتے ہی کہا میڈم آج سارے ہوٹل، ریسٹورنٹ بند رکھنے کا حکم آیا ہے۔ اب میری سمجھ میں آیا کہ یہ ساری بندشیں لگانے کا حکم اس شخصیت کے دماغ میں آیا ہوگا جس نے پہلے پنجاب میں دن رات کام کرنے پہ مقتدر

تحریر: کشور ناہید

حلقوں سے داد پا کر پہلے کرکٹ کا کابینہ ہاتھ میں لیا، پھر انہیں حلقوں کے حکم پر پرانا ثنا اللہ کو پیچ کرتا ہوا وزارت داخلہ کے منصب پر شیخ رشید کا مذاق بھی اڑا رہا تھا اور یہ بھی کہہ رہا تھا کہ کچے کے ڈاکو تو میرے ایکا ایس ایچ او کی مار ہیں۔ یہ سب تیاری دیکھ کر غالب کا مصرعہ، اس کے وجود کو مجسم کر رہا تھا۔ غالب نے لکھا تھا قیامت کے فتنے کو کم دیکھتے ہیں یہ مصرعہ یاد آتے ہی میں نے پرسکون ہو کر اپنی کتاب کے پروف پڑھنے لگی اور فیصلہ کیا کہ چار بجے کہاں جلسہ شروع ہوگا۔ مجھے یاد ہے مولانا فضل الرحمان تو جلسہ ختم ہوتے وقت پہنچا کرتے تھے۔ سیاسی جلسوں کی روایت کے مطابق میں نے فیصلہ کیا کہ شام 7 بجے کافی پیتے ہوئے، ٹی وی لگا کے پتہ کروں گی کہ تماشہ کیا ہے۔ کنٹینروں کے درمیان گردن نکال کر بیرسٹر گوہر بار بار کہہ رہے تھے کہ ہم نے تو ویسے تیار رکھا ہے کہ آج کی تیاری گھر کی بہن اتری کتے بیٹھے ہوئے، مگر ٹرک والوں سے دیکھ رہے تھے۔ ساری علاقہ کنٹینروں سے بند ہے۔ لوگ کیسے اندر آئیں اور سائیں بھی کچھ نہ کچھ جیالے سکھ کو لوگ کی بات کوئی صحافی بتا رہا تھا۔ میں نے پھر بی وی بند کر دیا۔ رات کو میں نے بی بی سی نے بتایا کہ جلسہ تو ابھی تک ہو رہا ہے۔ گوہر کے علاوہ پی ٹی آئی کے مولا جٹ تقریر میں وہ کچھ کہا کہ ایک طرف صحافی اگلے دن تک ناراض رہے اور پنجاب کی حکومتی خاتون کا نام لے کر بار بار رازن پکار رہی تھیں۔ مجھ نا تواں کی سمجھ میں کچھ آیا۔ صبح کو اڑتی خبر آئی کہ جلسہ تو نو بجے کے بعد بھی جاری رہا اور پی ٹی آئی نے بجلی اور ٹینکروں کا کروڑوں روپے کا بل، پولیس مانگ رہی تھی۔ چلیں یہ باہمی قرض وصولی کا چکر تو ہم بڑے بڑے ملکوں سے برسوں سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ لوگ کس کھیت کی مولی ہیں۔ مگر سب سے تشویش ناک خبر کہوں، کہ واقعہ کہ محکمہ داخلہ کی ذہانت کو بھی چکر دے کر 8 گھنٹے تک مولا جٹ غائب رہا اور جب منظر عام پر آیا تو اپنے دفتر میں میٹنگ کر رہا تھا۔ اور اسلام آباد میں تمام شادی گھر والے خرچے کا بل لیے کھڑے تھے کہ ہم نے تو ویلیو تیار رکھا۔ آپ ہی نہ آ سکے تو ہمارا بل کون دے گا۔ ساتھ ہی ساتھ حکومت کے کارندے کہہ رہے تھے کہ جس ایک سال میں ان کی چیخیں نکل گئی ہیں۔ اور لطف اٹھانے کے لئے جو اس وقت پولیس کے ہاتھ آیا پکڑ لیا گیا کہ انہوں نے بھی اپنا روزنامچہ دکھانا تھا۔ اگلے دن شام کو ایک طرف صدر صاحب اور دوسری طرف وزیراعظم، دونوں الگ الگ پارٹیوں کے ممبران کو کس خوشی میں ظہرانہ دے رہے تھے اور ممبران بھی جوق در جوق آ رہے تھے۔ ہم سب ایک دوسرے کو پوچھ رہے تھے کہ قاضی عیسیٰ نے تو کچھ ایسی بات نہیں کہی کہ ان دونوں پارٹیوں کو اپنی پڑ گئی۔

فلسطین میں انسانی بحران ناقابل برداشت ہوچکا، سعودی وزیر خارجہ

غزہ کے لیے سعودی عرب کے فراہم کردہ پروگراموں اور منصوبوں کی کل رقم 500 ملین ریال سے بڑھ گئی، خطاب

ریاض (این این آئی) سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کہا کہ غزہ کی پٹی میں حالیہ کشیدگی اور تنازعات کے دائرے میں توسیع کے اثرات ایک ایسی جامع جنگ تک پہنچنے کے خطرے کو ظاہر کررہے ہیں جس پر قابو پانا مشکل ہے۔ فلسطین میں انسانی بحران کے حالات ناقابل برداشت حد تک پہنچ چکے ہیں کیونکہ وحشیانہ جنگی مشین کے ہاتھوں 44 ہزار سے زیادہ فلسطینی اپنی جانیں گنوا چکے ہیں۔ ایک لاکھ سے زیادہ زخمی ہیں۔ ساڑھے تین لاکھ افراد غیر انسانی حالات میں رہ رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شہزادہ فیصل بن فرحان نے مزید کہا کہ سعودی عرب نے اسرائیلی حملوں کے متاثرین کو تعاون اور امداد فراہم کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ غزہ کی پٹی میں بحران کے آغاز سے لے کر اب تک سعودی عرب کی طرف سے فراہم کیے گئے کل پروگراموں اور منصوبوں کی رقم 500 ملین ریال سے زیادہ ہوگئی ہے۔ سعودی وزیر خارجہ کے مطابق مملکت کی جانب سے غزہ کی پٹی میں فلسطینی عوام کو 6,600 ٹن سے زائد خوراک اور پناہ گاہوں کا سامان بھیجا گیا ہے۔ ادویات، طبی سامان اور ایمبولینسز فراہم کی گئی ہیں۔ سعودی وزیر خارجہ نے وضاحت کی کہ بچوں، خواتین اور بوڑھوں کا قتل عام، غزہ کی پٹی میں بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرکے اور محاصرے اور جبری نقل مکانی کی پالیسی پر عمل پیرا ہوکر اسرائیل نے جارحیت کا مظاہرہ کیا۔ فلسطینیوں کی زمینوں پر اسرائیلی قبضہ وہاں مصائب کو برقرار بڑھا رہا

مصطفیٰ عامر قتل کیس، ارمغان کے روپوش ذاتی ملازموں کا تعلق بہاولپور سے نکلا

دونوں روپوش ملازموں کے نام پر 6 سمعیں رجسٹرڈ تھیں، ایف آئی اے

کراچی (جی این ایم) مصطفیٰ عامر قتل کیس میں گرفتار ملزم ارمغان کے روپوش ذاتی ملازموں کا تعلق بہاولپور سے نکلا، ملزم ارمغان کے دونوں ملازموں کے بارے میں تفصیلات منظر عام پر آگئیں، تفتیشی حکام کے مطابق رحیم بخش اور عبدالرحیم ارمغان کے قریبی ذاتی ملازمین تھے جو اب روپوش ہیں، تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ عبدالرحیم اور رحیم بخش کے نام پر مجموعی طور 6 سمیں رجسٹرڈ ہیں۔ ملازم رحیم بخش کے نام پر رجسٹرڈ ایک نمبر ارمغان کے زیر استعمال تھا۔ ایف آئی اے نے کہا کہ ارمغان نے دونوں ملازمین کے نام پر بینک اکاؤنٹس کھلوا رکھے تھے۔ رحیم بخش اور عبدالرحیم تحقیقات کیلئے ایف آئی اے کو مطلوب ہیں۔ ارمغان نے اپنے ان ملازمین کے نام پر بینک اکاؤنٹس کھلوائے جنہیں وہ خود ذاتی استعمال میں لاتا رہا۔ تحقیقات کے مطابق رحیم بخش کے نام پر رجسٹرڈ نمبر کا واٹس ایپ سپریم فنانشل ایسوسی ایٹس کے نام سے بنایا گیا تھا۔ عبدالرحیم اور رحیم بخش کے نام ارمغان کے خلاف درج منی لانڈرنگ کے مقدمے میں شامل ہیں۔ ارمغان عبدالرحیم اور رحیم بخش کے بینک اکاؤنٹس کو ذاتی استعمال میں رکھتا تھا۔ خیال رہے کہ اس سے قبل بھی ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے مصطفیٰ عامر کے قاتل ملزم ارمغان کی بیش قیمت ریپٹر گاڑی برآمد کرلی تھی۔

مستونگ، مختلف افراد اپنے مطالبات کے حق میں قومی شاہراہ بلاک کرکے احتجاج کررہے ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعلیٰ مریم نواز نے خدمت کی ایک نئی تاریخ لکھی ہے' مریم اورنگزیب

لیگی قیادت کی دن رات محنت سے پاکستان ڈیفالٹ کے اندھیروں سے معاشی استحکام، ترقی کے اجالوں کی طرف آیا

لاہور (این این آئی) پنجاب کی سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی صدارت میں کمشنر آفس راولپنڈی میں اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے تحت مختلف پروگراموں، منصوبوں اور عوامی خدمت کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس نے وزیر اعظم کی طرف سے بجلی کی قیمتوں میں کمی کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ اجلاس نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے عوام دوست تاریخی اقدامات کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے ہی ہمیشہ عوامی خدمت کی ہے۔ اس موقع پر سینئر صوبائی وزیر کو رمضان سہولت بازار، رمضان نگہبان پیکج اور نادار طبقات کی مدد کے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو رنگ روڈ منصوبے پر اب تک کی پیش رفت پر بریفنگ بھی دی گئی اور منصوبے کی دسمبر میں تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی۔ نالہ لئی منصوبے کی فیزیبلٹی اگلے تین ماہ میں تیار کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ستھرا پنجاب پروگرام پر راولپنڈی ڈویژن میں سو فیصد عمل درآمد پر وزیر اعلیٰ کی طرف سے انتظامیہ کو شاباش دی گئی۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ستھرا پنجاب پروگرام میں سامنے آنے والی کمزوریاں دور کرنے کی ہدایت کی، عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی پر بھی اجلاس کو بریفنگ دی گئی۔ امن وامان کے قیام کے حوالے سے اقدامات سے بھی اجلاس کے شرکاء کو آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے شرکاء نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد محمد نواز کی راہنمائی میں وزیر اعظم شہباز شریف نے بجلی کی قیمتوں میں تاریخی کمی کرکے عوام کو عید کا تحفہ دیا ہے۔ وفاق میں وزیر اعظم شہباز شریف اور پنجاب میں وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے خدمت کی ایک نئی تاریخ لکھی ہے، جب نیت نیک ہو، دل میں عوام کی مشکلات کا احساس ہو اور ملک وقوم کی تعمیر کا جذبہ اور اہلیت ہو،

غزہ میں صورتحال بے قابو؛ صحافی، ڈاکٹر اور حماس کمانڈر سمیت 30 شہید

15 طبی اور ایمرجنسی اہلکاروں کا قتل مشتبہ جنگی جرم ہے جو غزہ جنگ کے تاریک ترین لمحات میں سے ایک ہے، رپورٹ

غزہ (این این آئی) غزہ میں صورتحال بے قابو ہوگئی۔ اسرائیلی وحشیانہ حملوں میں گزشتہ روز بچوں اور خواتین سمیت مزید 30 فلسطینی شہید ہوگئے۔ شمالی غزہ کے مسلسل اسرائیلی محاصرے کے باعث شمالی غزہ کے مرکزی شہر میں پانی کی سپلائی بھی مکمل بند ہوگئی۔ اسرائیل نے غزہ شہر کے جنوب سے فلسطینیوں کی مزید جبری نقل مکانی کا حکم دے دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق صدر فلسطین ہلال احمر سوسائٹی نے بتایا کہ اسرائیلی حملے میں حال ہی میں 15 طبی اور ایمرجنسی اہلکاروں کا قتل مشتبہ جنگی جرم ہے جو غزہ جنگ کے تاریک ترین لمحات میں سے ایک ہے۔ فلسطینی جرنلسٹس پروٹیکشن کمیٹی کے مطابق اسرائیل نے لبنان میں ٹارگٹڈ حملہ کرتے ہوئے فلسطینی صحافی محمد صالح محمد برداوِل، ان کی اہلیہ اور ان کے تین بچوں سمیت شہید کردیا۔ صالح 18 مارچ کے بعد شہید ہونے والے چوتھے فلسطینی صحافی ہیں۔ میڈیا رپورٹس اور اسرائیلی و فلسطینی حکام کے مطابق اسرائیل نے لبنان کے علاقے صیدا کے رہائشی علاقے میں ایک فلیٹ پر حملہ کرکے حماس کمانڈر حسن فرحات کو ان کے بیٹے اور بیٹی سمیت شہید کردیا۔ ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز (ایم ایس ایف) نے کہا ہے کہ اسرائیل نے ان کی تنظیم کے 11 ویں ڈاکٹر حسام آل لولو، ان کی اہلیہ اور 28 سالہ بیٹی کو بمباری کرکے شہید کردیا۔ اقوام متحدہ کے ادارہ انسانی حقوق کے ہائی کمشنر وولکر ترک نے غزہ، مغربی کنارے پر سلامتی کونسل کے ہنگامی اجلاس میں کہا ہے

حوثیوں پر حملے 6 ماہ تک جاری رہ سکتے ہیں، امریکہ

حملوں سے کامیابیاں ملیں، حوثی رہنما ہلاک کیے اور آبی گزرگاہیں کھول دیں، امریکی عہدیدار

واشنگٹن (جی این ایم) پینٹاگون کے حکام نے کہا ہے کہ حوثیوں کے زیادہ تر میزائلوں، ڈرونز اور راکٹ لانچروں کے زیر زمین ہتھیاروں کو تباہ کرنے میں کچھ کامیابیاں حاصل کی گئی ہیں۔ امریکی اخبار کے مطابق جن عہدیداروں نے خفیہ نقصانات کے تخمینے دیکھے ہیں نے کہا ہے کہ بمباری بائیڈن انتظامیہ کی طرف سے کیے گئے حملوں کے مقابلے میں بھاری اور مسلسل تھی۔ یہ بمباری اس سے کہیں زیادہ تھی جو محکمہ دفاع نے عوامی طور پر بیان کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق تین کانگریسی اور اتحادی عہدیداروں جنہوں نے آپریشنل معاملات پر بات کرنے کے لیے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بات کی کے مطابق حوثی جنگجو، جو اپنی لچک کے لیے مشہور ہیں، نے اپنے بہت سے ٹھکانوں اور دیگر ٹارگٹ سائٹس کو مضبوط کیا ہے جس سے بحیرہ احمر میں تجارتی بحری جہازوں پر ملیشیا کے میزائل حملوں میں خلل ڈالنے کی امریکی صلاحیت کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ امریکی حکام نے بتایا ہے کہ امریکی حملے، جسے وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ نے آپریشن رف نائٹ کا نام دیا تھا، ممکنہ طور پر چھ ماہ تک جاری رہیں گے۔ پینٹاگون کے ایک سینئر عہدیدار نے کانگریس اور اس کے اتحادیوں کے حکام کے بیان کردہ جائزوں کی تردید کی ہے۔ سینئر عہدیدار، جس نے آپریشنل معاملات پر بات کرنے کے لیے اپنا نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بھی بات کی، نے کہا کہ فضائی حملوں نے مہم کے ابتدائی مرحلے میں اپنے ہدف کو ختم کردیا۔ اس سے حوثی رہنماؤں کی بات چیت کی صلاحیت میں خلل پڑا۔ گروپ کے ردعمل کو چند غیر موثر جوابی حملوں تک محدود کردیا گیا اور بعد کے مراحل کے لیے شرائط طے کردی گئیں۔ عہدیدار نے کہا ہم صحیح راستے پر ہیں۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ حملوں سے حوثیوں کے کمانڈ اینڈ کنٹرول ڈھانچے کو نقصان پہنچا ہے۔ نیشنل انٹیلی جنس کی ڈائریکٹر، تلسی گبارڈ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ حملے سینئر حوثی رہنماؤں کو ہلاک کرنے میں موثر رہے ہیں۔ انہوں نے مرنے والے حوثی رہنماؤں کی شناخت نہیں بتائی اور مزید کہا کہ اس آپریشن نے بحیرہ احمر میں جہاز رانی کی آمدورفت کو دوبارہ کھول دیا ہے۔ انٹیلی جنس کمیونٹی کے جائزے اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ ان حملوں میں حوثی گروپ کے سینئر رہنما ہلاک ہوئے اور متعدد تنصیبات کو تباہ کیا گیا ہے۔ ٹرمپ انتظامیہ کے حکام کا کہنا تھا کہ فضائی اور سمندری حملوں کا مقصد حوثیوں پر حملے روکنے کے لیے دباؤ ڈالنا ہے۔ حوثی گروپ نے بحیرہ احمر میں ایک سال سے زائد عرصے سے بین الاقوامی جہاز رانی کی راہیں متاثر کررکھی ہیں۔

طاقت نہیں، مذاکرات ہی مسائل کا حل ہیں، عبدالقادر لونی

بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے مسائل طاقت سے نہیں بلکہ مذاکرات سے حل کیے جاسکتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ اور عبیداللہ حقانی نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے مسائل طاقت سے نہیں بلکہ مذاکرات سے حل کیے جاسکتے ہیں۔ طاقت کے استعمال سے مزید پیچیدگیاں پیدا ہوں گی۔ رہنماں نے کہا کہ نام نہاد سندھ اور بلوچستان حکومتوں نے جبر وتشدد اور فسطائیت کی انتہا کردی ہے۔ بلوچ بیٹیوں کو سڑکوں پر گھسیٹنا، دوپٹے چھیننا اور گرفتاریاں شرمناک اور ناقابل قبول عمل ہیں۔ پرامن احتجاج پر شیلنگ، فائرنگ اور کریک ڈاؤن دراصل پیپلز پارٹی حکومت کا اسٹیبلشمنٹ سے ملی بھگت کا نتیجہ ہے، جو اقتدار کے صلے میں عوام پر ظلم کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمران جابرانہ اقدامات سے عوام کے آئینی و جمہوری حقوق چھین رہے ہیں

جیکب آباد، شہری اتحاد کی جانب سے دودھ میں کیمیکل ملانے والے دکانداروں اور بدامنی کیخلاف ریلی نکالی جارہی ہے

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے سندھ، خیبر پختونخواہ میں ہائیڈروکاربن ذخائر کی اہم دریافت

اسلام آباد (این این آئی) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے تعاون سے توانائی کے شعبے میں اہم کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ سندھ اور خیبر پختونخواہ میں تیل وگیس کے نئے ذخائر کی دریافت سے ملکی معیشت کو استحکام ملنے کی امید پیدا ہوگئی۔ ماڑی انرجیز اور آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ نے ہائیڈروکاربن کے نئے ذخائر دریافت کئے ہیں

نوشکی، ایپکا کے خلاف جھوٹے مقدمات کی شدید مذمت، احتجاج کی دھمکی

نوشکی (یو این اے) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) کے ضلعی صدر مولا بخش قلندرانی، سینئر نائب صدر علی نواز مینگل، جنرل سیکرٹری ظہور بلوچ اور دیگر کابینہ ارکان نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں ایپکا کے صوبائی سینئر نائب صدر، کوئٹہ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر آفس یونٹ کے صدر سکندر علی لہڑی کے خلاف ڈپٹی کمشنر کی جانب سے درج کی گئی بوگس اور من گھڑت ایف آئی آر اور غیر قانونی مقدمہ کی شدید مذمت کی۔ ایپکا رہنماں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی جانب سے سیاسی پارٹیوں کے ساتھ معاملات کے دوران، سرکاری ملازمین کے خلاف جھوٹے اور بے بنیاد مقدمات درج کر کے ان کے خلاف تادیبی کارروائیاں کی جارہی ہیں، جس سے ملازمین میں خوف کا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایپکا پورے ملک میں ایک معتبر تنظیم ہے، اور ملازمین کے حقوق کے لیے اس کی تاریخ قربانیوں سے بھری ہوئی ہے، ایسی ظالمانہ پالیسیوں سے ایپکا کبھی مرعوب نہیں ہوگی۔ ایپکا رہنماں نے یہ بھی کہا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اپنے سیاسی ناکامیوں کو چھپانے اور کوئٹہ کے حالات کو خراب کرنے کے بعد، اپنے اختیارات کا ناجائز فائدہ اٹھا کر ملازمین کو دھمکیاں دینے اور ان کے خلاف مقدمات درج کرنے کی کوشش کررہا ہے،

ہیٹی میں غیر معمولی رجحان، مسلح جماعتوں کا نصف حصہ بچوں پر مشتمل

یہ غیر معمولی انتہا، بچوں کے تحفظ کے بحران کی سنگینی کو ظاہر کررہی ہے، یونیسف

نیویارک (این این آئی) بچوں سے متعلق اقوام متحدہ کی ذیلی تنظیم یونیسف کے مطابق ہیٹی میں مسلح گروہوں کی جانب سے بھرتی کیے جانے والے بچوں کی تعداد میں ایک سال کے اندر 70% اضافہ ہوا ہے۔ اس طرح غرب الہند کے اس ملک میں مذکورہ گروہوں کی نصف تعداد اب بچوں پر مشتمل ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق جاری بیان میں یونیسف نے کہا کہ یہ غیر معمولی انتہا، بچوں کے تحفظ کے بحران کی سنگینی کو ظاہر کررہی ہے، اس وقت مسلح جماعتوں کے تقریباً نصف ارکان بچے ہیں۔ کئی برس سے غربت اور بحرانات میں ڈوبے ہوئے ملک ہیٹی میں رواں سال فروری کے اواخر سے جرائم پیشہ گروہوں کے حملوں میں اضافہ ہوگیا۔ ان گروہوں پر وسیع پیمانے پر قتل، اغوا اور جنسی تشدد جیسے جرائم کے ارتکاب کا الزام ہے۔

وزیر اعظم جلد ایک اور بڑی خوشخبری کا اعلان کرنے والے ہیں' عظمیٰ بخاری

ملک میں خوشخبریوں کا سلسلہ شروع ہوچکا، آئی ایم ایف کو خط لکھنے والے تکلیف میں ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف جلد ہی ایک اور بڑی خوشخبری کا اعلان کرنے والے ہیں، اب پاکستان میں خوشخبریوں کا موسم شروع ہوگیا ہے، بجلی کی قیمتوں میں کمی پر وزیر اعظم اور ان کی ٹیم مبارکباد کے مستحق ہیں، جن کے آئی پی پیز اور بجلی کمپنیوں سے مفادات جڑے تھے، وہ عوامی ریلیف کو برداشت نہیں کر پارہے، کے پی کے میں کرپشن کے قصے زبان زد عام ہیں، گنڈاپور کی جانب سے پارٹی پر 75 کروڑ روپے خرچ کرنے کا بیان قابل تشویش ہے، گنڈاپور کی وزارتِ اعلیٰ خطرے میں، اسے اپنی جماعت کے لوگ کرپٹ قرار دے رہے ہیں، پانی کے معاملے پر جلسوں میں نہیں بلکہ بیٹھ کر بات ہونا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے حکومت کی جانب سے دیے گئے عوامی ریلیف، معاشی استحکام اور حکومتی اقدامات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ عید الفطر کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف نے بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان کیا جس سے گرمیوں کے موسم میں عوام کو بڑا ریلیف حاصل ہوگا، یہ ریلیف ایک مشکل مرحلے کے بعد ممکن ہوا کیونکہ آئی ایم ایف کو منانا آسان نہیں تھا، حکومت نے آئی ایم ایف کو بھی قائل کر کے ایک بڑا کارنامہ انجام دیا ہے۔ انہوں نے خوشخبری دی کہ جلد وزیر اعظم ایک اور بڑی خوشخبری کا اعلان کرنے والے ہیں۔ صوبائی وزیر نے مخالفین کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ جن کے آئی پی پیز اور بجلی کمپنیوں سے مفادات جڑے تھے، وہ اب عوامی ریلیف کو برداشت نہیں کر پارہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی جانب سے وزیر اعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا گیا ہے کہ بجلی کے بلوں میں تیزی سے ہونے والے اضافے کو روکا گیا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ شہباز شریف نے ملک کی معیشت کو سنبھالا اور سری لنکا جیسے حالات پیدا کرنے کی سازشوں کو ناکام بنایا۔ پنجاب حکومت کی کارکردگی پر بات کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ رمضان سہولت بازاروں میں عوام کو 11.1 ارب روپے کی بچت فراہم کی گئی، جہاں 3.57 ارب روپے کی خریداری ہوئی۔

کوئٹہ، چیمبر آف اسمال انڈسٹری کے سینئر نائب صدر تاج محمد بڑیچ سے ایران کے شہر مشہد میں پاکستان کے قونصل جنرل ملاقات کررہے ہیں

لیہ پولیس کی بڑی کارروائی، غیر ملکی نان کسٹم سگریٹ کی اسمگلنگ ناکام بنادی

لیہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے سخت احکامات پر اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے لیہ پولیس بڑی کارروائی عمل میں لائی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق لیہ پولیس نے 28 لاکھ روپے مالیت کے غیر ملکی نان کسٹم سگریٹ کی اسمگلنگ کو ناکام بنادیا۔ چار ملزمان گرفتار کرکے 20800 ڈبی غیر ملکی پلاٹینیم سگریٹس کی برآمد کرلی گئی

خشک سالی کا بحران، بلوچستان کی سب سے بڑی ندی دریائے ہنگول کا پانی بھی سوکھنے لگا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں جاری شدید خشک سالی کے باعث صورتحال انتہائی تشویشناک ہوتی جارہی ہے۔ صوبے میں معمول سے 52 فیصد کم بارشوں کے نتیجے میں بلوچستان کی سب سے بڑی ندی دریائے ہنگول کا پانی بھی تیزی سے سوکھ رہا ہے جس سے آس پاس کے کئی دیہات خطرے سے دوچار ہوگئے ہیں۔ تقریباً 560 کلومیٹر طویل دریائے ہنگول جو کہ مکران کے ساحلی سلسلے اور اونچی چٹانوں کے درمیان وادی ہنگول سے گزرتا ہے، ہنگول، سنگل، ملان اور کنڈ ملیر سمیت متعدد آبادیوں کے لیے پانی کا اہم ترین ذریعہ ہے۔ مقامی باشندوں کے مطابق انہوں نے اپنی زندگی میں پہلی بار اس ندی کا پانی نمکین ہوتے دیکھا ہے جو کہ پانی کی سطح میں خطرناک حد تک کمی کا واضح اشارہ ہے۔ مکران کوسٹل ہائی وے پر واقع ہوٹلوں اور قریبی علاقوں کے ماہی گیر بھی اپنی روزمرہ کی ضروریات کے لیے اسی ندی پر انحصار کرتے ہیں جس کے باعث صورتحال مزید ابتر ہوتی جارہی ہے۔ محکمہ موسمیات کے اعداد وشمار کے مطابق بلوچستان میں اس سال توقع سے کہیں کم بارشیں ریکارڈ کی گئی ہیں

کلی مونزئی سیدان میں حکومت بوائز مڈل سکول کی دوبارہ افتتاحی تقریب، جدید سہولتوں کا اضافہ

سرانان (یو این اے) تحصیل سرانان کے کلی مونزئی سیدان میں حکومت بوائز مڈل سکول کا دوبارہ افتتاح کیا گیا، جو علاقے میں تعلیمی انقلاب کی علامت بن گیا ہے۔ سکول کی عمارت کی مکمل تزئین و آرائش اور جدید سہولتوں کی فراہمی صوبائی اسمبلی کے رکن سردار زادہ سید ظفر علی آغا کے خصوصی فنڈز سے ممکن ہوئی۔ نئی عمارت میں ایک فعال سولر پاور سسٹم نصب کیا گیا ہے،

9 مئی مقدمات، عدالت نے پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی کی تین مقدمات میں ضمانت منظور کرلی

ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سائرہ نورین نے تھانہ کینٹ میں درج تین مقدمات میں ایک لاکھ روپے کے مچلکے بھی جمع کرانے کا حکم

ملتان (جی این ایم) ملتان کی عدالت نے 9 مئی کے جلاؤ گھیراؤ اور توڑ پھوڑ کے مقدمات میں پی ٹی آئی رہنما شاہ محمود قریشی کی تین مقدمات میں ضمانت منظور کرلی، ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج سائرہ نورین نے تھانہ کینٹ میں درج مقدمات کے کیسوں کی سماعت کی، دوران سماعت عدالت میں شاہ محمود قریشی کو جیل سے واٹس ایپ ویڈیو کال پر لیا گیا تھا۔ شاہ محمود قریشی کی جانب سے ایڈووکیٹ ضمیر حسین سنڈھل نے عدالت میں دلائل پیش کئے۔ عدالت نے تھانہ کینٹ میں درج تین مقدمات میں وائس چیئرمین پی ٹی آئی کی ضمانت کی درخواستیں منظور کرتے ہوئے انہیں ایک لاکھ روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم بھی دیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کے خلاف تھانہ کینٹ میں جلاؤ گھیراؤ کے تین مختلف مقدمات درج ہیں جن میں شہریوں کو مشتعل کرنے، حملوں کی ترغیب دینے کا بھی الزام لگایا گیا ہے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی تھانہ ریس کورس، راحت بیکری اور عسکری ٹاور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں پی ٹی آئی رہنماؤں شاہ محمود قریشی، سینیٹر اعجاز چوہدری، یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ اور میاں محمود الرشید پر فرد جرم عائد کردی تھی۔ تمام ملزمان نے صحت جرم سے انکار کیا تھا،+

جنرل ہسپتال کی ورکنگ ٹیم میں اضافہ، 97 نئی نرسز نے ذمہ داریاں سنبھال لیں

وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ کیئر ویژن کو عملی جامہ پہنانے کیلئے دن رات کوشاں ہیں' پروفیسر الفرید ظفر

لاہور (این این آئی) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہیلتھ سیکٹر کو فعال اور مستحکم بنانے کی پالیسی کے تحت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن نے لاہور جنرل ہسپتال میں پنجاب پبلک سروس کمیشن (پی پی ایس سی) سے منتخب 97 نرسز تعینات کردی ہیں جس سے ہسپتال کی "ورک فورس" میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے اور مریضوں کو اس اقدام کا براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان نئی نرسز کی ہسپتال کے مختلف شعبوں میں ذمہ داریاں سنبھالنے سے زیر علاج مریضوں کی نگہداشت اور ہیلتھ کیئر میں مزید بہتری آئے گی۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر فریاد حسین، ڈپٹی چیف نرسنگ سپرنٹنڈنٹ فضیلت لعل اور نرسز کثیر تعداد میں موجود تھیں۔ پروفیسر الفرید ظفر نے نئی تعینات ہونے والی نرسز کو مبارکباد دیتے ہوئے ہدایت کی کہ دوران تعلیم و تربیت انہوں نے جو کچھ پڑھا اور سیکھا ہے اُس کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے مریضوں کی بہتر سے بہتر دیکھ بھال اور نگہداشت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں اور اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے مریضوں کی خدمت کر کے اُن سے دعائیں لیں۔ ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین نے کہا کہ نئی تعینات ہونے والی نرسز کو ڈسپلن، میڈیکل چارٹ کی تکمیل، وارڈ مینجمنٹ، ہیلتھ کیئر کمیشن کے واضح کردہ ایس او پیز، ڈینگی سمیت موسمی و متعددی امراض بارے آگاہی اور مریضوں و لواحقین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے بارے خصوصی لیکچرز دیے جائیں گے

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے

SPORTS سپورٹس

ورلڈ ماسٹرز اسنوکر، آصف اور شاہد نے میچز جیت لیے

پہلے میچ میں آصف نے اومان کے ہیثم بن علی، دوسرے میں آئرلینڈ کے جے چوپڑا کو مات دی، شاہد آفتاب نے بیسٹ آف فائیو کے دونوں میچز فیصلہ کن فریم میں جیتے

منامہ (این این آئی) اسنوکر چیمپئن شپ میں محمد آصف اور شاہد آفتاب نے میچز جیت لیے۔ پاکستان کے محمد آصف اور شاہد آفتاب نے ورلڈ ماسٹرز اسنوکر چیمپئن شپ میں کامیاب آغاز کرتے ہوئے ایونٹ کے پہلے روز اپنے گروپ کے دونوں میچز جیت کر اگلے راؤنڈ تک اپنی رسائی یقینی کر لی۔ بحرین میں ورلڈ ماسٹرز اسنوکر چیمپئن شپ میں 15 ملکوں کے 43 پلیئرز شریک ہیں، پاکستان کے محمد آصف اور شاہد آفتاب نے ایونٹ کے پہلے روز اپنے دونوں میچز جیت لیے۔ گروپ سی میں شامل پاکستان کے محمد آصف نے اپنے دونوں میچز بغیر کوئی فریم ڈراپ کیے جیتے، پہلے میچ میں انہوں نے اومان کے ہیثم بن علی کو 3-0 سے ہرایا، دوسرے میچ میں انہوں نے آئرلینڈ کے جے چوپڑا کو مات دی۔ شاہد آفتاب کو دونوں میچز میں سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑا، بیسٹ آف فائیو کے دونوں میچز انہوں نے فیصلہ کن فریم میں جیتے۔ دن کے پہلے میچ میں انہوں نے مصر کے محمد نویر کو اور دوسرے میچ میں کویت کے عبداللہ الیوسف کو زیر کیا۔ پاکستان کے دونوں پلیئرز آج اپنے آخری گروپ میچز میں بھارتی پلیئرز سے مقابلہ کریں گے۔ واضح رہے کہ بحرین میں کھیلی جانے والی چیمپئن شپ میں آئی بی ایس ایف ورلڈ ماسٹر، انڈر 17، انڈر 21 اور مینز سکس ریڈ اسنوکر میچز رواں ماہ 24 جولائی تک کھیلے جائیں گے۔

لندن، انگلینڈ کے بین اسٹوکس تیسرے ٹیسٹ میچ کے پانچویں دن کے ایل راہل کیخلاف ایل بی ڈبلیو کی اپیل کر رہے ہیں

آل راؤنڈر سارہ گلین نے بلیز ویمن کو واٹیلٹی بلاسٹ میں فتح دلادی

انگلینڈ کے لیگ اسپنر نے 17 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو پویلین واپسی کی راہ دکھائی

اسلام آباد (راشد محمود) سارہ گلین اور کیسیڈی میکارتھی نے ایسیکس کی بیٹنگ کو روک دیا جب دی بلیز نے چیل مسفورڈ میں خواتین کے وائٹلٹی بلاسٹ فائنلز ڈے میں اپنی جگہ کو سیل کرنے کے لیے کامیابی سے 139 کا دفاع کیا۔ انگلینڈ کے لیگ اسپنر گلین نے 17 رنز کے عوض 3 کے اعداد و شمار کے ساتھ مکمل کیا، اس کے بعد تیز گیند باز میک کارتھی نے تین اوورز میں 8 کے عوض 1 اور کپتان کرسٹی گورڈن نے 23 رنز کے عوض 4 گیندوں پر دو وکٹیں بھی شامل کیں۔ ان تمام کوششوں نے اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کی کہ جواب میں ایسیکس کو 9 وکٹوں پر صرف 104 تک محدود رکھا گیا۔ اور ہوم سائیڈ کی شکست نے انہیں آخری چار میں بلیز میں شامل ہونے کا صرف ایک دور دراز ریاضیاتی موقع چھوڑ دیا۔ اس سے قبل، ہیتھر گراہم نے 23 میں سے 33 کے ساتھ سب سے زیادہ اسکور کیا کیونکہ مہمانوں کو ان کے مکمل مختص کرنے سے دو گیندوں پر آؤٹ کیا گیا تھا، ایسیکس کی سیمرا ایوا گرے نے 18 رنز کے عوض 4 کے سیزن کا بہترین اسکور کیا۔

یانک سنر نے ومبلڈن ٹینس کا مینز ایونٹ ٹائٹل پہلی بار جیت لیا

فائنل میں دو بار کے چیمپئن اسپین کے کارلوس الکاریز کو شکست دی

لندن (این این آئی) اٹلی کے یانک سنر نے ومبلڈن ٹینس کا مینز ایونٹ ٹائٹل پہلی بار جیت لیا۔ فائنل میں اُنہوں نے دو بار کے چیمپئن اسپین کے کارلوس الکاریز کو 4 سیٹ کے مقابلے کے بعد شکست دے دی، یانک سنر ومبلڈن جیتنے والے پہلے اٹالین کھلاڑی بھی بن گئے۔ لندن میں کھیلے گئے سال کے تیسرے گرینڈ سلم فائنل میں یانک سنر اور کارلوس الکاریز کے درمیان اچھا مقابلہ ہوا۔ الکاریز نے پہلے سیٹ میں عمدہ سروس اور گراؤنڈ شاٹس سے یانک سنر کو پریشان کیا اور پہلے سیٹ میں 6-4 سے فتح حاصل کی۔ اُس کے بعد یانک سنر نے کھیل پر گرفت مضبوط کر لی۔ اُنہوں نے متعدد بار دو بار کے ومبلڈن چیمپئن الکاریز کی سروس بریک کی اور مسلسل 3 سیٹ میں یکساں اسکور 6-4، 6-4 اور 6-4 سے فتح حاصل کر کے پہلی بار ٹائٹل اپنے نام کیا۔ وہ ومبلڈن جیتنے والے پہلے اٹالین کھلاڑی بھی بن گئے۔

میکسیکو، لیگا فٹ بال لیگ میں ایف سی جواریز اور امریکہ کی ٹیمیں مد مقابل ہیں

ٹیسٹ چیمپئن شپ میں آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز نے ریکارڈ کا منفرد کلب جوائن کرلیا

جمیکا (این این آئی) پیٹ کمنز ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں ہزار رنز اور 100 وکٹیں اڑانے والے دنیا کے تیسرے اور پہلے آسٹریلوی آل راؤنڈر بن گئے، انہوں نے یہ کارنامہ ویسٹ انڈیز سے سیریز کے تیسرے ٹیسٹ میں پہلے دن انجام دیا۔ آسٹریلوی کپتان کمنز اب تک چیمپئن شپ کے 51 میچز میں 1015 رنز اور 213 بیٹرز کو ٹھکانے لگا چکے ہیں۔ جمیکا کے سبائنا پارک میں جاری ڈے نائٹ ٹیسٹ میچ میں 24 کی اننگز میں 9 واں رنز لیکر چیمپئن شپ میں ہزار رنز مکمل کیے، انہوں نے 17 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 3 چھکے بھی جڑے، کینگروز کو 3 میچز کی سیریز میں پہلے ہی 0-2 کی فیصلہ کن سبقت حاصل ہے۔ کمنز سے قبل یہ منفرد کارنامہ بھارتی کرکٹرز رویندرا جدیجا اور روی چندرن ایشون نے بھی انجام دے رکھا ہے لیکن وہ پہلے آسٹریلوی پلیئر بنے۔ تجربہ کار بھارتی اسپنر ایشون نے ریٹائرمنٹ سے قبل چیمپئن شپ کے 41 میچز میں 195 وکٹیں اور 1142 رنز بنائے۔ اسی طرح ان کے ہم وطن رویندرا جدیجا اب تک 42 مقابلوں میں 134 وکٹیں اڑانے کے علاوہ 2151 رنز بھی اپنے نام درج کروا چکے ہیں۔ مجموعی طور پر اب تک چیمپئن شپ میچز میں 65 بیٹرز ہزار یا زائد رنز اسکور کر چکے جبکہ 16 بولرز بھی 100 یا زائد وکٹیں لے چکے ہیں، تاہم ایشون، جدیجا اور اب کمنز ٹیسٹ ڈبلز مکمل کرنے والے تیسرے پلیئر بنے۔ دوسری جانب، مچل اسٹارک نے بھی ایک سنگ میل عبور کرلیا، وہ آسٹریلیا کے تیسرے کامیاب بولر بن گئے۔ اسٹارک نے 322 میچز میں کل 719 بین الاقوامی وکٹیں اپنے نام کیں، جس میں 396 ٹیسٹ (100 میچز)، 244 ون ڈے (127 میچز) اور 79 ٹی 20 انٹرنیشنل (65 میچز) شکار کیے۔ اس معاملے پر مچل اسٹارک سابق فاسٹ بولر بریٹ لی (718 وکٹیں) سے آگے نکل گئے، انہوں نے نے بین الاقوامی کرکٹ میں 310 ٹیسٹ، 380 ون ڈے اور 28 ٹی 20 شکار کیے۔

اسلام آباد، انٹر اسکولز سوئمنگ گالا اختتام پذیر

ایونٹ میں مختلف ایج کیٹیگریز میں فری اسٹائل سوئمنگ کے دلچسپ مقابلے منعقد ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد فیڈرل ایریا بوائز سوئمنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ انٹر اسکولز سوئمنگ گالا اختتام پذیر ہوگیا۔ پاکستان اسپورٹس کمپلیکس کے سوئمنگ پول میں منعقدہ ایونٹ میں جڑواں شہر کے تعلیمی اداروں کے سینکڑوں بچوں نے بھرپور شرکت کی۔ ایونٹ میں مختلف ایج کیٹیگریز میں فری اسٹائل سوئمنگ کے دلچسپ مقابلے منعقد ہوئے، جن میں ننھے تیراکوں نے اپنی صلاحیتوں اور کھیلوں کے جذبے کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ ہیڈ اسٹارٹ اسکول اسلام آباد کے بچوں نے بہترین کارکردگی کے ساتھ ایونٹ میں سبقت حاصل کی اور کئی کیٹیگریز میں نمایاں کامیابیاں اپنے نام کیں۔ انڈر-10 کیٹیگری میں روحان رشید نے گولڈ میڈل حاصل کیا، جبکہ انڈر-16 میں عبدالمعیز برکی نے سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ انڈر-14 کیٹیگری میں حسان رشید نے چاندی کا تمغہ جیت کر اسکول کی مجموعی کارکردگی میں مزید اضافہ کیا۔

سڈنی، این آر ایل راؤنڈ 19 میں ڈریگنز اور روسٹرز کے مابین رگبی میچ جاری ہے

لاہور قلندرز نے کراچی بوائز اور گرلز ٹیموں کا اعلان کر دیا

ہر صوبے سے پانچ پانچ ٹیمیں بنا کر نوجوانوں کو موقع دینگے، عاطف رانا

اسلام آباد (این این آئی) لاہور قلندرز نے پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کرکٹ ٹیلنٹ ہنٹ کے تحت کراچی کی بوائز اور گرلز ٹیموں کے ناموں کا اعلان کر دیا۔ لاہور قلندرز کے سی ای او عاطف رانا کے مطابق ٹرائلز میں ہزاروں نوجوانوں کی شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کے نوجوان لاہور قلندرز کے ویژن پر اعتماد کرتے ہیں۔ لاہور قلندرز نے کھلاڑیوں کی ترقی کا سفر دس سال قبل شروع کیا تھا اور آج کئی نمایاں کھلاڑی اسی پروگرام سے منظر عام پر آئے ہیں۔ عاطف رانا نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت ہر صوبے، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان سے پانچ پانچ ٹیمیں بنائی جائیں گی جو علاقائی ٹورنامنٹس میں حصہ لیں گی۔ گرلز اسکواڈ میں یسری عامر، علیزے صابر، عاریجہ حسیب، آمنہ زاہد، تسکین فاطمہ، کائنات ایمان، عنیزہ عارف، سیدہ بتول فاطمہ، شبنم حیات، معصومہ جعفری، عبیرہ ریاض، فائقہ طارق، اریج عامر، مریم احمد، عشا نعیم حصہ ہے جبکہ بوائز اسکواڈ میں ارمان شہزاد، عبداللہ جاوید، محمد صدیق، عمر فاروق، زین انور، حمزہ ملک، علی شعیب، محمد شاہیر، محمد فرمان، نوید اللہ، سید زین، عبدالروف، معاذ شاہ، عبدالجلیل، سید ریحان شاہ شامل ہیں۔

وسیم اکرم نے مایہ ناز آسٹریلوی کرکٹر مچل سٹارک جو دور جدید کا عظیم ترین کرکٹر قرار دیدیا

کراچی (این این آئی) سوئنگ کے سلطان اور پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان نے مایہ ناز آسٹریلوی کرکٹر دور جدید کا عظیم ترین کرکٹر قرار دیا ہے۔ سابق قومی کپتان جن کی بولنگ کی آج بھی ایک دنیا دیوانی ہے اور وہ عظیم ترین کرکٹرز میں شمار ہوتے ہیں انھوں نے آسٹریلیا کے لیفٹ آرم فاسٹ بولر مچل اسٹارک کو دور جدید کا عظیم کرکٹر قرار دیا ہے جنھوں نے ٹیسٹ میچز میں شرکت کی سنچری بھی مکمل کرلی ہے۔ کینگرو پیسر نے گذشتہ روز ویسٹ انڈیز کیخلاف میچ میں شرکت کے بعد یہ اعزاز اپنے نام کیا، وسیم اکرم نے اسٹارک کو اس سنگ میل پر پہنچنے مبارکباد پیش کی اور انھیں سراہا۔ لیجنڈ کرکٹر کا کہنا تھا کہ 100 ٹیسٹ میچز کھیلنا بہت بڑا کارنامہ ہے، موجودہ دور میں یہ واقعی بڑی بات ہے، یہ کسی بھی کرکٹر کی صلاحیت کا اظہار ہے۔

ایشیا کپ کے بعد جونیئر ہاکی ٹیم کی ورلڈکپ میں شرکت پر سوالیہ نشان لگ گیا

اسلام آباد (این این آئی) ایشیا کپ کے بعد جونیئر ہاکی ٹیم کی ورلڈکپ میں شرکت پر سوالیہ نشان لگ گیا، پاکستان جونیئر ہاکی ٹیم کو بھی بھارت جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق جونیئر ہاکی ورلڈکپ نومبر دسمبر میں بھارت میں شیڈول ہے، ایشیاء کپ کے لیے اجازت نہ ملنے سے متعلق پی ایچ ایف کو آگاہ کیا جاچکا ہے، پی ایچ ایف کو جونیئر ہاکی ورلڈکپ کے حوالے سے بھی آگاہ کر دیا گیا ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن اب اس متعلق باضابطہ اعلان کرے گی، پی ایچ ایف کو بتادیا گیا ہے کہ رواں برس کوئی ٹیم بھارت نہیں جائے گی۔ ایف آئی ایچ جونیئر ہاکی ورلڈکپ کے شیڈول کا اعلان کرچکی ہے، جونیئر ہاکی ورلڈکپ 28 نومبر سے 10 دسمبر تک کھیلا جانا ہے۔ پاکستان اور بھارت کی جونیئر ہاکی ٹیمیں گروپ بی میں شامل ہیں۔

پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن قومی کوچ کوریا پہنچ گئے

نثار احمد یو سی آئی لیول ٹو کے کوچنگ کورس میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن (پی سی ایف) کے کوچ نثار احمد کو یو سی آئی لیول ٹو کے کوچنگ کورس میں شرکت کے لیے کوریا پہنچ گئے ہیں۔ اس پروگرام کی میزبانی کورین سائیکلنگ فیڈریشن ورلڈ سائیکلنگ سینٹر (ڈبلیو سی سی) کے تعاون سے کر رہی ہے۔ ہفتہ کو پاکستان سائیکلنگ فیڈریشن کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایک سابق بین الاقوامی سائیکلنگ چیمپئن نثار احمد نے متعدد مواقع پر بھرپور انداز میں پاکستان کی نمائندگی کی ہے، انہوں نے جنوبی ایشیائی مقابلوں میں متعدد گولڈ میڈل اور پوڈیم فنش حاصل کیے۔ وہ قومی سطح پر مسلسل اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے رہے ہیں۔ نثار احمد نے پہلے ہی یو سی آئی لیول ون ان لائن کوچنگ کورس کے ساتھ ساتھ لیول ون کوچنگ اور مکینک کورسز بھی مکمل کر لیے ہیں۔ حال ہی میں کورین سائیکلنگ فیڈریشن نے WCC کے ذریعے ایک کوچ اور ایک رائیڈر کو ان کے جدید تربیتی کورس میں شرکت کے لیے پاکستان کو خصوصی دعوت دی۔ جبکہ نامزد رائیڈر ویزا حاصل کرنے سے قاصر تھا۔ نثار احمد نے کامیابی کے ساتھ اپنے سفری دستاویزات کو محفوظ کرلیا۔

ایشین انڈر 16 والی بال چیمپئن شپ، پاکستان کی تیسری کامیابی

کراس اوور راؤنڈ میں پاکستان پول بی کی دو ٹاپ ٹیموں سے مقابلہ کرے گا

بینکاک (این این آئی) تھائی لینڈ میں جاری ایشین انڈر 16 والی بال چیمپئن شپ میں پاکستان نے مسلسل تیسری کامیابی حاصل کرلی۔ پاکستان والی بال ٹیم نے اپنے گروپ مرحلے کے آخری میچ میں چائنیز تاپے کو تین۔صفر سے شکست دے دی۔ پاکستان اور چائنیز تاپے کے درمیان مقابلہ ایک گھنٹہ 17 منٹ جاری رہا اور پاکستان کی کامیابی کا اسکور 26۔24، 25۔24 اور 25۔16 رہا۔ پاکستان کی جانب سے فیضان اللہ، طلحہ مہر اور محمد جنید نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ پاکستان نے ابتدائی گروپ مرحلے کے تینوں میچز کوئی سیٹ ڈراپ کیے بغیر جیتے۔ واضح رہے کہ پول ڈی سے پاکستان اور کوریا نے اگلے مرحلے ’’کراس اوور‘‘ راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کیا۔ اب کراس اوور راؤنڈ میں پاکستان پول بی کی دو ٹاپ ٹیموں سے مقابلہ کرے گا۔ ایشین انڈر 16 والی بال چیمپئن شپ تھائی لینڈ کے شہر ناکون پاتھوم میں جاری ہے۔

نارتھ بیروک، سکاٹش گالف ٹورنامنٹ میں کرس گوٹروپ میچ کے دوران شاٹ کھیل رہے ہیں

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے

SHOWBIZ شوبز

علیزے شاہ کا شادی شدہ مرد فنکاروں پر طنزیہ وار

انسٹاگرام پوسٹ میں شوبز انڈسٹری کے رازوں سے پردہ اٹھانے کی کوشش

کراچی (این این آئی) اداکارہ علیزے شاہ اپنے دبنگ تبصرےمیں شادی شدہ مرد اداکاروں کے دوہرے رویے پر تنقید کے تیر چلائے ہیں۔ نوجوانی میں فلم سپر اسٹار سے اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والی علیزے شاہ نہ صرف اپنی اداکاری سے جانی جاتی ہیں بلکہ اپنے بیباک انداز اور کھل کر رائے دینے کی وجہ سے بھی اکثر خبروں کا حصہ بنتی ہیں۔ حالیہ دنوں میں علیزے کچھ زیادہ ہی بے لاگ ہوتی اور شوبز انڈسٹری کے پوشیدہ پہلوں سے پردہ اٹھاتی نظر آرہی ہیں۔ اپنی ایک انسٹاگرام اسٹوری میں علیزے شاہ نے لکھا، شادی شدہ مرد اداکاروں کی ایک بڑی تعداد شادی کی انگوٹھی کو صرف ایک فیشن ایسنسری سمجھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اس معاملے میں زیادہ نہیں بولنا چاہتیں کیونکہ یہ ان کا مسئلہ نہیں۔ تاہم ان کے اس بیان نے مداحوں اور انڈسٹری کے اندر ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ سوشل میڈیا صارفین کی رائے ملی جلی ہے۔ کچھ لوگ علیزے شاہ کے اس بیان کو سراہ رہے ہیں کہ انہوں نے دوہرے معیار رکھنے والے افراد کو بےنقاب کیا، جبکہ کچھ کا ماننا ہے کہ ایسے معاملات کو عوامی پلیٹ فارم پر اٹھانا غیر ضروری تنازع کا سبب بنتا ہے۔ گرچہ علیزے شاہ نے اپنی پوسٹ میں کسی خاص اداکار کا نام نہیں لیا، لیکن ان کے بیان میں چھپا طنز یقیناً کچھ لوگوں کے لیے ناگوار گزر سکتا ہے۔ کئی لوگ یہ جاننے کے لیے بیتاب ہیں کہ آخر یہ زیادہ تر اداکار کون ہیں جن کی شادی کی انگوٹھی محض شوپیس بن چکی ہے۔

ماہم عامر نے لڑکیوں کو شادی سے متعلق اہم مشورہ دیدیا

اگر کوئی شخص آپ کو عزت اور محبت دے تو اس سے شادی کر لینی چاہیے، اداکارہ

کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ ماہم عامر خان کی جانب سے نوجوان لڑکیوں کو شادی سے متعلق اہم مشورہ دے دیا گیا۔ ایک پروگرام میں انٹرویو کے دوران اداکارہ ماہم خان نے شادی کے حوالے سے لڑکیوں کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ مجھے لگتا ہے شادی سے گھبرانا نہیں چاہیے، شادی ایک بہت خوبصورت رشتہ ہے اگر اسے ایک سلیقے سے چلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سوسائٹی کا ایک مسئلہ یہ ہے کہ ہم ہر چیز کو لے کر اپنے دماغ میں خیالات بنا لیتے ہیں کہ شادی کے بعد یہ ہوگا یا وہ ہوجائے گا، صرف شادی کی نہیں کسی بھی تعلق میں ہمیشہ ہر چیز ایک جیسی نہیں رہتی، زندگی میں اتار چڑھا آتے ہیں جو آپ کے رشتے کو مضبوط بناتے ہیں۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ مجھے لگتا ہے شادی ایک خوبصورت رشتہ ہے اور اگر کوئی ایسا شخص آپ کو ملے جو آپ کو عزت اور محبت دے تو آپ کو اس سے شادی کر لینی چاہیے۔

ڈپریشن کی وجہ سے کام سے وقفہ لیا، نوشین شاہ کا اعتراف

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ نوشین شاہ نے ہمت اور بہادری سے اپنی ذہنی صحت کے مسائل پر بات کی اور کام سے وقفہ لینے کے بعد اب دوبارہ کام پر لوٹنے کا عندیہ بھی دے دیا۔ نوشین شاہ کا شمار پاکستان کی مایہ ناز اداکاراں میں کیا جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ بے مثال اداکاری اور دیدہ زیب شخصیت کی بدولت اداکارہ مداحوں کے دلوں میں راج کرنے کا ہنر جانتی ہیں۔ تاہم وہ کچھ عرصے سے اسکرین سے غائب ہیں جسکی وجہ آج انہوں نے کھل کر بیان کردی۔ بے باک اور کھری بات کرنے سے گریز نہ کرنے والی نوشین شاہ نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے کئی اہم موضوعات پر تفصیلی گفتگو کرنے کیساتھ اپنی ذہنی صحت کے مسائل پر بھی بات کی۔ واضح رہے کہ کئی شاندار پروجیکٹس میں اپنی اداکاری سے داد وصول کرنے والی نوشین شاہ پچھلے تقریباً ایک سال سے اسکرین سے غائب تھیں، اور اب جب وہ واپس آئی ہیں تو انہوں نے اپنے ساتھ پیش آنے والے حالات اور جدوجہد کے بارے میں بھی کئی انکشافات کردیے۔

میرا جی اور شان کی بڑے پردے پر واپسی، پہلی جھلک جاری

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ میرا نے فلم اسٹار شان شاہد کے ساتھ اپنی اگلی فلم کی پہلی جھلک سوشل میڈیا کی زینت بنا کر سب کی توجہ حاصل کرلی۔ میرا پاکستانی فلم انڈسٹری کا ایک ایسا نام ہیں جنہوں نے اپنی اداکاری سے زیادہ اپنی ٹوٹی پھوٹی انگریزی سے شہرت حاصل کی۔ میرا نے بطور اداکارہ اپنے فلمی سفر کا آغاز 1995 میں فلم کانٹا سے کیا تھا۔ 1996 میں میرا کی دوسری فلم چیف صاحب ریلیز ہوئی جس کی کامیابی کے بعد میرا کے بعد دیگرے فلموں میں دکھائی دینے لگیں۔ انہوں سال 2005 میں بالی وڈ ڈیبیو دیتے ہوئے عالیہ بھٹ کی والدہ و ہدایتکارہ سونی رزدان کی فلم ’نظر‘ میں کام کیا۔ میرا کچھ عرصے سے میڈیا لائم لائٹ سے کوسوں دور تھیں لیکن اب واپس انہوں نے سوشل میڈیا پر اپنی موجودگی کا احساس دلواتے ہوئے انسٹاگرام پر ایسی پوسٹس شیئر کرنی شروع کردی ہیں جو انکی اگلی فلم کے حوالے سے انکشافات کررہی ہیں۔ اداکارہ نے جولائی کے آغاز پر ہی یہ انکشاف کیا تھا کہ انکی اگلی فلن جلد آنے والی ہے اور اسکی اسکرپٹ بالی وڈ کے دبنگ خان یعنی سلمان خان نے پڑھی ہے۔

ایک لڑکی اکیلے کیسے مر سکتی ہے؟ فضا علی کا حمیرا اصغر کی موت پر جذباتی بیان

لاہور (این این آئی) اداکارہ حمیرا اصغر کی تنہائی میں موت پر فضا علی کا جذباتی ردعمل سامنے آ گیا۔ فضا علی نے اپنے ویڈیو پیغام میں روتے ہوئے کہا کہ ایک لڑکی اکیلے کیسے مر سکتی ہے؟ اس کے اپنے کیوں اس سے منہ موڑ گئے؟ اسلام ہمیں کہتا ہے کہ اپنے عزیزوں کا خیال رکھو، ان پر نظر رکھو۔ انہوں نے مزید کہا کہ والدین کو اپنے بچوں کی خواہشات کو سمجھنا چاہیے

حرا مانی اب غیر مہذب ہوگئی ہیں، اداکارہ نتاشا علی

حرا کے مارکس میرے نزدیک زیادہ تھے لیکن اب کم ہوگئے، میں ان کو 5 مارکس دوں گی

کراچی (این این آئی) اداکارہ نتاشا علی حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے شو میں شریک ہوئیں جس دوران اداکارہ نے مختلف اور دلچسپ موضوعات پر گفتگو کی۔ پاکستانی اداکارہ نتاشا علی نے اداکارہ حرا مانی غیر مہذب کہہ دیا۔ اداکارہ نتاشا علی حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے شو میں شریک ہوئیں جس دوران اداکارہ نے مختلف اور دلچسپ موضوعات پر گفتگو کی۔ دوران شو میزبان نے اداکارہ کو ایک سیگمنٹ میں مختلف اداکاؤں کے نام دے کر انھیں نمبرز دینے کا کہا۔ جس پر اداکارہ نتاشا علی نے ہانیہ عامر کو سب سے بہتر اداکارہ قرار دیتے ہوئے 10 میں سے 10 نمبرز دیے، نتاشا علی نے یہ بھی کہا ہانیہ کا دور چل رہا ہے۔ اس سیگمنٹ میں نتاشا نے اداکاری میں ماہرہ خان کو 9، اقرا عزیز کو 7، عائزہ خان کو 8، مہوش حیات کو 7، حریم فاروق کو 6 عائشہ عمر کو 6 اور ثروت گیلانی کو 5 نمبر دیے۔ حرا مانی کے نام پر اداکارہ نتاشا نے کہا کہ پہلے حرا کے مارکس میرے نزدیک زیادہ تھے لیکن اب کم ہوگئے ہیں، حرا کی اداکاری کیلئے میں ان کو 5 مارکس دوں گی۔ میزبان کی جانب سے وجہ پوچھنے پر نتاشا علی نے بتایا کہ حرا مانی پہلے زیادہ شائستہ (Decent) تھی، میں بھی پہلے انھیں بہت پسند کرتی تھی، اب وہ غیر مہذب ہوگئی ہیں اور کچھ ایسے کام کررہی ہیں جو فینز کو پسند نہیں آرہے۔

روبینہ قریشی کو مداحوں سے بچھڑے 3 برس بیت گئے

گلوکارہ و اداکاری کی خدمات کے عوض صدارتی ایوارڈ کے علاوہ دیگر متعدد ایوارڈز بھی ملے

کراچی (این این آئی) کوئل سندھ اور بلبل مہران کہلائی جانے والی گلوکارہ و اداکارہ روبینہ قریشی کو مداحوں سے بچھڑے 3 برس بیت گئے۔ روبینہ قریشی 19 اکتوبر 1940 کو پاکستان کے شہر حیدرآباد میں پیدا ہوئی، انہوں نے 1960 میں اپنے کیریئر کا آغاز ریڈیو پاکستان حیدرآباد سے کیا، روبینہ اشرف نے متعدد ڈراموں اور فلموں میں بھی اداکاری کے جوہر دکھائے مگر انہیں ان کی گلوکاری کی وجہ سے شہرت ملی۔ انہوں نے پہلی بار شاہ عبداللطیف بھٹائی اور سچل سرمست کی لوک شاعری کو منفرد انداز میں گا کر لوگوں کے دل جیتے، انہیں ان کی منفرد اور سریلی آواز کی وجہ سے کوئل سندھ اور بلبل مہران کا لقب دیا گیا۔ روبینہ قریشی کو ان کی گلوکاری و اداکاری کی خدمات کے عوض صدارتی ایوارڈ کے علاوہ دیگر متعدد ایوارڈز بھی ملے۔ بلبل مہران کہلائی جانے والی گلوکارہ روبینہ قریشی طویل علالت کے بعد 13 جولائی کو 81 برس کی عمر میں کراچی میں انتقال کر گئیں۔

کشیدہ تعلقات، شوہر کے حملے میں بھارتی اداکارہ زخمی

منجولا اور امریش کی شادی کو 20 سال ہوچکے ہیں اور ان کے دو بچے ہیں

بنگلور (این این آئی) بھارتی ریاست کرناٹک کے شہر بنگلور میں کناڈا ٹی وی کی اداکارہ منجولا شروتی شوہر کی جانب سے کیے گئے قاتلانہ حملے میں زخمی ہوگئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق منجولا شروتی پر ان کے شوہر امریش نے بے وفائی کے شبے میں حملہ کیا ہے، امریش نے مبینہ طور پر شروتی پر پہلے مرچوں کا اسپرے کیا اس کے بعد اداکارہ کی پسلی، ران اور گردن پر وار کرتے ہوئے ان کا سر دیوار سے دے مارا۔ خیال رہے کہ اداکارہ منجولا شروتی کو ان کے شوہر نے 4 جولائی کو تنقید کا نشانہ بنایا تھا، مگر اس کی خبر حال ہی میں سامنے آئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق منجولا اور امریش کی شادی کو 20 سال ہوچکے ہیں اور ان کے دو بچے ہیں۔ کچھ عرصے سے ان کے تعلقات کشیدہ تھے، جس کے باعث تین ماہ قبل شروتی نے علیحدگی اختیار کر لی تھی۔ منجولا شروتی اس وقت وکٹوریا اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ پولیس نے اقدام قتل کا مقدمہ درج کرتے ہوئے امریش کو گرفتار کرلیا ہے۔

حمیرا اصغر کی موت کو کیش کرانے کا الزام؟ احمد علی بٹ نے وضاحت دے دی

کراچی (این این آئی) معروف اداکار اور ہوسٹ احمد علی بٹ نے حال ہی میں انسٹاگرام پر وضاحت جاری کرتے ہوئے اداکارہ حمیرا اصغر کے انٹرویو کو دوبارہ اپ لوڈ کرنے پر ویوز لینے کے الزامات کو سختی سے مسترد کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد صرف یہ تھا کہ لوگ مرحومہ حمیرہ کی اصل زندگی اور ان کی جدوجہد کو ان کے اپنے الفاظ میں سن سکیں، کیونکہ ان کے بارے میں سوشل میڈیا پر غلط اور گمراہ کن معلومات پھیلائی جا رہی تھیں۔ واضح رہے کہ 2024 میں احمد علی بٹ نے حمیرا اصغر کا ایک انٹرویو کیا تھا، لیکن اس وقت حمیرا شوبز میں نئے قدم جمانے والی ایک عام سی اداکارہ تھیں، جس کی وجہ سے اس انٹرویو کو محدود ویوز ملے اور یہ یوٹیوب پر خاموشی سے موجود رہا۔ تاہم، حال ہی میں حمیرا اصغر کی المناک موت کے بعد ان کی زندگی اور جدوجہد میں عوام کی دلچسپی بڑھ گئی، اور اسی پس منظر میں احمد علی بٹ نے اسی انٹرویو کو دوبارہ اپنے یوٹیوب چینل پر شیئر کیا۔

شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کا 98 واں یوم پیدائش 18 جولائی کو منایا جائے گا

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) شہنشاہ غزل استاد مہدی حسن کا 98 واں یوم پیدائش 18 جولائی کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ان کے مداحوں کی جانب سے خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔ کلاسیکل موسیقی کے خاندان سے تعلق رکھنے والے استاد مہدی حسن 18 جولائی 1927ء کو بھارتی ریاست راجھستان میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے 1957ء میں کراچی میں ریڈیو پاکستان سے باقاعدہ گلوکاری کا آغاز کیا۔ انیس سو باسٹھ میں فلم فرنگی کے گیت گلوں میں رنگ بھرے باد نو بہار چلے مہدی حسن کی پہلی مشہور غزل تھی۔ مہدی حسن کے چاہنے والے نہ صرف پاکستان اور بھارت بلکہ ساری دنیا میں موجود ہیں۔ اور جہاں غزل گائی اور سنی جاتی ہے وہاں مہدی حسن کی مدھر آواز کا جادو سر چڑھ کر بولتا ہے۔ ان کا گیت اک حسن کی دیوی سے مجھے پیار ہوا تھا اتنا مشہور ہوا کہ یہ گیت آج بھی مہدی حسن کے سب سے زیادہ مشہور گانوں میں شمار ہوتا ہے۔ مہدی حسن نے اپنی زندگی میں پچیس ہزار سے زائد فلمی گیت اور غزل گائیں۔ مہدی حسن کو مشکل راگوں پر بھی کمال گرفت حاصل تھی وہ آواز کو دلوں کو چھو لیتی تھی، وہ شہنشاہ غزل مہدی حسن کی آواز تھی۔ ایسی آواز، اب ڈھونڈے سے بھی نہیں ملتی۔ مہدی حسن کو حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ حسن کارکردگی اور ہلال امتیاز سمیت تمام نمایاں قومی سطح کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ گائیکی کے میدان میں بام عروج پر پہنچنے کی طویل جدوجہد کے بعد مہدی حسن فالج، سینے اور سانس کی مختلف بیماریوں کا شکار ہوگئے اور طویل علالت کے بعد 13 جون 2012 کو کراچی میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے لیکن ان کے گائی ہوئی غزلیں اور گیت آج بھی کانوں میں رس گھول رہی ہیں۔

نیمل خاور خان کی ڈرامہ انڈسٹری میں واپسی کی تیاری

وہ ایک بڑے پراجیکٹ کے ساتھ دوبارہ اسکرین پر جلوہ گر ہونے جا رہی ہیں

لاہور (این این آئی) معروف اور باصلاحیت اداکارہ، مصورہ اور سوشل میڈیا اسٹار نیمل خاور خان جلد ہی پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری میں واپسی کر رہی ہیں۔ اداکارہ نے شادی اور ماں بننے کے بعد شوبز سے بریک لے لیا تھا، تاہم اب وہ ایک بڑے پراجیکٹ کے ساتھ دوبارہ اسکرین پر جلوہ گر ہونے جارہی ہیں۔ نیمل خاور نے اپنی شاندار اداکاری کا مظاہرہ فلم اور ڈراموں میں کیا، جس میں ان کے فن کو خوب سراہا گیا، ان کے انسٹاگرام پر 36 لاکھ سے زائد فالوورز ہیں، جو ان کی واپسی کے شدت سے منتظر تھے۔ سوشل میڈیا پر گردش کرتی خبروں کے مطابق نیمل خاور اپنے شوہر حمزہ علی عباسی کے ساتھ نجی ٹی وی کے ایک ڈرامے میں جلوہ گر ہوں گی۔ کچھ رپورٹس کے مطابق حبا بخاری کو اس ڈرامے سے ریپلیس کیا گیا ہے، جس پر سوشل میڈیا پر ملا جلا ردعمل سامنے آیا ہے۔ نیمل اور حمزہ کی ایک ساتھ اسکرین پر واپسی کی خبر نے مداحوں کو پرجوش کر دیا ہے، ایک صارف نے لکھا واہ! حمزہ اور نیمل ساتھ ایک خواب کی تعبیر ہے، ایک اور صارف نے حیرانی سے پوچھا کہ کیا یہ خبر واقعی سچ ہے؟ جبکہ کسی نے حیرت کا اظہار کیا کہ پاکستانی اداکارہ حبا بخاری کو ریپلیس کر دیا گیا؟ حیرت کی بات ہے۔

اداکارہ صبور علی نے دلکشی کی تمام حدود پار کر دیں

صبور علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ پر اپنی خوبصورت تصاویر شیئر کی ہیں

کراچی (این این آئی) اداکارہ صبور علی نے ایک خوبصورت فوٹو شوٹ میں دیدہ زیب لباس اور اس کے ساتھ تمام لوازمات پورے کر کے دلکشی کی انتہا کردی ہے۔ محمود آباد کی ملکائیں، بے قصور، مسٹر شمیم اور گل و گلزار جیسے ڈراموں میں بہترین اداکاری کے جوہر دکھانے والے اداکارہ صبور علی پاکستانی ڈراما انڈسٹری میں منفرد مقام رکھتی ہیں۔ کریئر کے عروج پر ہی صبور علی نے اپنی زندگی کے نئے چیپٹر کا آغاز کرنے کا فیصلہ کیا اور 22 جنوری 2022 کو علی انصاری سے محبت کی شادی کی تھی اور 2025 میں اس جوڑے کا ہاں پہلی بیٹی کی پیدائش ہوئی جسکا نام سیرینا رکھا۔ صبور علی اپنی اداکاری کے علاوہ لکس کا بھی خاص خیال رکھتی نظر آتی ہیں لیکن انکا ڈریسنگ اسٹائل مخصوص نہیں ہے بلکہ وہ ویسٹرن اور ایسٹرن دونوں فیشن کو فالو کرتی نظر آتی ہیں۔ صبور علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ پر اپنی خوبصورت تصاویر شیئر کی ہیں جس میں قیامت ڈھاتی نظر آرہی ہیں۔ صبور علی نے پھولوں کے پرنٹ سے مزین لباس کو زمرد کے پتھروں کے نیکلس سے مکمل کیا ہے۔

بقیہ نمبر 1

ہنمائی ایک قیمتی ادارہ جاتی اثاثہ ہے۔ سابق فوجیوں نے پاک فوج کی قیادت پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا اور ابھرتے سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے میں فوج کیلئے اپنی مسلسل حمایت کا اعادہ کیا۔ سابق فوجیوں نے قومی اتحاد، امن اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار جاری رکھنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 2

ئی عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ نئے صوبے قومی مسئلہ ہیں، انہیں مصلحت یا سیاست کی بھینٹ نہیں چڑھنا چاہیے۔ ایک بیان میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ عوام ملک بھر میں انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کی تشکیل چاہتے ہیں، آئی پی پی ہر فورم پر اس کیلئے آواز اٹھاتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ کوئی شک نہیں کہ موجودہ حالات ملک بھر میں نئے ورکنگ آرڈر کے متقاضی ہیں، سیاستدان ذمے داریاں نبھاتے ہوئے نئے صوبوں کی اونر شپ لیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اپنی چودھراہٹ بچانے کی بجائے عوام کے مسائل کا سوچنا ہوگا، یہ قومی مسئلہ ہے، نئے صوبوں کو مصلحت یا سیاست کی بھینٹ نہیں چڑھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دیکھا جائے تو چاروں صوبوں کو 4، 4 انتظامی یونٹس میں تقسیم کرنے میں کوئی حرج نہیں جنوبی پنجاب اور بہاولپور صوبے کے قیام کی بھی حمایت کرتے ہیں۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ استحکام پاکستان پارٹی ہزارہ صوبے کے مطالبے کے ساتھ ہے، پنجاب اور سندھ میں بھی نئے صوبوں کے لئے آوازیں بلند ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی میں 2010 سے ہزارہ صوبے کے لئے آوازیں بلند ہو رہی ہیں، خوشی ہے خیبر پختونخوا کی اہم سیاسی جماعتیں ہزارہ صوبے کا قیام چاہتی ہیں۔

بقیہ نمبر 3

فراد جاں بحق ہو گئے۔ لبنانی سرکاری خبر ایجنسی کے مطابق اسرائیلی جنگی طیاروں نے جنوبی لبنان کے انصار گاں کے مضافات میں ایک مکان کو نشانہ بنایا۔ اس اسرائیلی کارروائی کے نتیجے میں 7 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے جبکہ حملے کا شکار ہونے والا مکان مکمل طور پر تباہ ہو گیا۔

بقیہ نمبر 4

گلگت بلتستان میں جیتی تو دھاندلی کی بات نہیں کی، آزاد کشمیر میں ہار گئی تو دھاندلی کا الزام لگا دیا۔ ہفتہ کو مری میں (ن) لیگ آزاد کشمیر کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ آزاد کشمیر انتخابات میں (ن) لیگ کو کامیابی ملی، آزاد کشمیر کے عوام نے مشکل حالات میں بہترین فیصلہ کیا۔ مریم نواز نے کہا کہ دنگا فساد، قتل و غارت، خون خرابہ، احتجاج، ہڑتالوں کو آزاد کشمیر کے عوام نے ووٹ کی طاقت سے شکست دی، شر پسند عناصر پاکستان اور آزاد کشمیر کو لڑوانا چاہتے تھے، ان کے لیے شکست فاش ہے، آزاد کشمیر کے عوام کو پتا ہے ان کو کیا چاہیے ان کو پتا ہے کہ وفاق اور پنجاب میں کیا کام ہو رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ آزاد کشمیر کے عوام نے تعمیر و ترقی کو ووٹ دیا، الیکشن ہو گیا اب تو اسٹیبلشمنٹ نہیں تھا اب ہمارا ٹیسٹ شروع ہو گیا ہے، جتنی سازشیں (ن) لیگ کے خلاف ہوتی آئی ہیں شاید ہی کسی اور جماعت کے خلاف ہوئی ہوں، ہمارے قائدین کو بھی بہت مشکل مراحل سے گزرنا پڑا، ہم نے پہلے دن سے کام کرنا ہے، پروٹوکول اور دعوتوں سے لطف اندوز نہیں ہونا۔ مریم نواز نے کہا کہ 2021ء کے الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کو 17 اور پی ٹی آئی کو 3 سیٹیں ملیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید پاکستان کا ایک ہی بانی ہے اور اس کا نام نواز شریف ہے۔

بقیہ نمبر 5

وزیر اعظم نے این ڈی ایم اے کو متعلقہ صوبائی اداروں اور پی ڈی ایم ایز کے ساتھ موثر رابطہ رکھنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم نے نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر میں اے آء اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی پزیرائی کی۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے وزیر اعظم کو ملک کی موسمیاتی صورتحال، بالخصوص مون سون بارشوں کے پیش نظر سیلاب کی صورتحال کے حوالے سے آگاہ کیا۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے وزیر اعظم کو سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں اور متاثرین کی بحالی کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تعاون سے خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور آزاد جموں و کشمیر میں این ڈی ایم اے کی جانب سے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 6

کے لوگ ناراض ہوں گے، آزاد کشمیر کو زیادہ سے زیادہ فنڈز دینے چاہئیں۔ ہفتہ کو پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیر اعظم کی زیر صدارت مری میں ہونے والا (ن) لیگ کا اجلاس ہوا جس میں (ن) لیگ قیادت نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی مخصوص نشستوں اور وزیر اعظم آزاد کشمیر کے لیے ناموں پر غور کیا۔ اجلاس میں آزاد کشمیر کے نومنتخب اراکین کو مبارکباد اور ظہرانہ دیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایاز صادق، خواجہ آصف، سعد رفیق، امیر مقام آزاد کشمیر میں (ن) لیگ کے تمام ٹکٹ ہولڈرز بھی اجلاس میں شریک تھے۔ قبل ازیں وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس میں شرکت کیلئے اسلام آباد سے مری پہنچے تھے۔ گورنمنٹ ہاؤس میں نومنتخب (ن) لیگی اراکین کشمیر اسمبلی کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی پارلیمانی پارٹی اجلاس سے خطاب میں نواز شریف نے کہا کہ آزاد کشمیر انتخابات میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کو مبارک باد دیتا ہوں، آزاد کشمیر کو زیادہ سے زیادہ فنڈز دینے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ کے اچھے امیدواروں کی شکست کے عوامل کو بھی دیکھنا ہوگا۔ نواز شریف نے کہا کہ انتخابات کے 2 مرحلوں میں (ن) لیگ کو کامیابی ملی، عوام نے ایک بار پھر ن لیگ پر اعتماد کا اظہار کیا ہے، اگر (ن) لیگ نے ڈیلیور نہیں کیا تو یہاں کے لوگ ناراض ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں سڑکیں اور ہسپتال بننے چاہئیں، اے جے کے کا بچہ بھی چاہتا ہے کہ اس کے ہاتھ میں لیپ ٹاپ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ملک آگے بڑھ رہا ہے، شہباز شریف کی محنت رنگ لا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف نے حکومت سنبھالی تو ملکی حالات بہت خراب تھے، پنجاب میں ترقی کی بنیاد شہباز شریف نے رکھی جسے مریم نواز نے آگے بڑھایا، آزاد کشمیر کے عوام پنجاب کی ترقی کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ صدر مسلم لیگ (ن) نے کہا کہ جس طرح پنجاب بدل رہا ہے اسی طرح آزاد کشمیر کو بھی بدلنا چاہیے، اب عوام کے اعتماد کو ٹھیس پہنچانے کی گنجائش نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ امید نہیں تھی کہ پیپلز پارٹی کی طرف سے کوئی شکایت کا موقع ملے گا، آزاد کشمیر میں پی پی پی کا وزیر اعظم تھا۔ نواز شریف نے کہا کہ کچھ شکایات ہم تک پہنچیں جس کا مجھے افسوس ہوا، ماضی میں آزاد کشمیر کی حکومت عوامی امنگوں پر پوری نہ اتر سکی، یہاں کے عوام کی فلاح و بہبود ترجیح ہے۔ نواز شریف نے کہا کہ مخالفین نے صرف نعرے لگائے، ترقی کے لیے کچھ نہیں کیا، ملک پیچھے کی طرف نہیں بلکہ آگے جا رہا ہے، بہت جلد مسائل پر قابو پالیں گے۔ نواز شریف نے کہا کہ امیر مقام اور رانا ثنا اللہ نے کشمیر الیکشن میں دن رات محنت کی، امیر مقام ایسے کمپین کر رہے تھے جیسے ان کا اپنا الیکشن ہو، جس طرح پنجاب بدلا اسی طرح آزاد کشمیر کو بھی بدل لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کابینہ کا انتخاب میرٹ پر ہونا چاہیے، ہم نے اپنے منشور پر سو فیصد عمل کرنا ہے، آزاد کشمیر میں ترقیاتی سکیمیں بھرپور انداز میں شروع ہونی چاہئیں۔

بقیہ نمبر 7

تک حکومت سے صوبوں کے معاملے پر کوئی گفتگو نہیں کی، نہ ہی یہ معاملہ ابھی تک کابینہ یا پارلیمنٹ میں زیر بحث آیا ہے، جو وفاقی وزرا نئے صوبوں کا قیام چاہتے ہیں وہ کوئی فارمولا تحریری شکل میں سامنے رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ کیا علیم خان نے صوبوں سے متعلق کوئی منصوبہ پیش کیا ہے؟ صرف بات کرنے سے یا پوڈ کاسٹ کرنے سے تو صوبے نہیں بن سکتے، کیا کوئی آدمی محض خیالی طور پر یہ کہہ سکتا ہے کہ ملک میں ایسا ہونا چاہیے؟ مصطفیٰ کمال کا معاملہ تو صرف کراچی کی حد تک ہے۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے الزام کی وجہ سے بطور سیاسی جماعت پی ٹی آئی کو دھرنے کا حق حاصل نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 8

میں لے کر موثر کارروائی کی۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ دہشت گرد تین چھوٹی پارٹیوں کی صورت میں علاقے میں موجود تھے، جن کے ساتھ شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، شدید فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں 10 دہشت گرد ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ آپریشن کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے میں سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن مزید تیز کر دیا ہے اور فرار ہونے والے دہشت گردوں کی تلاش بھی شروع کر دی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک تعاقب جاری رہے گا، دہشت گرد عناصر کو ان کے منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خضدار اور قلات کے سرحدی علاقے شور پرود میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف بروقت اور موثر کارروائی پر فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شور پرود آپریشن میں 10 دہشت گردوں کا ہلاک ہونا سیکیورٹی فورسز کی اہم کامیابی ہے، فورسز نے بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنائے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات پوری قوم کے لیے قابل فخر ہیں۔ بلوچستان کے امن کو نقصان

پہنچانے والے عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور امن دشمن عناصر کے مکمل خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں میں کوئی کمی نہیں آنے دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا، سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں بلوچستان میں امن کے دشمنوں کے لیے واضح پیغام ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، دہشت گردوں کو صوبے کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت بلوچستان دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور صوبے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے پرعزم ہے اور اس مقصد کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 9

ادارے کی عمارت کا بھی دورہ کیا۔ منصوبے کے تحت بلوچستان کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے سیکڑوں مستحق بچے معیاری تعلیم حاصل کر سکیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ تعلیم معاشرے کی ترقی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے، حکومت بلوچستان مستحق اور محروم طبقات کے بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے اسپورٹس گراؤنڈ کا بھی دورہ کیا اور کہا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان، صحت مند ماحول اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ شالی ڈیرہ بگٹی میں اسپورٹس گراؤنڈ کے قیام سے علاقے کے نوجوانوں کو کھیلوں کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی اور بین الاضلاعی کھیلوں کے مقابلوں کے انعقاد کے ذریعے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع بھی حاصل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں عوام کو بہتر اور معیاری سہولیات کی فراہمی کے لیے صوبائی حکومت اپنے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات کا اہم حصہ ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں ناقص کام کسی صورت قابل قبول نہیں، حکومت نے ناقص تعمیراتی کام کے خلاف موثر کارروائیاں کی ہیں اور آئندہ بھی معیار پر سمجھوتہ کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت نے بلوچستان بھر میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے شروع اور مکمل کیے ہیں، جن کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی، پسماندگی کا خاتمہ اور ترقی کے ثمرات کو ہر علاقے تک پہنچانا ہے۔ حکومت کا مشن ہے کہ ترقیاتی عمل کو صرف بڑے شہروں تک محدود رکھنے کے بجائے ہر تحصیل اور یونین کونسل تک وسعت دی جائے تاکہ بلوچستان کا کوئی علاقہ ترقی کے عمل سے محروم نہ رہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ نئے اضلاع اور ڈویژنز کے قیام کی اہم وجوہات میں ترقیاتی وسائل اور فنڈز کی منصفانہ تقسیم اور انہیں عوام کی دہلیز تک پہنچانا بھی شامل ہے۔ بلوچستان کی تاریخ میں موجودہ حکومت کے دور میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے ہیں اور عوامی فلاح و بہبود کا یہ سفر آئندہ بھی پوری رفتار سے جاری رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ مختصر مدت کے دوران بلوچستان کے ہزاروں نوجوانوں کو مختلف سرکاری محکموں میں روزگار کے مواقع فراہم کیے جا چکے ہیں، جبکہ حکومت نوجوانوں کو تعلیم، ہنر، روزگار اور کھیل کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے مزید اقدامات بھی کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، منصوبوں کے معیار کی مسلسل نگرانی کی جائے اور عوامی مفاد کے منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہ کی جائے۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور پرنسپل سیکرٹری وزیر اعلیٰ بلوچستان عمران زرکون بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنے آبائی علاقے شالی ڈیرہ بگٹی پہنچے جہاں انہوں نے قبائلی عمائدین اور اپنے حلقے کے عوام سے ملاقات کی، روایتی بلوچی انداز میں حال احوال کیا اور علاقائی صورتحال سمیت عوام کو درپیش مسائل دریافت کیے۔ وزیر اعلیٰ نے عوام میں گھل مل کر مختلف محکموں سے متعلق شکایات سنیں اور متعدد عوامی مسائل کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ان کے حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو احکامات جاری کیے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ افسران اور سرکاری اہلکار عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح بنائیں اور شہریوں کے مسائل کے حل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا مقامی سطح پر فوری حل انہیں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ آنے کی مشکلات سے بچا سکتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے دور افتادہ علاقوں میں گورننس کے نظام کو بہتر بنا کر عوامی مسائل مقامی سطح پر حل کرنے کا موثر طریقہ کار مرتب کیا جا رہا ہے۔ حکومت کی کوشش ہے کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات اور سرکاری خدمات ان کی دہلیز پر میسر ہوں اور انہیں معمولی نوعیت کے مسائل کے لیے طویل سفر نہ کرنا پڑے۔ تعلیم کے شعبے میں حکومتی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے میں بند پڑے سینکڑوں اسکول کھول کر عملی طور پر فعال کیے گئے ہیں۔ تعلیم ہی ملک، قوم اور خاندانوں کی ترقی کی بنیاد ہے اور حکومت بلوچستان کے بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ امن و امان کی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں صوبے میں امن کی ضامن ہیں۔ دہشت گرد نہتے اور بے گناہ لوگوں کو نشانہ بنا کر انسانیت سے عاری ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ قوم اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جشن آزادی کی خوشیوں میں ہم اپنے عظیم شہداء کو نہیں بھولے۔ پاکستان کے دفاع، سلامتی اور امن کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء پوری قوم کا فخر ہیں اور ہم انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اس موقع پر قبائلی عمائدین نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے پسماندہ علاقوں کی ترقی پر خصوصی توجہ دی ہے۔ شالی ڈیرہ بگٹی سمیت دیگر دور افتادہ علاقوں میں بڑے پیمانے پر ترقیاتی منصوبوں کا آغاز موجودہ حکومت کا اہم اعزاز ہے۔ قبائلی عمائدین نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ساتھ ساتھ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بھی حکومتی اقدامات کے ثمرات نمایاں طور پر نظر آ رہے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کی جانب سے عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کرنے کو بھی سراہا۔

بقیہ نمبر 10

ہوئیں، اجلاس میں مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر اسمبلی کے نومنتخب ممبران بھی شریک تھے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس ختم ہونے کے بعد نواز شریف اور مریم نواز کشمیر پوائنٹ مری میں اپنی رہائش گاہ پر پہنچے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم آزاد کشمیر کے عہدے کیلئے نام سامنے آ گئے، مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر اور سابق وزیر اعظم کے مضبوط ترین امیدوار ہیں، طارق فاروق، کرنل (ر) وقار اور راجہ فاروق حیدر بھی دوڑ میں شامل ہیں۔ بتایا گیا کہ آزاد کشمیر کی پارلیمانی پارٹی نے وزیر اعظم کے لیے فیصلے کا اختیار نواز شریف کو دے دیا ہے۔ قبل ازیں مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کی مخصوص نشستوں کے لیے امیدواروں کی فہرست میاں نواز شریف کو ارسال کی گئی، فہرست میں خواتین کی نشستوں کے لیے ماریہ اقبال ترانہ، ناصرہ خان، مریم کشمیری، شازہ عباسی اور سحرش قمر کے نام شامل ہیں۔ ٹیکنوکریٹ کی نشست پر راجہ شاداب سکندر، علما و مشائخ کی نشست پر پیر مظہر سعید، اوورسیز کی مخصوص نشست کے لیے راجہ محمد جاوید کا نام فائنل ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ان افراد کی حتمی منظوری مسلم لیگ کے قائد میاں محمد نواز شریف دیں گے۔

بقیہ نمبر 11

کی سیکیورٹی کیلئے سب راستے بغیر کسی پیشگی اعلان کا یک بند کر دیئے گئے، ہزاروں خواتین بچے بوڑھے افراد سڑکوں پر کئی گھنٹوں تک خوار ہوئے، اس کا کوئی نوٹس نہیں لیا گیا۔ پاکستان بنانے کیلئے اپنی جانیں، عمریں، عصمتیں، جائیدادیں، گھربار قربان کرنے والوں کا ذکر کسی سیاسی یا سرکاری تقریب میں کہیں سننے کو نہیں ملا۔ سیاسی جماعتیں حسب روایت سوئی رہیں، انجمن ہائے ستائش باہمی متحرک رہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر بدترین لاقانونیت، غربت اور دہشتگردی کی شکار ریاست کا یوم آزادی ریاست کو بحرانوں سے نکالنے کی تدبیر کرنے یا اس کے آئین کے تحفظ اور شہریوں کی فلاح کیلئے تجدید عہد کرنے کی بجائے محض جھنڈے لہرانا، باجے بجانا، ناچنا، گانا، ہلڑبازی، کیک کاٹنا، سٹیریو ٹائپ تقریبات اور ایک دوسرے کی تعریفوں میں قلابے ملانا ہی ہے تو یہ بے فکری و بے نیازی ملک و قوم کو بہت مہنگی پڑے گی۔

بقیہ نمبر 12

پر پیشرفت کو تیز کرنے کا فیصلہ کر لیا، ایم ایل ون سے متعلق ریویو فیز 30 اکتوبر 2026 تک مکمل کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ چیئرمین ریلوے سید مظہر علی شاہ کی زیر صدارت ایم ایل ون منصوبے پر اہم اجلاس ہوا جس میں بین الاقوامی ڈیزائن کنسلٹنٹس، ریویو کنسلٹنٹس اور ریلوے کے اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں کراچی تا روہڑی سیکشن کی اپ گریڈیشن سے متعلق توجہ طلب امور کا جائزہ لیا گیا اور ایم ایل ون سے متعلق ریویو فیز 30 اکتوبر 2026 تک مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں چیئرمین نے منصوبے کی پیشرفت کی مسلسل نگرانی یقینی بنانے اور ہفتہ وار جائزہ لینے کی ہدایت کی جبکہ ایم ایل ون منصوبے کے لیے مارکیٹ سے مشاورت کے دوسرے مرحلہ کا 8 ستمبر سے آغاز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ مارکیٹ مشاورت کے دوسرے مرحلے میں منصوبے کی تیاری اور آئندہ کے اقدامات پر تفصیلی بات چیت ہوگی۔ پاکستان ریلوے ایم ایل ون منصوبے کو بہترین بنانے کے لیے مارکیٹ کی تجاویز اور تجربات سے فائدہ اٹھائے گا۔ بتایا گیا ہے کہ پاکستان ریلوے کے فلیگ شپ منصوبے کے اسی سال آغاز کے روشن امکانات ہیں۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے منصوبے کے حوالے سے پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم ایل ون پاکستان ریلوے کی ترقی اور جدید نظام کی بنیاد ہے، ایم ایل ون کی اپ گریڈیشن سے رفتار، سہولیات اور ریلوے کی کارکردگی بہتر ہوگی، منصوبے میں میرٹ، شفافیت اور مسابقت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ بہترین تجاویز اور ماہرین کی رائے سے ایم ایل ون کو مزید موثر بنایا جائے گا۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ ایم ایل ون منصوبے میں وزیر اعظم خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں، وزیر اعظم منصوبے کی مقررہ مدت میں تکمیل کی ہدایت کی ہے اور وہ اس پر پیشرفت کی مسلسل نگرانی کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 13

خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں کاظم غریب آبادی نے کہا کہ آبنائے ہرمز کو کھولنا یا بند کرنا صرف ایران کے اختیار میں ہوگا۔

بقیہ نمبر 14

گزرنے کے باوجود عوام آج بھی قاتل کے متلاشی ہیں، پاک امریکہ مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کی 350 صفحات پر مشتمل رپورٹ، جسٹس شفیع الرحمن کمیشن رپورٹ اور پاک فوج و پنجاب حکومت کی انکوائری رپورٹس کو فوری منظر عام پر لایا جائے کیونکہ یہ ایک بڑی سازش تھی جس کے حقائق اب تک دانستہ طور پر پوشیدہ رکھے گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنرل ضیا الحق اور شہدائے بہاولپور کی 38 ویں برسی کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ 17 اگست کو راولپنڈی میں جنرل ضیا الحق شہید، تیری عظمت کو سلام کے عنوان سے سیمینار اور شاہ فیصل مسجد اسلام آباد میں خصوصی دعائیہ تقریب منعقد کی جائے گی۔ ملکی سیاسی و سیکیورٹی صورتحال پر بات کرتے ہوئے اعجاز الحق نے زور دیا کہ موجودہ بحرانوں سے نکلنے کے لیے جیل میں موجود شخص کی پارٹی سمیت تمام سیاسی قوتوں سے ڈائیلاگ اور میثاق معیشت ناگزیر ہے، کیونکہ تنخیاں صرف بات چیت سے ہی ختم ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہماری افواج نے بے مثال قربانیاں دی ہیں، اس لیے بلوچستان، خیبر پختونخوا اور آزاد کشمیر کے معاملات پر خصوصی توجہ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنرل ضیا کے دور میں 9 صوبوں کی بات شروع ہوئی تھی، جبکہ 18 ویں ترمیم تو کر لی گئی مگر صوبوں کو اس کیلئے تیار نہ کرنے کی وجہ سے آج بھی انتظامی مشکلات برقرار ہیں۔ انہوں نے ایران کی استقامت کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس کی بدولت دیگر اسلامی ممالک غزہ بننے سے بچ گئے۔ انہوں نے مکہ معاہدے کو مسلم امہ کی خود انحصاری کے لیے خوش آئند قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت کی صلح کے لیے ٹرمپ کا پاکستان کو ثالث بنانا ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے۔ آخر میں انہوں نے افغانستان کے ساتھ بہتر تعلقات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے واضح کیا کہ مجاہدین اور طالبان کے درمیان فرق کو سمجھنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 15

ور دوطرفہ و کثیر الجہتی روابط پر مبنی ان تعلقات میں مسلسل اضافہ ہوا ہے۔ صدر زرداری نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک باہمی دلچسپی کے شعبوں بشمول سیاسی روابط، تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی سطح پر روابط میں تعاون کو وسعت دیتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دونوں اقوام اور ان کے عوام کے باہمی مفاد کے لیے دوطرفہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے جنوبی کوریا کی قیادت کے ساتھ مل کر کام کرنے کے خواہاں ہیں۔

بقیہ نمبر 16

جسٹس محمد آصف اور جسٹس شاہ رخ ارجمند کا بھی ڈویژن بینچ تشکیل دیا گیا ہے۔ جسٹس سرفراز ڈوگر، جسٹس خادم حسین سومرو، جسٹس محمد آصف، جسٹس ایاز شوکت، عمیر مجید ملک اور جسٹس شاہ رخ ارجمند کے سنگل بنچز ہوں گے۔

بقیہ نمبر 17

ہے۔ اپنے بیان میں شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے عزائم ناکام بنائے، جبکہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں 10 دہشت گردوں کا ہلاک ہونا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے سیکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل قدر ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ بلوچستان کے امن کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور امن دشمن عناصر کے مکمل خاتمے تک دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔ دہشت گرد عناصر کو ہر محاذ پر موثر جواب دیا جائے گا۔ معاون وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ بلوچستان میں امن کے دشمنوں کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ دہشت گردی کے خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے حکومت اور سیکیورٹی فورسز یکسو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کے تحفظ اور امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور حکومت صوبے میں امن و استحکام کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 18

ملکی حالات سب کے سامنے ہیں۔ شیخ رشید احمد نے کہا کہ میں اب زمینی خداؤں کی طرف نہیں، آسمان کے ایک خدا کی طرف دیکھ رہا ہوں، آسمان والا ہی ہمارے اوپر رحم کرے گا اور وہی انصاف کرے گا۔

بقیہ نمبر 19

بحری دفاعی اتحاد قائم کر لیا جس کا مقصد آبنائے باب المندب، بحیرہ احمر اور خلیج عدن میں آزادانہ اور محفوظ جہاز رانی کو یقینی بنانا ہے۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سعودی وزارت دفاع نے بتایا ہے کہ مجموعی طور پر 15 ممالک نے اتحاد کے مشترکہ اعلامیے پر دستخط کیے ہیں جبکہ 13 ممالک نے اپنی قومی کارروائیاں مکمل کر کے اتحاد کے منشور پر دستخط کیے اور باضابطہ طور پر شمولیت اختیار کر لی۔ اتحاد میں بحرین، بنگلہ دیش، کوموروس، جبوتی، مصر، اردن، کویت، پاکستان، قطر، سعودی عرب، صومالیہ، سوڈان، ترکی اور یمن شامل ہیں۔ سعودی وزارت دفاع نے 30 جولائی کو کثیر ملکی بحری دفاعی اتحاد کے قیام کا اعلان کیا تھا، وزارت کے مطابق اتحاد میں مزید ممالک کی شمولیت کی گنجائش موجود ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق 13 اگست کو جدہ میں ہونے والے اتحاد کے تیسرے اجلاس کے بعد سعودی وزارت دفاع نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اتحاد اب ادارہ جاتی اور عملی سرگرمیوں کے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ اتحاد کے تحت رکن ممالک معلومات اور خفیہ اطلاعات کا تبادلہ کریں گے، مشترکہ کارروائیوں کی منصوبہ بندی، بحری مشقیں اور تربیتی سرگرمیاں کریں گے، فوجی صلاحیتوں میں اضافہ کریں گے اور ضرورت پڑنے پر مشترکہ بحری کارروائیاں بھی کریں گے۔ سعودی عرب نے ریئر ایڈمرل عبداللہ بن سالم الشہری کو اتحاد کا کمانڈر مقرر کیا ہے جو مشترکہ بحری دفاع، رکن ممالک کے درمیان رابطے اور اتحاد کے منشور کے تحت کارروائیوں کی نگرانی کریں گے۔ یہ اتحاد ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خطے میں ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ کے باعث خلیجی اور بحری سلامتی کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ آبنائے ہرمز میں کشیدگی کے باعث عالمی توانائی کی ترسیل پہلے ہی متاثر ہوئی ہے۔ دوسری جانب یمن کے حوثی جنگجوؤں کی جانب سے بحیرہ احمر، باب المندب اور خلیج عدن کے راستے سعودی عرب پر حملوں اور جہازوں پر حملوں نے بھی خطرات بڑھا دیے ہیں۔ اس اتحاد سے متعلق سینئر تجزیہ کار احمد ناجی کا کہنا ہے کہ اتحاد اہم ثابت ہو سکتا ہے تاہم اس کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ رکن ممالک اپنے سیاسی وعدوں کو عملی اقدامات میں کس حد تک تبدیل کرتے ہیں۔ احمد ناجی کے مطابق ماضی میں خلیج عدن میں بحری قزاقی کے خلاف بھی متعدد بحری سلامتی کے اقدامات کیے گئے لیکن بعض اقدامات سیاسی اہمیت کے باوجود عملی نتائج دینے میں مشکلات کا شکار رہے۔ رپورٹ میں شامل کیے گئے تجزیے کے مطابق سعودی عرب اس اتحاد کے ذریعے حوثیوں کے حملوں کو صرف سعودی مسئلہ نہیں بلکہ عالمی جہاز رانی اور بین الاقوامی تجارت کے لیے خطرہ قرار دینا چاہتا ہے۔ یاد رہے کہ حوثیوں نے 2014 میں یمن کے دارالحکومت صنعا پر قبضہ کیا تھا اور اس کے بعد سے سعودی حمایت یافتہ بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت کے خلاف لڑ رہے ہیں۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان جاری جنگ کے دوران بھی حوثیوں کے حملوں میں اضافہ ہوا ہے جس سے خدشہ پیدا ہو گیا ہے کہ باب المندب کو مکمل طور پر بند کرنے کی کوشش کی جا سکتی ہے۔ تجزیہ کار احمد ناجی کے مطابق فی الحال یہ اتحاد بنیادی طور پر دفاعی نوعیت کا ہے اور حوثیوں کے خلاف براہ راست جارحانہ کارروائی کا کوئی اعلان نہیں کیا گیا تاہم اگر حملے جاری رہے تو سعودی عرب مستقبل میں براہ راست کارروائی کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ ان کے مطابق اتحاد کا بنیادی مقصد حوثیوں کے حملوں کی شدت کو واضح کرنا، حملوں کو روکنے کے لیے مضبوط دفاعی رکاوٹ پیدا کرنا اور یہ واضح کرنا ہے کہ بحیرہ احمر میں حملے صرف سعودی مفادات نہیں بلکہ عالمی تجارت اور بین الاقوامی جہاز رانی کو بھی متاثر کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 20

پاکستان کو علاقائی طور پر تنہا کرنے کی کوششیں ناکام ہوتی دکھائی دے رہی ہیں۔ بھارتی نیوز پلیٹ فارم دی وائر کو دیے گئے انٹرویو میں ڈینیئل مارکی نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون کو اسلام آباد کے لیے اہم کامیابی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ خلیجی طاقتوں کے ساتھ پاکستان کی قربت بھارت کی ان کوششوں کو کمزور کر رہی ہے جن کے ذریعے اسلام آباد کو مشرق وسطیٰ سے دور رکھنے کی کوشش کی گئی، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان سہ فریقی تعاون سے پاکستان کی دفاعی صلاحیت، مالی پشت پناہی اور علاقائی اثر و رسوخ میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ پاکستان کے بڑھتے ہوئے علاقائی اتحاد بھارت کے سفارتی اثر و رسوخ، عسکری آزادی اور خلیجی خطے تک رسائی کو محدود کر رہے ہیں۔ امریکی ماہر نے کہا کہ بھارت نے مشرق وسطیٰ میں خصوصی تعلقات قائم کرنے کے لیے اربوں ڈالر خرچ کیے، تاہم پاکستان کی مؤثر سفارت کاری کے باعث اسلام آباد ایک بار پھر علاقائی طاقت کے مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور اس کے علاقائی شراکت داروں کے درمیان بڑھتا تعاون بھارت کو کسی بھی فوجی کارروائی یا سرحد پر خطرناک اقدام سے قبل کئی مرتبہ سوچنے پر مجبور کر سکتا ہے۔ ان کے بقول اس پیش رفت نے بھارت کے اس بیانیے کو بھی کمزور کر دیا ہے کہ پاکستان علاقائی معاملات میں اپنی اہمیت کھو چکا ہے۔ ڈینیئل مارکی نے کہا کہ پاکستان کی جوہری، روایتی اور جدید تکنیکی دفاعی صلاحیت بھارت کی ایک طرفہ علاقائی بالادستی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے، جبکہ پاکستان مخالف بھارتی سفارتی حکمت عملی بھی بالآخر اسلام آباد کی علاقائی اہمیت بڑھانے کا سبب بن رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان طویل عرصے سے جنگ آزمودہ فوج کے ذریعے علاقائی بحرانوں میں اہم کردار ادا کرتا آ رہا ہے اور افغانستان میں دو دہائیوں پر محیط جنگ کے دوران بھی پاکستانی افواج نے اپنی تزویراتی اہمیت ثابت کی۔ واضح رہے کہ ڈینیئل مارکی پاکستان اور جنوبی ایشیا کے امور پر طویل عرصے سے تحقیق اور تجزیہ کرتے رہے ہیں، ان کی حالیہ تحریروں میں بھی پاکستان اور امریکا کے تعلقات اور خطے کی بدلتی ہوئی جغرافیائی سیاست پر توجہ دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 21

دیگر حکمران طبقات کا احتساب تو ہوا، تاہم بیوروکریسی کو کبھی اس طرح جوابدہ نہیں بنایا گیا۔ ایک سینئر بیوروکریٹ کی مبینہ مالی بدعنوانی سے متعلق پوسٹ شیئر کرتے ہوئے وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں سیاست دانوں کے احتساب کی بے شمار مثالیں ملتی ہیں جبکہ دیگر حکمران طبقات کے حوالے سے بھی کچھ مثالیں موجود ہیں لیکن بیوروکریسی کے احتساب کی مثالیں تلاش کرنا مشکل ہے۔ خواجہ آصف نے ماضی کے ایک بیوروکریٹ حکمران کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ وہ سیاست دانوں کے منہ پر انتہائی نازیبا الفاظ استعمال کرتے تھے اور سیاست دان اسے برداشت کر لیتے تھے، اگر گزشتہ 78 برس کے دوران بیوروکریٹس کو وزرا اور مشیروں کے طور پر شمار کیا جائے تو ان کی تعداد بھی بہت زیادہ بنتی ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ اگر بیوروکریسی آج ایک ناقابل گرفت طبقہ بن چکی ہے اور کوئی اسے جوابدہ کرنے والا نہیں تو اس کی ذمہ داری دراصل سیاست دان اور ان کی کمزوریاں ہیں، جبکہ بیوروکریٹس صرف اس صورتحال سے فائدہ اٹھانے والے کردار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1970 کی دہائی میں قومیانے کی پالیسی اختیار کی گئی اور بیوروکریسی نے ملک کے تمام کاروباری اداروں کا کنٹرول سنبھال لیا، اس کے بعد قومی تحویل میں لیے گئے اثاثے تباہ ہو گئے لیکن کسی حکومت نے ان طاقتور اور ناقابل احتساب عناصر سے سوال نہیں کیا۔ خواجہ آصف نے دعویٰ کیا کہ اگر قومیانے کے نتیجے میں ہونے والے نقصان کا تخمینہ لگایا جائے تو یہ سانحہ سقوط ڈھاکا سے بھی بڑا ثابت ہوگا، اس نقصان کو شمار کرنے کے لیے حساب میں موجود بھی شاید کم پڑ جائیں، موجودہ حکومت نجکاری کا پروگرام آگے بڑھا رہی ہے اور وہ اس کی کامیابی کے لیے دعا گو ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف پہلے حکمران تھے جنہوں نے ملک میں قومیانے کے نتیجے میں ہونے والی تباہی کو واپس پلٹنے کی کامیاب کوشش کی جبکہ شہید بے نظیر بھٹو نے بھی اس عمل کو مزید آگے بڑھایا لیکن اس کے بعد یہ سلسلہ رک گیا، مستقل حکمران بیوروکریسی نے ان کوششوں کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی کیں، تاہم وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے نجکاری پر توجہ دی جا رہی ہے اور وہ دعا کرتے ہیں کہ یہ کوشش کامیاب ہو۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ پاکستان کی بیوروکریسی سے وابستہ امیر افراد پرتگال، کینیڈا، امریکا، برطانیہ اور پاکستان میں موجود ہیں اور یہ لوگ سیاست دانوں کی دوراندیشی سے محرومی کا براہ راست فائدہ اٹھانے والوں میں شامل ہیں۔ وزیر دفاع نے ایک سابق گورنر جنرل سے متعلق واقعہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ مذکورہ گورنر جنرل کو بعد میں فالج کا سامنا کرنا پڑا، اس کے بعد جب سیاستدان ان سے ملاقات کے لیے جاتے تو وہ انتہائی نازیبا الفاظ استعمال کرتے، تاہم سیاست دان ان کی بات سمجھ نہیں پاتے تھے۔ خواجہ آصف کے مطابق گورنر جنرل کے ساتھ موجود ان کی انگریز سیکرٹری ان الفاظ کا ترجمہ کر کے سیاست دانوں کو بتاتی تھیں کہ گورنر جنرل دراصل کیا کہہ رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 22

ریں آزاد میڈیا پر پابندی، صحافیوں پر تشدد اور سیکڑوں میڈیا ادارے بندش کا شکار رہے۔ عالمی جریدے ماڈرن ڈپلومیسی کے مطابق افغان طالبان رجیم نے تقریباً 80 فیصد خواتین صحافیوں کو جبری طور پر ملازمت چھوڑنے پر مجبور کیا، تجزیہ کار فرشتہ عباسی نے کہا کہ افغان طالبان رجیم نے تنقیدی آوازیں دبانے کیلئے صحافیوں کو سخت سزاؤں کا نشانہ بنایا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 2024 میں اقوام متحدہ کے افغان مشن نے 336 صحافیوں سے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور 256 بلا جواز گرفتاریوں کا انکشاف کیا۔ افغان نشریاتی ادارہ کے سربراہ سعد محسنی کے مطابق طالبان رجیم کی کڑی پابندیوں کے باوجود جبر کے خلاف افغان عوام کے مستقبل کیلئے میڈیا کا کردار نہایت اہم ہوگا۔ ماہرین کے مطابق آزاد صحافت اور عالمی میڈیا پر پابندی لگا کر سوشل میڈیا پر جعلی افغان اکاؤنٹس منظم پروپیگنڈے کے فروغ میں سرگرم ہیں، طالبان رجیم کے اقتدار میں آنے کے بعد سے آزاد صحافت بالخصوص خواتین پر جبری پابندیوں نے قابض حکومت کا مکروہ چہرہ عیاں کر دیا ہے۔ پانچ سال سے جاری طالبان رجیم کی آزاد صحافت پر قدغن اور بے بنیاد پروپیگنڈے کا مقصد اپنی پر تشدد ریاستی پالیسی کو چھپانا ہے۔

بقیہ نمبر 23

لے میر ضیا اللہ لانگو کے ساتھیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا بھی کی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امن کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد اور ان کے سرپرست یاد رکھیں کہ ریاست، سیکیورٹی ادارے اور بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں۔ ایسے بزدلانہ حملے قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے اور امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 24

ترجمان نے اپنے بیان میں امریکی جوہری پالیسی پر تنقید کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ امریکا طویل عرصے سے جوہری ہتھیاروں کو عالمی بالادستی اور اپنے سیاسی و عسکری مفادات کے حصول کا ذریعہ بناتا آ رہا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ امریکی جوہری نظریے میں کسی بھی ایسی تبدیلی کے نتیجے میں موجودہ جوہری توازن متاثر ہو سکتا ہے، جس سے مختلف ممالک اپنی جوہری صلاحیت بڑھانے کی دوڑ میں شامل ہو جائیں گے۔ شمالی کوریا کے الزامات کے برعکس امریکی نائب وزیر دفاع ایلبرج کولبی نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا ہے کہ انہیں زیر غور جوہری حکمت عملی میں کسی بڑی یا بنیادی تبدیلی کی توقع نہیں۔ شمالی کوریا نے اپنے مشرقی ساحل سے سمندر کی جانب ایک بیلسٹک میزائل داغا جبکہ اس سے تقریباً چھ روز قبل بھی مختصر فاصلے تک مار کرنے والے میزائل کا تجربہ کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 25

گا۔ اس سے پہلے امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے کہا تھا کہ امریکا ایران پر ایسی پابندیاں عائد کرنے جا رہا ہے جو تاریخ میں پہلے کبھی نہیں دیکھی گئیں۔ امریکی وزیر خزانہ کے مطابق ان اقدامات میں تہران پر معاشی دباؤ بڑھانے کے ساتھ آبنائے ہرمز سے متعلق پابندیاں بھی شامل ہوں گی۔

بقیہ نمبر 26

کہ ایران امریکا کی دھمکیوں یا طاقت کے مظاہرے سے خوفزدہ نہیں۔

بقیہ نمبر 27

گردی اور بزدلانہ حملے ہمارے حوصلے، عزم اور قومی جذبے کو کمزور نہیں کر سکتے۔ امن دشمن عناصر جتنے بھی بزدلانہ ہتھکنڈے اختیار کر لیں، حکومت، پولیس اور سیکیورٹی ادارے ملک و صوبے کے امن کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے رہیں گے۔ انہوں نے حملے میں زخمی ہونے والے سیکیورٹی اہلکاروں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں اور ایسے عناصر کو اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ حاجی علی مدد جتک نے میر ضیاء اللہ لانگو کی خیریت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے بہادر جوانوں اور امن کے لیے قربانیاں دینے والے اہلکاروں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ نمبر 28

کیا کہ حوثی ملیشیا بحری گزرگاہوں کو یرغمال بنانے سے باز رہے۔ یمنی وزیر خارجہ الزندانی نے ایک بیان میں کہا کہ آبنائے باب المندب کسی مسلح دہشت گرد گروپ کے ہاتھوں دباؤ ڈالنے کا ذریعہ نہیں بنے گی۔

بقیہ نمبر 29

زتعینات کیا جا رہا ہے۔ خبر ایجنسی کے مطابق طیارہ بردار بحری جہاز سارجے 8 ماہ سے سمندر میں موجود ہے۔ یو ایس ایس ابراہم لنکن گزشتہ سال نومبر میں سان ڈیاگو سے روانہ ہوا تھا، بعد میں ایران کے ساتھ جنگ میں حصہ لینے کے لیے مشرق وسطیٰ بھیج دیا گیا۔

بقیہ نمبر 30

تر وژن کے تحت، حکومت تعمیراتی صنعت کے لیے ایک جامع ڈویلپمنٹ پیکیج پر غور کر رہی ہے جس میں کنسٹرکشن انڈسٹری ڈویلپمنٹ بورڈ (سی آئی ڈی بی) کا قیام، ایک مخصوص کنسٹرکشن ڈویلپمنٹ بینک (سی ڈی بی) کی افادیت کا جائزہ، درآمدی و برآمدی پالیسیوں کو معقول بنانا، اور تعمیراتی شعبے کے لیے ہدف شدہ ٹیکس اصلاحات شامل ہیں۔ تفصیلی مشاورت کے دوران وفاقی وزیر احد خان چیمہ نے اس بات پر زور دیا کہ مجوزہ سی آئی ڈی بی دوہرا کردار ادا کرے گا جس میں تعمیراتی شعبے کی مجموعی ترقی اور انڈسٹری کے معیارات، ٹھیکیداروں اور کنسلٹنٹس کی نگرانی کا ریگولیٹری فریضہ دونوں شامل ہوں گے، سرکاری و نجی شعبوں کے نمائندوں پر مشتمل یہ بورڈ قومی معیار کو بلند کرنے کیلئے ایک متفقہ پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گا۔ وفاقی وزیر نے نشاندہی کی کہ اس ادارے کی اشد ضرورت پر وفاقی حکومت اور کیپ کے درمیان مکمل اتفاق رائے موجود ہے، اور وفاقی حکومت حتمی منظوری کے لیے اس کا فریم ورک باضابطہ طور پر وزیر اعظم کو پیش کرے گی۔ مزید برآں، زیر غور وسیع تر ڈویلپمنٹ پیکیج کا مقصد مالیاتی اور پالیسی سے متعلق رکاوٹوں کو مخصوص ٹیکس مراعات اور ہم آہنگ درآمدی و برآمدی پالیسیوں کے ذریعے دور کرنا ہے تاکہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دیا جا سکے اور مقامی تعمیراتی صلاحیت میں اضافہ ہو۔ عوامی انفراسٹرکچر کی طویل مدتی پائیداری اور ساخت کی مضبوطی پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے اعلان کیا کہ حکومت جلد ہی سرکاری ترقیاتی منصوبوں کے لیے معیاری ڈیفیکٹ لائبیلٹی پیریڈ (ڈی ایل پی) ایک سال سے بڑھا کر تین سال کر دے گی جبکہ مستقبل میں اسے مزید پانچ سال تک بڑھانے کا واضح روڈ میپ بھی موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری انفراسٹرکچر کو مکمل ہونے کے فوراً بعد خراب نہیں ہونا چاہیے، اور اس بات پر زور دیا کہ اس دورانیے کو بڑھانے سے ٹھیکیداروں اور انتظامی ادارے اعلیٰ معیار برقرار رکھنے اور قبل از وقت کی خرابیوں کو روکنے پر مجبور ہوں گے۔ جوابدہی میں موجود خامیوں کی نشاندہی کرتے ہوئے سینیٹر احد چیمہ نے کہا کہ اگرچہ معاہدے کی خلاف ورزی یا خراب کارکردگی پر ٹھیکیداروں کے لیے سزائیں موجود ہیں لیکن کنسلٹنٹس کے لیے کوئی قانونی فریم ورک یا جرمانے کا میکانزم موجود نہیں ہے۔ سی آئی ڈی بی کے نئے ریگولیٹری فریم ورک کے تحت، کنسلٹنٹس کو بھی براہ راست نگرانی کے دائرے میں لایا جائے گا تاکہ ڈیزائن کی خامیوں یا فنی غلطیوں پر انہیں قانونی اور مالی طور پر جوابدہ بنایا جا سکے۔ کیپ کے نمائندوں نے اس موقف کی مکمل توثیق کرتے ہوئے اتفاق کیا کہ ڈیزائن کی درستگی کو یقینی بنانے اور عوامی سرمائے کے تحفظ کے لیے کنسلٹنٹس کا ریگولیٹری احتساب انتہائی ضروری ہے۔ مالیاتی اور پرفارمنس ضمانتوں کے حصول میں بینکنگ کی دشواریوں کے حوالے سے کیپ نمائندوں کی تجاویز اور ایک مخصوص کنسٹرکشن ڈویلپمنٹ بینک کے قیام کی درخواست کے جواب میں، وفاقی وزیر احد خان چیمہ نے وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی کو ہدایت کی کہ وہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کے ساتھ باضابطہ اور تفصیلی بات چیت کا آغاز کریں۔ ایک مخصوص سی ڈی بی کے قیام کا کوئی بھی فیصلہ اسٹیٹ بینک اور پی بی اے کی جانب سے فراہم کردہ تفصیلی فیڈ بیک اور مالیاتی فیزیبلٹی کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت کی بنیادی توجہ اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ عوامی انفراسٹرکچر کا منصوبہ لاگت کے لحاظ سے موثر اور انتہائی پائیدار ہو۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ عوامی فنڈز ایک قومی امانت ہیں جنہیں ناقص کارکردگی یا غلط تکنیکی ڈیزائن کی وجہ سے ضائع نہیں ہونے دیا جا سکتا، انہوں نے کہا کہ ترقیاتی اور ریگولیٹری دونوں کردار ادا کرنے والا ایک آزاد بورڈ احتساب کو نافذ کرے گا، تنازعات کے حل کو ہموار بنائے گا اور قومی تعمیراتی معیارات کو بین الاقوامی سطح تک بلند کرے گا۔

بقیہ نمبر 31

سینیٹ نے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی حیات طیبہ پوری انسانیت کے لیے عدل، برداشت، اخوت، مساوات اور حسن اخلاق کا روشن نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ﷺ نے معاشرے میں کمزور طبقات کے حقوق کے تحفظ، انسانوں کے درمیان احترام اور باہمی تعاون کو بنیادی اہمیت عطا فرمائی، ہمیں چاہیے کہ اس مقدس مہینے کے تقاضوں کو سمجھتے ہوئے اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں سیرت طیبہ کے اصولوں کو زیادہ موثر انداز میں اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں معاشرے کو درپیش مختلف مسائل کا مقابلہ باہمی احترام، اتحاد اور رواداری کے جذبے کو فروغ دے کر کیا جا سکتا ہے، ماہ ربیع الاول ہمیں یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے رویوں کا جائزہ لیں اور ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کے لیے اپنا کردار ادا کریں جہاں محبت، بھائی چارہ، انصاف اور انسانی ہمدردی کو فروغ حاصل ہو، پاکستان کی ترقی اور استحکام بھی قومی یکجہتی اور اجتماعی ذمہ داری کے اسی جذبے سے وابستہ ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی تعلیمات اور عملی کردار کے ذریعے انسانیت کو ایک ایسا جامع ضابطہ حیات عطا فرمایا جس میں فرد کے حقوق کے ساتھ ساتھ معاشرتی ذمہ داریوں کو بھی نمایاں مقام حاصل ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت ہمیں دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنے، ضرورت مندوں کا سہارا بننے، مظلوم کی حمایت کرنے اور معاشرے میں امن و انصاف کے قیام کا درس دیتی ہے، ان اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنے معاشرے میں مثبت اور تعمیری تبدیلی لا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماہ ربیع الاول کے موقع پر ہمیں وطن عزیز کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کرنی چاہئیں، اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر اتحاد و اتفاق کی راہ اختیار کرنے اور پاکستان کو امن و خوشحالی کی منزل کی جانب آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ انہوں نے تمام اہل اسلام کو ماہ ربیع الاول کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 32

سازی کے معیار، کوالٹی اشورنس اور ریگولیٹری سائنسز کے شعبوں میں وسیع علمی و عملی تجربہ رکھتی ہیں اس موقع پر ڈاکٹر عبید علی نے اپنے خطاب میں پاکستان کی آزادی کی اہمیت، ملکی ترقی اور قومی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی اور کہا کہ آزادی ایک عظیم نعمت ہونے کے ساتھ ساتھ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے۔ ہمیں اپنے شعبہ زندگی میں دیانت داری، محنت اور پیشہ ورانہ ذمہ داری کے ذریعے ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے ڈاکٹر روحی بانو عبید نے بھی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی اور قومی ترقی، نوجوانوں کے کردار اور علم و تحقیق کی اہمیت پر زور دیا تقریب کے دوران پاکستان کی سلامتی، خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ شرکاء نے قومی پرچم لہرایا اور پاکستان سے اپنی محبت و وفاداری کے عزم کا اظہار کیا تقریب میں محمد رشید، محمد حمزہ، محمد عرفان، صحافی محمد اسحاق سیکرو اور دیگر معززین بھی موجود تھے تقریب کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنی صلاحیتوں اور خدمات کو بھرپور انداز میں بروئے کار لایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 33

قتل کیس سمیت 5 مقدمات کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے مصطفیٰ عامر قتل کیس سیشن عدالت منتقل کرنے کے لیے ملزم کی درخواست مسترد کر دی، جبکہ مدعی مقدمہ کی کیسز کے مشترکہ ٹرائل کی درخواست منظور کر لی۔ عدالت نے ملزم ارمغان اور دیگر کے خلاف 5 مقدمات یکجا کرنے کا حکم دیتے ہوئے ملزمان پر مشترکہ فرد جرم عائد کرنے کی تاریخ مقرر کر دی۔ علاوہ ازیں، عدالت نے آئندہ سماعت پر ملزم شیراز کی درخواست ضمانت پر دلائل طلب کر لیے۔ بعد ازاں انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے پانچوں مقدمات کی مزید سماعت 24 اگست تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 34

مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 7.7 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ مقامی وقت کے مطابق صبح 4:58 بجے تقریباً 35 کلومیٹر گہرائی میں آیا۔ زلزلے کے بعد انڈونیشیا کی جیوفزکس ایجنسی نے ابتدائی طور پر سونامی کی وارننگ جاری کر دی۔ دوسری جانب آسٹریلیا کے سونامی وارننگ سینٹر نے کہا ہے کہ سمندر کے اندر آنے والے اس زلزلے سے آسٹریلوی سرزمین، جزائر یا علاقوں کو سونامی کا کوئی خطرہ نہیں

بقیہ نمبر 35

سے گفتگو کرتے ہوئے دفاعی تجزیہ کار میجر جنرل (ر) زاہد محمود نے کہا کہ کالعدم ایکشن کمیٹی کے ساتھ بیرونی ہاتھ ہے جس سے عوام باخبر ہیں، اس متعلق باوثوق ذرائع سے پہلے ہی اطلاعات تھیں۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر سے متعلق ایک بیانیہ بنانے کی کوشش کی گئی، جس کا مقصد کشمیر کی آزادی کی تحریک کو نقصان پہنچانا تھا۔ میجر جنرل (ر) زاہد محمود نے کہا کہ اس سارے معاملے کے پیچھے بھارت جیسی ریاستیں، بین الاقوامی فورسز اور میڈیا گروپس ہیں، جو بیانیے کی تشکیل میں معاون ہیں۔

بقیہ نمبر 36

50 لاکھ ڈالر) کی سرمایہ کاری کا منصوبہ رکھتی ہے۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب سرکاری دستاویزات کے مطابق ضم شدہ علاقوں کی ادارہ جاتی ترقی کا اقدام خیبر پختونخوا رورل انویسٹمنٹ اینڈ انسٹی ٹیوشنل سپورٹ پراجیکٹ کے پانچ اجزا میں سے ایک ہے۔ یہ منصوبہ خیبر پختونخوا کے تمام نئے ضم شدہ اضلاع اور فرنٹیئر ریجنز کا احاطہ کرتا ہے اور اس میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی، ادارہ جاتی استعداد میں بہتری، سیلاب سے نمٹنے، منصوبے کے انتظام اور ہنگامی ردعمل سے متعلق اقدامات شامل ہیں۔ ادارہ جاتی ترقی کے لیے مختص 17 ارب 55 کروڑ روپے کے تحت ایسی سرمایہ کاری کی جائے گی جس سے حکومتی اداروں کو شہریوں کی ضروریات پر زیادہ موثر انداز میں

ردعمل دینے کے قابل بنایا جا سکے۔ اس سلسلے میں نچلی سطح کے حکومتی اداروں اور عوامی خدمات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ منصوبے کا ایک اہم حصہ ویلج کونسلز اور مقامی آبادی کی ادارہ جاتی مضبوطی اور استعداد کار میں اضافے سے متعلق ہے۔ اس کے تحت شراکتی منصوبہ بندی، بجٹ سازی اور نگرانی میں معاونت فراہم کی جائے گی جبکہ سماجی احتساب کے نظام، کمیونٹی ڈویلپمنٹ اور رویوں میں مثبت تبدیلی سے متعلق آگاہی سرگرمیوں کو بھی مضبوط بنایا جائے گا۔ منصوبے کے تحت ویلج کونسلز کو مقامی آبادی کی ترجیحات کے مطابق بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں پر عملدرآمد کے لیے مشروط گرانٹس بھی فراہم کی جائیں گی۔ دستاویزات کے مطابق حکومت سماجی رابطہ کاروں کی تعیناتی کے لیے مالی معاونت فراہم کرے گی جبکہ ویلج کونسلز کو انجینئرنگ معاونت بھی دی جائے گی تاکہ گاؤں کی سطح پر ترقیاتی منصوبے تیار کر کے ان پر عمل درآمد کر سکیں۔ مقامی ترقیاتی سکیموں میں پانی کی فراہمی، صفائی، پیدل راستوں، چار دیواری، چھوٹی آبپاشی نہروں کی بحالی اور تعمیر، کمیونٹی ہالز اور ویلج کونسل دفاتر کی تعمیر شامل ہو سکتی ہے۔ منتخب ذیلی منصوبوں کے لیے بنیادی شرائط پوری کرنے والی ویلج کونسلز کو مشروط گرانٹس کے ذریعے مالی معاونت فراہم کی جائے گی۔ اس اقدام کے ایک اور حصے کے تحت تحصیل کی سطح پر عوامی خدمات کے مراکز قائم یا موجودہ مراکز کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ شہریوں کو سرکاری خدمات، بالخصوص پیدائش، وفات اور دیگر شہری ریکارڈ سے متعلق سہولیات تک آسان رسائی حاصل ہو سکے۔ ادارہ جاتی ترقی کا یہ اقدام پانچ اجزا پر مشتمل ایک بڑے پروگرام کا حصہ ہے، جس کا مقصد ضم شدہ علاقوں کو خیبر پختونخوا کے صوبائی انتظامی اور خدماتی نظام کے ساتھ مزید موثر طور پر منسلک کرنا ہے۔ اس پروگرام کا سب سے بڑا جزو ضم شدہ علاقوں میں کثیر شعبہ جاتی سرمایہ کاری اور عوامی خدمات کی بہتر فراہمی ہے، جس کے لیے 47 ارب 25 کروڑ روپے (17 کروڑ 50 لاکھ ڈالر) کی مالی معاونت مختص کی گئی ہے۔ اس کا مقصد بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری اور عوامی خدمات میں موجود خامیوں کو دور کر کے صوبائی نظام کا دائرہ ضم شدہ علاقوں تک مزید موثر انداز میں بڑھانا ہے۔ اس جزو میں پانی اور صفائی، دیہی سڑکوں، زراعت اور آبپاشی کے بنیادی ڈھانچے پر سرمایہ کاری شامل ہے جبکہ زرعی پیداوار، معاشی سرگرمیوں اور انسانی وسائل کی ترقی بہتر بنانے کے لیے اہم اور ترجیحی منصوبوں پر توجہ دی جائے گی۔ پانی اور صفائی کے منصوبوں میں پسماندہ علاقوں کو ترجیح دی جائے گی اور پینے کے صاف پانی، صفائی کی خدمات اور گندے پانی کی صفائی کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ زرعی شعبے میں ویلیو ایڈیشن، پروسیسنگ، تنوع، پیداوار میں بہتری، مارکیٹنگ اور تربیت سے متعلق اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 37

ہو گئیں اور ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق خواتین کی شناخت علی احمد محمد حسنی کی اہلیہ بی بی حنیفہ اور بیٹی حفصہ کے طور پر ہوئی ہے۔ واقعے کے وقت گھر میں ماں اور بیٹی کے سوا کوئی اور موجود نہیں تھا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ خاتون ایک نجی اسکول میں ملازمت کرتی تھی۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس نے دونوں خواتین کی لاشیں میرگل خان نصیر اسپتال منتقل کیں، جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں۔ پولیس کے مطابق مقتولین کے ورثا کی جانب سے تاحال مقدمے کے اندراج کے لیے درخواست موصول نہیں ہوئی۔ صدر پولیس تھانے کے ایس ایچ او واقعے کی مزید تفتیش کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 38

گا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کو عوام کی حفاظت اور سیکیورٹی یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ وسائل کی فراہمی سے پولیس اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز سے ادا کر سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے تمام تھانوں کی تعمیر اور اپ گریڈیشن پر بھی کام جاری ہے، تھانوں کی تعمیر و اپ گریڈیشن کا کام جلد مکمل کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ الیکٹرک گاڑیوں کا استعمال ہماری ماحول دوست پالیسی کا حصہ ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال سے پٹرولیم اخراجات میں نمایاں کمی ہوگی۔ طلال چوہدری نے کہا کہ وزیر داخلہ نے نئی گاڑیاں اسلام آباد کے 27 تھانوں کے حوالے کر دی ہیں، اسلام آباد پولیس کے پاس 14 سال سے پرانی گاڑیاں تھیں۔ طلال چوہدری نے کہا کہ اسلام آباد پاکستان کا دارالحکومت ہے اور یہیں سے پوری دنیا میں پاکستان کا امیج جاتا ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ افسران کو بھی لاجسٹکس فراہم کیے جا رہے ہیں، ان کیلئے گھروں کی تعمیر کی جا رہی ہے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ تمام 27 تھانوں کی تعمیر اور بحالی پر بھی کام جاری ہے، اسی سال تمام تھانوں پر تعمیراتی کام کو مکمل کیا جائے گا۔ طلال چوہدری نے کہا کہ نفری کی کمی کو پورا کرنے کیلئے 9 ہزار نئے جوان بھرتی کیے جا رہے ہیں، جس میں میرٹ کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ان تمام اقدامات سے ہم اسلام آباد پولیس کو پورے ملک کیلئے ماڈل بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ساری تبدیلی صرف گزشتہ 2 سال میں آئی ہے۔ وفاقی سیکرٹری داخلہ، آئی جی اسلام آباد پولیس اور اعلیٰ پولیس افسران بھی اس موقع پر موجود تھے

بقیہ نمبر 39

ت بھی درج کیے گئے۔ پولیس کے مطابق ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف 5 مقدمات درج کروائے گئے۔ اس کے علاوہ تیز رفتاری، خطرناک کرتب اور روڈ بلاکنگ کرنے والوں کے خلاف بھی 5 مقدمات درج کیے گئے۔ کار ڈرفٹنگ کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائی عمل میں لائی گئی اور اس سلسلے میں 2 مقدمات درج کیے گئے۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کارروائی کے دوران جشن آزادی کی خوشی میں پروں وے کی خلاف ورزی پر 666 چالان کیے گئے، جبکہ موٹر سائیکل پر تین سواریاں بٹھانے پر 614 چالان کیے گئے۔

بقیہ نمبر 40

نے کہا کہ ہرمز سے گزرنے والے ہمارے جہاز پر حملہ ہوا ہے۔ اماراتی تیل کمپنی کے مطابق حملے میں کوئی زخمی نہیں ہوا، صورتحال قابو میں ہے

بقیہ نمبر 41

اظہار انہوں نے 16 اگست کو ہونے والے احتجاجی دھرنے کی تیاریوں کے حوالے سے جائزہ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ محمد جاوید قصوری نے کہا کہ آٹا، چینی، گھی، دالیں، بجلی، گیس، پٹرول اور دیگر بنیادی ضروریات زندگی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے متوسط اور غریب طبقے کو شدید معاشی مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ لاکھوں خاندان اپنے بچوں کی تعلیم، علاج اور روزمرہ اخراجات پورے کرنے سے قاصر ہیں، جبکہ نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لیے روزگار کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے ہیں۔ حکومت کی معاشی ترجیحات میں عام آدمی کہیں نظر نہیں آتا، ٹیکسوں کا بوجھ مسلسل عوام پر منتقل کیا جا رہا ہے جبکہ مراعات یافتہ طبقات بدستور سہولتوں سے مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی عیاشیاں، سرکاری اخراجات، مراعات یافتہ طبقے کے مفادات اور مافیا کی لوٹ مار نے ملکی معیشت کو دیمک کی طرح چاٹ لیا ہے۔ بجلی، پٹرول، اشیائے خورونوش اور دیگر شعبوں میں عوام کو ریلیف دینے کے بجائے ایسے فیصلے کیے جا رہے ہیں جن سے عام شہری کی قوت خرید مزید کم ہو رہی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت عوام دشمن معاشی پالیسیوں پر نظرثانی کرے، پٹرولیم لیوی اور غیر ضروری ٹیکسوں کا بوجھ کم کرے اور مہنگائی کے خاتمے کے لیے مؤثر عملی اقدامات کرے۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب نے کہا کہ 16 اگست کا دھرنا کسی ایک طبقے یا جماعت کا نہیں بلکہ مہنگائی کے ہاتھوں پسے ہوئے عوام کی آواز ہے۔ کسان، مزدور، تاجر، طلبہ، نوجوان، سرکاری و نجی ملازمین اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے شہری بھرپور شرکت کر کے حکومتی پالیسیوں پر عدم اعتماد کا اظہار کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ دھرنے کی تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں اور مختلف اضلاع سے قافلوں کی لاہور آمد شروع ہو چکی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے جائز حقوق کے لیے پرامن اور بھرپور انداز میں دھرنے میں شریک ہوں اور حکمرانوں کو واضح پیغام دیں کہ عوام مزید مہنگائی، بے روزگاری اور ظالمانہ ٹیکسوں کا بوجھ برداشت کرنے کے لیے تیار نہیں۔

بقیہ نمبر 42

گیا۔ بتایا گیا ہے کہ غازی آباد تا چوہڑہ کے قریب انتہائی تیز رفتار کار بے قابو ہو کر نہر کنارے درخت سے جا ٹکرائی، حادثہ اس قدر شدید تھا کہ کار مکمل تباہ ہو گئی اور کار سوار تین نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ کار کی زد میں آنے والے دو راہگیر بھی دم توڑ گئے۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے کار سواروں کی شناخت 17 سالہ نعمان زاہد، 17 سالہ عرفان عباس اور 17 سالہ جاوید کے نام سے ہوئی جو سبزہ زار شادفرید کے رہائشی تھے جبکہ راہگیروں میں 20 سالہ عبدالرحمان اور 18 سالہ مزمل شامل ہیں۔ ریسکیو 1122 اور ایدھی فاؤنڈیشن کے اہلکاروں نے حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی لاشیں مردہ خانے منتقل کر دیں۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں نے جائے حادثہ سے شواہد اکٹھے کر کے واقعے کی مزید تحقیقات اور قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔

بقیہ نمبر 43

ہے، صنعتوں کا بیڑا غرق ہے، اگر بے جا ٹیکسز کے خلاف اگر کوئی آواز نہیں ہوگی تو یہ بڑھتے ہی جائیں گے، گورنر ہاؤسز اور ایوان وزیر اعلیٰ کے سامنے احتجاج کریں گے۔ پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان میں حکومتی طبقہ اپنی نااہلیوں کا بوجھ عوام پر ڈال رہا ہے، حکومت کے مختلف شعبوں میں 1100 ارب کی کرپشن ہو رہی ہے، صنعتوں کا بیڑا غرق ہے، عام

بقیہ نمبر 44

[illegible]

بقیہ نمبر 45

[illegible]

بقیہ نمبر 46

[illegible]

بقیہ نمبر 47

[illegible]

بقیہ نمبر 48

[illegible]

بقیہ نمبر 49

[illegible]

بقیہ نمبر 50

[illegible]

بقیہ نمبر 51

[illegible]

بقیہ نمبر 52

[illegible]

بقیہ نمبر 53

[illegible]

بقیہ نمبر 54

[illegible]

بقیہ نمبر 55

[illegible]

بقیہ نمبر 56

[illegible]

بقیہ نمبر 57

[illegible]

بقیہ نمبر 58

[illegible]

بقیہ نمبر 59

[illegible]

بقیہ نمبر 60

[illegible]

بقیہ نمبر 61

[illegible]

بقیہ نمبر 62

[illegible]

بقیہ نمبر 63

[illegible]

بقیہ نمبر 64

[illegible]

یوم آزادی کے حوالے سے پروقار اور شاندار تقریب کا انعقاد

معزز مہمانوں، کمپنی انتظامیہ، ملازمین اور دیگر شخصیات نے شرکت کی تقریب کے مہمان خصوصی ڈاکٹر عبید علی اور ان کی اہلیہ ڈاکٹر روحی بانو عبید تھیں

تقریب کے دوران پاکستان کی سلامتی، خوشحالی اور ترقی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی، شرکاء نے قومی پرچم لہرا کر پاکستان سے اپنی وفاداری کے عزم کا اظہار کیا

کراچی۔ ایم اے کامل فارماسیوٹیکل (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں 14 اگست جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں ڈاکٹر عبید علی اور ان کی اہلیہ ڈاکٹر روحی بانو عبید محمد رشید، محمد حمزہ، محمد عرفان، صحافی محمد اسحاق سیلرو و دیگر شریک ہیں

مہنگائی، بے روزگاری اور ظالمانہ ٹیکسز کیخلاف (آج) لاہور میں تاریخی دھرنا ہوگا' جماعت اسلامی

دھرنے میں کسان، مزدور، تاجر، طلبہ، نوجوان اور ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنا والا شخص شریک ہوگا

حکومت عوام دشمن معاشی پالیسیوں، پٹرولیم لیوی، غیر ضروری ٹیکسوں کا خاتمہ کرے' جاوید قصوری کا جائزہ اجلاس سے خطاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ آج بروز اتوار 16 اگست کو وزیر اعلیٰ ہاؤس لاہور کے باہر جماعت اسلامی کے زیر اہتمام بھرپور احتجاجی دھرنا ہوگا، جس میں پنجاب کے ہر ضلع سے عوام کے قافلے بڑی تعداد میں شریک ہوں گے، مہنگائی، بے روزگاری، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، پٹرولیم لیوی اور ظالمانہ ٹیکسز نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، اب عوام حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں کے خلاف اپنا فیصلہ سڑکوں پر سنائیں گے۔ ان خیالات کا (بقیہ 41 صفحہ 7 پر)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج: رواں ہفتے 100 انڈیکس کی بلند ترین سطح 182347 رہی

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی گزشتہ 1 ہفتے کی کارکردگی سامنے آ گئی۔ اس ہفتے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کا 100 انڈیکس 1 ہزار 325 پوائنٹس کی کمی سے 1 لاکھ 80 ہزار 104 پر بند ہوا۔ اس کاروباری ہفتے میں 100 انڈیکس 2568 پوائنٹس کے بینڈ میں رہا

آبنائے ہرمز سے گزرنے والے اماراتی جہاز پر حملہ، کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا

ابوظہبی (این این آئی) آبنائے ہرمز سے گزرنے والے اماراتی جہاز پر حملے کی اطلاع ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں اماراتی تیل کمپنی (بقیہ 40 صفحہ 7 پر)

تاجپورہ کے قریب کار بے قابو ہو کر درخت سے ٹکرا گئی، کار سوار، راہگیروں سمیت 5 جاں بحق

حادثہ اس قدر خوفناک تھا کہ کار سوار 3 نوجوان اور 2 راہگیر موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے، گاڑی مکمل تباہ

لاہور (این این آئی) تاجپورہ کے قریب کار بے قابو ہو کر نہر کنارے لگے درخت سے ٹکرانے کے نتیجے میں 3 نوجوان جاں بحق ہو گئے جبکہ کار کی زد میں آ کر 2 راہگیر بھی موت کے منہ میں چلے گئے، اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور قانونی کارروائی کے بعد لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا (بقیہ 42 صفحہ 7 پر)

پیٹرول سستا کرائیں گے، عوام حق کیلئے نکلیں، حافظ نعیم

پاکستان میں حکومتی طبقہ اپنی نااہلیوں کا بوجھ عوام پر ڈال رہا ہے، حکومت کے مختلف شعبوں میں 1100 ارب کی کرپشن ہو رہی ہے،

صنعتوں کا بیڑا غرق ہے، اگر بے جا ٹیکسز کے خلاف اگر کوئی آواز نہیں ہوگی تو مایوسی بڑھے گی، گورنر ہاؤسز اور ایوان وزیر اعلیٰ کے سامنے احتجاج کریں گے، امیر جماعت اسلامی کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ بجلی کی طرح پیٹرول کی قیمتیں کم کرائیں گے، اپنا حق لینے کیلئے عوام کو نکلنا ہوگا، پاکستان میں حکومتی طبقہ اپنی نااہلیوں کا بوجھ عوام پر ڈال رہا ہے، حکومت کے مختلف شعبوں میں 1100 ارب کی کرپشن ہو رہی (بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر)

سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں 4 روز کے دوران 305 مقدمات نمٹا دیئے گئے

لاہور (این این آئی) سپریم کورٹ لاہور رجسٹری میں جسٹس ہاشم خان کاکڑ کی سربراہی میں 3 رکنی فل بینچ نے 305 ریکارڈ مقدمات نمٹا دیئے

گیس بحران شدت اختیار کر گیا، ایل پی جی 450 روپے کلو تک پہنچ گئی

لاہور (این این آئی) شہر میں گیس کے بحران نے شہریوں کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا، سوئی گیس کی فراہمی متاثر ہونے کے ساتھ بیشتر علاقوں میں پریشر بھی انتہائی کم ہو گیا۔ گیس نہ ملنے کے باعث شہری ایل پی جی استعمال کرنے پر مجبور ہیں

مقتول میر رضا کا موبائل و واچ فارنزک کیلئے لاہور بھیجا جائے گا

ٹیم میں ایس ایچ او شاہ لطیف تھانہ اور ایک ڈی ایس پی کو شامل کیا گیا ہے، تفتیشی حکام

میر رضا کے اہلِ خانہ نے این سی سی آئی اے سے فرانزک کروانے پر تحفظات کا اظہار کیا تھا

کراچی (این این آئی) کراچی کی کاروباری شخصیت و نوجوان میر رضا کے قتل کے کیس کی تفتیش میں پیشرفت سامنے آئی ہے، جائے وقوع سے مزید شواہد ملے ہیں۔ تفتیشی حکام کے مطابق کیس کی تفتیشی کمیٹی میں مزید 2 اراکین شامل کیے گئے ہیں، جس کے بعد کمیٹی اراکین کی تعداد 9 ہو گئی۔ تفتیشی حکام نے بتایا ہے کہ کمیٹی میں ایس ایچ او شاہ لطیف تھانہ اور ایک ڈی ایس پی کو شامل کیا گیا ہے۔ تفتیشی حکام (بقیہ 44 صفحہ 7 پر)

حب بار ایسوسی ایشن کا ایس پی حب اور ایس ایچ او حب سٹی کے خلاف احتجاج،

ایس پی حب نے ایس ایچ او حب نعیم خلجی کا تبادلہ کر دیا، عبدالصمد کو ایس ایچ او حب سٹی تعینات کر دیا

حب (نمائندہ بولان) حب بار ایسوسی ایشن کا ایس پی حب اور ایس ایچ او حب سٹی کے خلاف احتجاج، ایس پی حب نے ایس ایچ او حب نعیم خلجی کا تبادلہ کر دیا، عبدالصمد کو ایس ایچ او حب سٹی تعینات کر دیا، وکلا برادری کا احتجاج بدستور جاری، وکلا برادری کا ایس پی کے تبادلے کا مطالبہ ا(بقیہ 45 صفحہ 7 پر)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مفتی عبدالولی اپنے کابینہ کے ہمراہ آج جے یو آئی قاضی اسداللہ شہید ہونٹ کانٹو شہر ساکران کا تنظیمی دورہ کریں گے

تنظیمی امور، جماعتی نظم وضبط، کارکنان کی فعالیت اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے اہم گفتگو کی جائے گی

حب (پ ر) جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی اپنے کابینہ کے ہمراہ آج جے یو آئی قاضی اسداللہ شہید ہونٹ کانٹو شہر ساکران کا تنظیمی دورہ کریں گے جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی اپنی کابینہ کے ہمراہ بروز اتوار، 16 اگست جمعیت علماء اسلام قاضی اسداللہ شہید یونٹ، یونٹ کانٹو شہر ساکران کا اہم تنظیمی دورہ کریں گے اس موقع پر مفتی عبدالولی یونٹ کے عمومی اجلاس سے خصوصی خطاب کریں گے، جس میں تنظیمی امور، جماعتی نظم وضبط، کارکنان کی فعالیت اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے اہم گفتگو کی جائے گی۔ دورانِ دورہ مفتی عبدالولی علاقے کے معززین، عمائدین، کا (بقیہ 52 صفحہ 7 پر)

جبری ریٹائرمنٹ و معطلی اور دیگر سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف ریلی نکالی گئی

جبری طور پر ملازمین کو ریٹائر اور معطل کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے۔ مظاہرین

ٹھٹھہ (رپور واحد شورو) واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کا نجکاری اور ملازمین کے مسائل کے خلاف احتجاج واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین سی بی اے ٹھٹھہ اور سجاول کی جانب سے نجکاری، ملازمین کی جبری ریٹائرمنٹ و معطلی اور دیگر سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف ریلی نکالی گئی، (بقیہ 53 صفحہ 7 پر)

سابق اہلیہ کے قاتل وسیم عباس کی سزائے موت کیخلاف اپیل مسترد

عورت کا خلع کا حق استعمال کرنا آئینی ہے، قانونی حق مانگنے پر قتل کرنا قانون کیساتھ کھلی بغاوت اور سفاکی ہے، مجرم کسی رعایت کا مستحق نہیں، جسٹس محمد ہاشم کاکڑ

رشتہ داروں کی گواہی کو رد نہیں کیا جا سکتا، موقع سے ملنے والے خول اور پستول کا فارنزک میچ جرم کا ناقابل تردید ثبوت ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے بیوی کے قاتل کی سزائے موت کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے واضح کیا ہے کہ عورت کا خلع کا حق استعمال کرنا آئینی ہے، اس پر تشدد کرنا آئین پر حملہ ہے۔ ہفتے کو سپریم کورٹ کے جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ نے 4 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلے میں کہا ہے کہ خلع مانگنے والی عورت پر تشدد کرنے والوں کیساتھ قانون پوری سختی سے نمٹے گا، آئین کا آرٹیکل 9، 14 اور 25 عورت کو تحفظ اور مساوی حقوق کی ضمانت دیتا ہے، قانونی حق مانگنے پر عورت کا قتل کرنا قانون کیساتھ کھلی بغاوت اور سفاکی ہے، ایسے سرد مہری اور منصوبہ بند قتل میں ملوث مجرم کسی رعایت کا مستحق نہیں۔ فیصلے کے مطابق گھریلو حدود کیا اندر ہو یہ جرم میں رشتہ داروں کی گواہی کو رد نہیں کیا جا سکتا، موقع سے ملنے والے خول اور پستول کا فارنزک میچ جرم کا ناقابلِ تردید ثبوت (بقیہ 56 صفحہ 7 پر)

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر چمن واقعہ میں زخمی ہونیوالے پولیس اہلکاروں کی ٹراما سینٹر میں عیادت کر رہے ہیں

مصطفیٰ عامر قتل کیس؛ 5 مقدمات میں ملزمان کیخلاف فرد جرم کی تاریخ مقرر

عدالت نے مصطفیٰ عامر قتل کیس سیشن عدالت منتقل کرنے کے لیے ملزم کی درخواست مسترد کر دی

انڈونیشیا کے ساحل کے قریب 7.7 شدت کا زلزلہ، سونامی کی وارننگ جاری

زلزلے سے آسٹریلیا سرزمین، جزائر یا علاقوں کو سونامی کا کوئی خطرہ نہیں، آسٹریلیا سونامی وارننگ سینٹر

کالعدم ایکشن کمیٹی کا بیانیہ مسترد، سہولت کار بھارت خود کھل کر سامنے آ گیا

بھارتی فوج نے پاکستان مخالف جذبات ابھارنے کیلئے 13 اور 14 اگست کو کیرن سیکٹر میں کالعدم کمیٹی کی ویڈیو چلا دیں

آزاد کشمیر سے متعلق بیانیہ بنانے کا مقصد کشمیر کی آزادی کی تحریک کو نقصان پہنچانا تھا، میجر جنرل (ر) زاہد محمود

مظفر آباد (این این آئی) غیور کشمیریوں کی جانب سے کالعدم ایکشن کمیٹی کا بیانیہ مسترد ہونے پر سہولت کار بھارت خود کھل کر سامنے آ گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق قابض بھارتی فوج نے پاکستان مخالف جذبات ابھارنے کے لیے 13 اور 14 اگست کو کیرن سیکٹر میں کالعدم کمیٹی کی ویڈیو چلا دیں۔ ماہرین کے مطابق کالعدم عوامی ایکشن کمیٹی کا بیانیہ چلانا بھارت کے گٹھ جوڑ کو ثابت کرتا ہے۔ نجی ٹی وی (بقیہ 35 صفحہ 7 پر)

نظام حکومت کو مضبوط بنانے کیلئے 17.55 ارب روپے کا منصوبہ

عوامی خدمات کی فراہمی بہتر کرنے کے لیے 17 ارب 55 کروڑ روپے (6 کروڑ 50 لاکھ ڈالر) کی سرمایہ کاری کا منصوبہ رکھتی ہے

بنیادی ڈھانچے کی ترقی، ادارہ جاتی استعداد میں بہتری، سیلاب سے نمٹنے، منصوبے کے انتظام اور ہنگامی ردعمل سے متعلق اقدامات شامل ہیں

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو مستونگ حملے میں زخمی ہونیوالے پولیس جوانوں کی عیادت کر رہے ہیں

اسلام آباد پولیس تھانوں کو 14 سال بعد نئی گاڑیاں مل گئیں

وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری نے گاڑیوں کی چابیاں اسلام آباد پولیس کے حوالے کیں

وسائل کی فراہمی سے پولیس اپنی ذمہ داریاں بہتر انداز سے ادا کر سکے گی، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے 27 تھانوں کو 14 سال بعد 30 نئی گاڑیاں فراہم کر دی گئیں اس ضمن میں اسلام آباد پولیس کے تھانوں کو نئی گاڑیاں دینے کی تقریب منعقد ہوئی جس میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری نے گاڑیوں کی چابیاں اسلام آباد پولیس کے حوالے کیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ ناکارہ گاڑیوں کے ساتھ جدید پولیسنگ کا تصور ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت کے مطابق پولیس کی ضروریات کو پورا کر کے ہی مطلوبہ نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی گاڑیوں سے پولیس کا رسپانس ٹائم بہتر ہو (بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر)

جشن آزادی، خطرناک ڈرائیونگ کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 3 ہزار سے زائد موٹر سائیکلیں بند

ون ویلنگ اور خطرناک ڈرائیونگ میں ملوث افراد کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدمات بھی درج کیے گئے

لاہور (این این آئی) جشن آزادی کے موقع پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے منچلوں، تیز رفتار ڈرائیورز اور خطرناک کرتب دکھانے والوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کیا گیا۔ جشن آزادی کے دوروز کے دوران ٹریفک پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 ہزار سے زائد موٹر سائیکلیں بند کر دیں جبکہ ون ویلنگ اور خطرناک ڈرائیونگ میں ملوث افراد کے خلاف مختلف تھانوں میں مقدما (بقیہ 39 صفحہ 7 پر)

بلوچستان، مسلح افراد نے گھر میں گھس کر ماں اور بیٹی کو قتل کر دیا

واقعہ کے وقت گھر میں کوئی اور موجود نہیں تھا، ملزمان قتل کے بعد فرار ہو گئے

نوشکی (این این آئی) بلوچستان میں مسلح افراد نے گزشتہ شب گھر میں گھس کر ماں اور بیٹی کو قتل کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ضلع نوشکی کے علاقے کلی مینگل میں جمعہ اور ہفتے کی درمیانی شب نامعلوم مسلح افراد نے ایک گھر میں گھس کر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ماں اور بیٹی جاں بحق (بقیہ 37 صفحہ 7 پر)

غزہ، اسرائیلی حملے میں تباہ عمارت کا منظر

ملتان، چائے کے برتن میں مردہ چھپکلی، 5 افراد فوڈ پوائزننگ کا شکار

ملتان (این این آئی) ملتان میں ایک ہی گھر کے 5 افراد فوڈ پوائزننگ کا شکار ہو کر اسپتال میں داخل ہو گئے۔

کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

آزاد کشمیر 2 حلقوں کے 23 پولنگ اسٹیشنوں پر ری پولنگ، فیصل راٹھور کامیاب

باغ کے حلقہ ایل اے 15 وسطی باغ میں پیپلز پارٹی کے نوجوان امیدوار سردار ضیا القمر نے کامیابی حاصل کی

آزاد کشمیر میں انتخابی عمل مکمل، (ن) لیگ 25 نشستوں کے ساتھ سرفہرست، پیپلز پارٹی 12 کے ساتھ دوسرے نمبر پر موجود

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے 2026ء کے عام انتخابات کا انتخابی عمل باغ کے دو حلقوں کے نتائج کے ساتھ مکمل ہو گیا، باغ کے دونوں حلقوں میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) نے ایک، ایک نشست حاصل کر لی۔ باغ کے نتائج سامنے آنے کے بعد مسلم لیگ (ن) کی (بقیہ 48 صفحہ 7 پر)

امریکا ایران مذاکرات میں ڈیڈ لاک، عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ

برینٹ کی قیمت میں قریباً 6 فیصد، ڈبلیو ٹی آئی میں 5.4 فیصد ہفتہ وار اضافہ متوقع ہے، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) ایران اور امریکا کے درمیان امن مذاکرات میں پیشرفت نہ ہونے اور تیل بردار ٹینکرز پر حملوں کی اطلاعات کے بعد عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ تجارتی سرگرمیوں کے دوران خام تیل کی دونوں اہم اقسام کی قیمتوں میں ایک ڈالر سے زیادہ اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق برینٹ خام تیل کی قیمت 1.45 ڈالر یا 1.67 فیصد اضافے کے بعد 88.52 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئی، جبکہ امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹر (بقیہ 46 صفحہ 7 پر)

شہید حیات نفیس چیک پوسٹ پر کارروائیاں 3 کلو سے زائد منشیات برآمد، تین ملزمان گرفتار

چوکی انچارج عبدالقدوس محمد حسنی کے مطابق پہلی کارروائی کے دوران ملزم شہزاد کے قبضے سے 1039 گرام آئس برآمد کی گئی

حب (نمائندہ بولان) شہید حیات نفیس چیک پوسٹ پر کارروائیاں 3 کلو سے زائد منشیات برآمد، تین ملزمان گرفتار، ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل امام بلوچ اور ایس ایچ او ٹی صمد زہری کی زیر نگرانی سندھ بلوچستان بارڈر پر قائم شہید حیات نفیس چیک پوسٹ کے چوکی انچارج عبدالقدوس محمد حسنی نے اپنی ٹیم ہیڈ کانسٹیبل عبدالرزاق اور دیگر پولیس جوانوں کے ہمراہ منشیات کے خلاف تین اہم کارروائیاں کرتے ہوئے بھاری مقدار میں آئس اور اعلیٰ کوالٹی کی چرس برآمد کر لی (بقیہ 47 صفحہ 7 پر)

شہری کو قتل کرنے والا اشتہاری ملزم دو سال بعد لاہور سے گرفتار

لاہور (این این ائی) کاہنہ پولیس نے فائرنگ کر کے شہری کو قتل کرنے والے اشتہاری ملزم کو دو سال بعد لاہور سے گرفتار کر لیا۔

سول پروسیجر کوڈ میں ترامیم، پنجاب حکومت نے کمیٹی تشکیل دے دی

کمیٹی کی سربراہی ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب رانا شمشاد خان کریں گے

کمیٹی کو ضابطہ سول پروسیجر 1908ء میں مجوزہ ترامیم کے حوالے سے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے انصاف کی فراہمی کا عمل تیز کرنے کے لیے ضابطہ سول پروسیجر 1908ء میں ترامیم کی غرض سے کمیٹی تشکیل دے دی۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب بیرسٹر ظفر اللہ خان کی منظوری کے بعد تشکیل دی گئی، کمیٹی کی سربراہی ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل پنجاب رانا شمشاد خان کریں گے جبکہ کمیٹی کے اراکین میں ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل چوہدری تنویر اختر، اویس احمد قاضی اور (بقیہ 49 صفحہ 7 پر)

سرگودھا، گھر سے لاپتہ دو کمسن بچے پولیس نے تلاش کر کے والدین کے حوالے کر دیئے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں گھر سے لاپتہ دو کمسن بچوں کو پولیس نے مختصر وقت میں تلاش کر کے بحفاظت والدین تک پہنچا دیا۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا میں گھر سے دو کمسن بچوں 11 سالہ ریحان اور 11 (بقیہ 36 صفحہ 7 پر)

منشیات ڈیلر انمول پنکی کی مقدمات سے بریت چیلنج کرنے کا فیصلہ

نہ ملزمہ پر فرد جرم عائد ہوئی ہے اور نہ ہی کسی گواہ کا بیان ریکارڈ کیا گیا ہے، پراسیکیوٹر

کراچی (این این آئی) منشیات ڈیلر انمول عرف پنکی کی 3 مقدمات میں بریت کے فیصلے کو چیلنج کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ اس حوالے سے پراسیکیوشن نے فیصلے کی تصدیق شدہ نقول حاصل کرنے کے لیے باقاعدہ درخواست جمع کروا دی ہے۔ پراسیکیوشن کا مؤقف ہے کہ انمول عرف پنکی کی (بقیہ 50 صفحہ 7 پر)

سیلانی ویلفیئر کے بانی مولانا بشیر فاروق کو ترکیہ میں حادثہ، زخمی ہو گئے

انقرہ/ کراچی (این این آئی) سیلانی ویلفیئر کے بانی مولانا بشیر فاروق ترکیے میں پھسل کر گرنے سے زخمی ہو گئے۔ سیلانی ویلفیئر انٹرنیشنل ٹرسٹ کے بانی اور چیئرمین مولانا بشیر فاروق قادری اپنے دورہ ترکیہ کے دوران سیلانی ہیڈ آفس ترکیہ کے وضو خانہ میں پاؤں پھسلنے کے باعث گر کر زخمی ہو گئے۔ سیلانی ویلفیئر کے مطابق گرنے کی سے مولانا بشیر فاروق قادری کے کاندھے کی ہڈی میں فریکچر ہو گیا ہے، جمعے کی صبح 8 بجے ترکیہ سے کراچی پہنچ گئے،

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے صوبائی مشیر علی ڈار ملاقات کر رہے ہیں

شاہ غلام قادر، چوہدری طارق فاروق آزاد کشمیر کیلئے فیورٹ قرار

پارلیمانی پارٹی نے وزیر اعظم آزاد کشمیر کے انتخاب کا اختیار نواز شریف کو سونپ دیا، قائد ایوان، سپیکر و ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب آئندہ ہفتے مکمل ہونے کا امکان

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کی مخصوص نشستوں کے امیدواروں کے نام بھی پارٹی قیادت کی سطح پر زیر غور آئے

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) نے آزاد کشمیر میں حکومت سازی کیلئے آئندہ کا لائحہ عمل طے کر لیا۔ مری میں میاں نواز شریف کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کے مشاورتی اجلاس میں آزاد کشمیر میں حکومت سازی، وزیر اعظم کے انتخاب اور دیگر اہم عہدوں کے لیے ناموں پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں صدر آزاد کشمیر، وزیر اعظم، اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر سمیت دیگر اہم عہدوں کے لیے امیدواروں کے نام زیر غور آئے۔ پارلیمانی پارٹی نے وزیر اعظم آزاد کشمیر کے انتخاب کا اختیار میاں نواز شریف کو سونپ دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف آئندہ چند روز میں آزاد کشمیر کے قائدِ ایوان کے نا (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر)

کاروں کی فروخت میں جولائی کے دوران 141.28 فیصد اضافہ ریکارڈ

لاہور (این این آئی) رواں مالی سال جولائی کے دوران ملک میں کاروں کی فروخت میں 141.28 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

کراچی: ملیر سے ملی بوریوں میں بند ٹکڑے ہوئی لاش کس کی ہے؟ شناخت نہ ہو سکی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ملیر سے بوریوں میں بند ٹکڑوں میں ملنے والی لاش کی شناخت نہیں ہو سکی

کراچی۔ ایم اے کامل فارماسیوٹیکل (پرائیویٹ) لمیٹڈ میں 14 اگست جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں ڈاکٹر عبید علی اور ان کی اہلیہ ڈاکٹر روحی بانو عبید کیک کاٹ رہے ہیں

گدھا گاڑی مزدوروں کا اسٹاپ پر مبینہ قبضے کے خلاف احتجاج

مظاہرین نے شدید نعرے بازی کرتے ہوئے اسٹاپ کو فوری طور پر قبضہ مافیا سے واگزار کرانے کا مطالبہ کیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) گدھا گاڑی مزدوروں کا اسٹاپ پر مبینہ قبضے کے خلاف احتجاج۔ ٹھٹھہ میں پیپلز گدھا گاڑی مزدور ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام چھوٹو چنڈ میں گدھا گاڑیوں کے اسٹاپ پر مبینہ قبضے اور دکانیں تعمیر کرنے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے شدید نعرے بازی کرتے ہوئے اسٹاپ کو فوری طور پر قبضہ مافیا سے واگزار کرانے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرے کی قیادت صادق بروہی، اکبر شیخ، رحیم بخش جاکھرو، پیر بخش بروہی، منور شیخ، گل حسن ملاح، کارو بروہی، رحیم بخش برو (بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر)

ڈپٹی کمشنر حب نائی ارشد حسین یوم آزادی کے موقع پر نکالی جانیوالی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

نیو بلوچ کالونی حب کے مکین گیس کی سہولت سے یکسر محروم

ڈیڑھ سال قبل پائپ لائن بچھائی گئی ہے لیکن علاقہ مکینوں کو گیس فراہم نہیں کی جا رہی

حب (پ ر) نیو بلوچ کالونی حب کے مکین گیس کی سہولت سے یکسر محروم، ڈیڑھ سال قبل پائپ لائن بچھائی گئی ہے لیکن علاقہ مکینوں کو گیس فراہم نہیں کی جا رہی گیس کمپنی کی زیادتی اور ناانصافی قابل مذمت ہے مکینوں نے احتجاج کا عندیہ دے دیا ان خیالات کا اظہار نیو بلوچ کالونی حب کے نوجوان کامریڈ سکندر خا صخیلی و دیگر علاقہ مکینوں نے سوئی سدرن گیس کمپنی کی ناقص کارکردگی اور نیو بلوچ کالونی (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر)

عالمی و مقامی سطح پر سونا سستا، چاندی کا دام بڑھ گیا

کراچی (این این آئی) عالمی و مقامی سطح پر سونا سستا، جبکہ چاندی کا دام بڑھ گیا۔ آل صرافہ مارکیٹ اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن (بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر)

100، 1500 مالیت والے بانڈز کی قرعہ اندازی 17 اگست کو ہوگی

لاہور (این این آئی) 100 اور 1500 روپے مالیت کے انعامی بانڈز کی قرعہ اندازی 17 اگست بروز پیر کو ہوگی۔

برائلر گوشت کی قیمت میں 14 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت (بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر)

قلعہ عبداللہ، کراچی سے کاروبار کے سلسلے میں گئے افراد کی گاڑی پر فائرنگ، 2 خواتین جاں بحق

جاں بحق اور زخمی افراد کا تعلق کراچی سے ہے، کاروباری معاملات کے سلسلے میں 2 روز قبل تحصیل گلستان آئے تھے، پولیس

قلعہ عبداللہ (این این آئی) قلعہ عبداللہ میں گاڑی پر فائرنگ سے 2 خواتین جاں بحق ہو گئیں۔ پولیس کے مطابق یہ افسوسناک واقعہ قلعہ عبداللہ کے علاقے سگی میں پیش آیا، جہاں گاڑی پر فائرنگ کی گئی۔ پولیس نے بتایا کہ فائرنگ کے نتیجے میں 2 خواتین جاں بحق ہو گئیں، باپ اور بیٹی زخمی ہو گئے، زخمی افراد کو تشویشناک حالت میں ٹراما سینٹر کوئٹہ منتقل کیا گیا ہے جبکہ جاں بحق خواتین کی لاشیں عبدالرحمان زئی ہسپتال منتقل کی گئی ہیں اس حوالے سے پولیس نے بتایا کہ جاں بحق اور زخمی افراد کا تعلق کراچی سے ہے، کاروباری معاملات کے سلسلے میں 2 روز قبل تحصیل گلستان آئے تھے اور گاڑی نہ رکنے پر ایک قبائلی گروہ نے فائرنگ کی (بقیہ 54 صفحہ 7 پر)

بھارت کے یوم آزادی پر مقبوضہ کشمیر میں یوم سیاہ منایا گیا

قابض بھارتی انتظامیہ نے مقبوضہ وادی بالخصوص سری نگر کو مکمل طور پر فوجی چھاؤنی میں تبدیل کر دیا

سرینگر (این این آئی) بھارت کے یوم آزادی پر مقبوضہ کشمیر میں یوم سیاہ منایا گیا۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کی اپیل پر کنٹرول لائن کے دونوں جانب اور دنیا بھر میں بھارتی قبضے کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قابض بھارتی انتظامیہ نے مقبوضہ وادی بالخصوص سری نگر کو (بقیہ 60 صفحہ 7 پر)

گلگت بلتستان میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول 7 روز کیلئے موخر

حکومت کو لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2014 میں مجوزہ ترامیم مکمل کرنے کیلئے مزید 7 روز کی مہلت دے دی گئی

گلگت (این این آئی) الیکشن کمیشن گلگت بلتستان نے بلدیاتی انتخابات کا شیڈول 7 روز کیلئے موخر کر دیا۔ حکومت کو لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2014 میں مجوزہ ترامیم مکمل کرنے کیلئے (بقیہ 59 صفحہ 7 پر)

سودی نظام سے نجات حاصل کیے بغیر معاشی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا

جمعیت کوئٹہ

نوجوان نسل مغربی تہذیب کے بڑھتے ہوئے اثرات سے متاثر ہو کر اپنی دینی اخلاقی اور تہذیبی شناخت سے دور ہوتی جا رہی ہے

نوجوان نسل کو مادر پدر آزاد معاشرت کے بجائے اسلامی تہذیب و تمدن کے دامن سے وابستہ رہنا چاہیے، امیر جے یو آئی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید (بقیہ 58 صفحہ 7 پر)

پارلیمانی سیکرٹری سنجے کمار پنجوانی جشن آزادی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں